کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

ABC CERTIFIED

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | ہفتہ 30 جمادی الاول 1447ھ 22 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 138

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

بلوچستان اسمبلی، صوبے میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کے فوری خاتمے کی قرارداد منظور

ن لیگ کے ارکان یہاں ایوان میں لوڈشیڈنگ ختم کرنے پر باتیں کرنے کی بجائے وفاق میں اپنی حکومت سے فوری بات کریں، زابد علی ریکی

عوامی فلاح و بہبود کی قراردادیں منظور کرکے حکومت کو ارسال کی جاتی ہیں، قراردادوں پر مؤثر عمل درآمد نہ ہونے کے برابر ہے، خواتین ارکان

صوبائی حکومت اسمبلی سے منظور شدہ قراردادوں پر عملدرآمد کی بابت مانیٹرنگ میکانزم قائم کرے، درپیش رکاوٹوں کو دور کیا جائے، حکومت سے سفارش

اسپیکر عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں کلی علیزئی کو سب تحصیل کا درجہ دینے، ٹرانس فیٹس اور ہائیڈروجینیڈ آئلز پر پابندی کی قراردادیں منظور

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان اسمبلی میں گیس لوڈشیڈنگ کے خاتمے، صوبائی اسمبلی سے منظور شدہ قراردادوں پر عملدرآمد کی بابت مانیٹرنگ میکانزم قائم کرنے، کلی علیزئی ضلع پشین کو سب تحصیل کا درجہ دینے اور صنعتی ٹرانس فیٹس پر ملکی اور بین الاقوامی صحت کے معیارات کے مطابق کل چربی کے 2 فیصد سے زائد مقدار رکھنے والی تمام غذاؤں کی پیداوار، فروخت اور استعمال پر پابندی عائد کرنے سے متعلق چار قراردادیں متفقہ طور پر منظور کرلی گئیں۔ بلوچستان اسمبلی کا اجلاس جمعہ کو 40 منٹ کی تاخیر سے اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت شروع ہوا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن اصغر علی ترین نے اپنی قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے تمام اضلاع میں سخت سرد موسم میں گیس لوڈشیڈنگ اور سخت گرم موسم میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے صوبے کے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے اس صورتحال کے پیش نظر متعدد بار جی ایم سوئی سدرن گیس کمپنی اور چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی جانب سے اراکین بلوچستان اسمبلی کو اپنے بریفنگ کے دوران صوبہ کے لوگوں کو گیس اور بجلی کی فراہمی کی بابت یقین دہانیوں کے باوجود حال خاطر خواہ اقدامات نہیں اٹھائے جارہے ہیں جس کی وجہ لوگوں کو۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی طیارے میں فنی خرابی کی اطلاعات تھیں، دفاعی ماہرین

بھارت کو شدید دھچکا لگا ہے، حادثے میں پائلٹ کی غلطی ہوسکتی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دبئی ایئر شو میں بھارتی جنگی طیارے تیجس کے گر کے تباہ ہونے پر پاکستانی دفاعی ماہرین نے تبصرہ کیا ہے، ایئر مارشل (ر) (عاصم سلیمان نے کہا ہے کہ دبئی ایئر شو میں گرنے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی ایئر شو میں بھارتی جنگی طیارے تیجس کے تباہ ہونے کے بعد آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں

دبئی ایئر شو میں بھارتی جنگی طیارہ تیجس گر کر تباہ، پائلٹ ہلاک

طیارہ ایئر شو کے ایروبیٹک اسٹنٹ کے دوران گرا، وجہ جاننے کیلئے پائلٹس کے بارے میں معلومات لی جارہی ہیں

ویڈیو میں طیارے کے فیول ٹینک سے تیل لیک ہوتے دیکھا گیا، حادثے کے بعد ایونٹ روک دیا گیا، رپورٹس

دبئی (م ڈ) دبئی میں ایئر شو کے دوران بھارت کا جنگی طیارہ تیجس گر کر تباہ ہوگیا جس کے نتیجے میں پائلٹ بھی ہلاک ہوگیا۔ بھارتی ایئر فورس نے دبئی ایئر شو کے دوران مقامی طور پر تیار ہونے والے لڑاکا طیارے تیجس کے گر کر تباہ ہونے کی تصدیق کی ہے۔ بھارتی ایئر فورس کی جانب سے حادثے میں پائلٹ کے ہلاک ہونے کی بھی تصدیق کردی گئی ہے۔ امریکی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارتی طیارہ دبئی ایئر شو میں مظاہرے کے دوران گرا، حادثہ 2 بجکر 10 منٹ پر پیش آیا اور طیارہ دبئی ایئر شو کے ایروبیٹک اسٹنٹ کے دوران گرا، بھارتی میڈیا کا بتانا ہے کہ دبئی ایئر شو کے دوران یہ حادثہ 2 بجکر 10 منٹ پر پیش آیا اور طیارہ دبئی ایئر شو کے ایروبیٹک اسٹنٹ کے دوران گرا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گرنے والے طیارے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

اپوزیشن رہنما سلمان اکرم راجہ، محمود خان اچکزئی، مصطفیٰ نواز کھوکھر و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

فیصل آباد، کیمیکل فیکٹری دھماکہ، جاں بحق افراد کی تعداد 20 ہوگئی

دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ فیکٹری زمین بوس ہوگئی، ملحقہ مکانوں کی چھتیں بھی گر گئیں، 18 لاشیں نکال لیں، ریسکیو حکام

دو زخمی ہسپتال میں دم توڑ گئے، دھماکہ گیس پائپ لائن پھٹنے سے ہوا، تحقیقات کیلئے پانچ رکنی کمیٹی قائم کی جارہی ہے، کمشنر

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد کے علاقے ملک پور میں کیمیکل فیکٹری میں گیس لیکیج کے باعث دھماکے سے ہلاکتوں کی تعداد 20 ہوگئی نیوز کے مطابق ملک پور میں واقع فیکٹری میں ہونے والا دھماکہ اس قدر شدید تھا کہ فیکٹری زمین بوس ہوگئی اور اس میں آگ لگ گئی جب کہ ملحقہ مکانوں کی چھتیں گر گئیں۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ واقعے کی اطلاع ملتے ہی امدادی کارروائیاں شروع کردیں، اب تک 18 افراد۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی زیر صدارت اجلاس میں صوبائی وزراء میر شعیب نوشیروانی، عاصم کرد گیلو، پارلیمانی سیکرٹریز و دیگر قراردادوں پر اظہار خیال کر رہے ہیں

2018 کے حالات کے ذمہ دار سابق آرمی چیف جنرل ریٹائرڈ قمر جاوید باجوہ ہیں، میں تو کہتا ہوں ان کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے، وزیر دفاع

افغانستان سے سرحدی خلاف ورزیاں جاری، بھارت کے ساتھ اب بھی جنگ کا خطرہ موجود ہے، خواجہ آصف

بھارت کے خلاف ہماری فتح کی سرٹیفکیشن امریکا دے رہا ہے، پر کسی وار کبھی ختم نہیں ہوئی، معرکہ حق میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا، امریکی صدر نے مداخلت کرکے جنگ بند کرائی

27 ویں ترمیم کے بعد ملک کے نظام میں کافی بہتری آئیگی، منظوری سے پہلے کچھ چیزیں مشاورت کے بعد ڈراپ کی گئیں، 28 ویں ترمیم کیلئے بھی بشمول اپوزیشن سب سیاسی جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا

ملک میں ایک مضبوط بلدیاتی نظام ہونا چاہیے، بیرونی قرضوں کی واپسی اور دفاع کے بجٹ میں صوبوں کو بھی کچھ بوجھ اٹھانا چاہیے، قیام امن میں حائل بڑی رکاوٹ بھارت کا افغان رجیم پر پڑنیوالا اثر ہے

خواتین کی بے حرمتی کے کسی بھی اقدام کی حمایت نہیں کروں گا، جتنا مرضی اختلاف ہو خواتین کا احترام قائم رکھنا چاہیے، پی ٹی آئی نے اپنے دور میں لوگوں کے ساتھ جو کچھ کیا وہ سب کے سامنے ہے، گفتگو

اسلام آباد (م ڈ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ بھارت کے ساتھ اب بھی جنگ کا خطرہ ہے خواجہ آصف کا کہنا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (آئی این پی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 2018 کے حالات کے ذمہ دار جنرل ریٹائرڈ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتے، پاکستان

افغانستان نے پاکستان کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان کے پاس تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں

پاکستان نے ہمیشہ سیکیورٹی اور تجارت کو الگ رکھنے کی کوشش کی مگر افغانستان سے پاکستان پر مسلسل حملے ہورہے ہیں

ابھی تک ایران کی جانب سے پاکستان افغان طالبان تنازع میں ثالثی پر عملی دعوت نامہ موصول نہیں ہوا، دفتر خارجہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کی معاونت ختم نہ ہونے تک افغانستان کے ساتھ تجارت بند رہے گی، پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، افغانستان نے پاکستان کے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

دبئی ایئر شو کے آخری روز بھی جے ایف-17 تھنڈر توجہ کا مرکز رہا

شو کے اختتام پر بھی پاکستان فضائیہ کے طیاروں کے اطراف لوگوں کا رش رہا

دبئی (م ڈ) دبئی میں پانچ روزہ ایئر شو کا اختتام ہوگیا، آخری روز بھی پاکستانی جے ایف 17 تھنڈر طیارے توجہ کا مرکز بنے رہے۔ دبئی ایئر شو کے آخری روز بھی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر پختونخوا، سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں، 13 خوارج ہلاک

"عزم استحکام" کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں تیز، بھارت کے حمایت یافتہ خوارج کا خاتمہ جاری

دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کو ختم کرنے کیلئے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (زاہد احمد خان) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں دہشت گردوں کے خلاف آپریشنز جاری رکھتے ہوئے 13 خوارج دہشت گردوں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الخوارج کے زیر استعمال خطرناک امریکی ہتھیار پہلی بار منظر عام پر

ہتھیار سیکیورٹی فورسز کی پچھلے کچھ عرصے میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران پکڑے گئے

چھوڑے گئے ہتھیاروں سے فتنہ الخوارج پاک افواج کو رات کے وقت بھی نشانہ بنا سکتے ہیں، حکام

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں سے فوجی کارروائیوں کے دوران پکڑے جانے والے فتنہ الخوارج کے زیر استعمال امریکی ہتھیار پہلی بار منظر عام پر آگئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق یہ ہتھیار پاک فوج اور سیکیورٹی فورسز کی پچھلے کچھ عرصے میں کی جانے والی کارروائیوں کے دوران پکڑے گئے، امریکی ہتھیاروں پر واضح طور پر لکھا ہوا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

روس یوکرین تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، پاکستان

مذاکرات اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کے حامی ہیں

بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے، پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار کا خطاب

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ پاکستان ڈائیلاگ اور سفارت کاری کے ذریعے تنازعات کے حل کا حامی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کلائمیٹ چینج کو تعلیمی نصاب کا حصہ بنانا ناگزیر ہوچکا، گورنر بلوچستان

موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے حکومت، اقوام متحدہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کے درمیان باہمی تعاون کی کوششیں ضروری ہیں

صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اقوام متحدہ اور دیگر تمام عالمی اداروں کی ڈونر کانفرنس کا انعقاد کر رہے ہیں، جعفر خان مندوخیل

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہم اقوام متحدہ کے ذیلی اداروں اور دیگر تمام بین الاقوامی اداروں کی ایک شاندار "ڈونر کانفرنس" کا انعقاد کر رہے ہیں جسکا مقصد بلوچستان کے پسماندہ ترین اضلاع اور شہری۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سکیورٹی خدشات: کوئٹہ کیلئے ٹرین سروس جزوی طور پر معطل

جعفر ایکسپریس اور بولان میل کو جیکب آباد میں روک دیا گیا، ریلوے حکام

کوئٹہ (این این آئی) سیکورٹی خدشات پر کوئٹہ کے لیے ٹرین سروس جزوی طور پر معطل کردی گئی ہے۔ جعفر ایکسپریس اور بولان میل کو جیکب آباد میں روک دیا گیا ہے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

رحیم یار خان، آئل ٹینکر میں آگ لگنے سے ویلڈر سمیت 4 افراد جھلس کر جاں بحق

رحیم یار خان (بیورو رپورٹ) رحیم یار خان کی قومی شاہراہ پر مسلم چوک کے قریب آئل ٹینکر میں آگ لگنے کے نتیجے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن قوانین کی خلاف ورزی پر طلال چوہدری پر جرمانہ، اویس لغاری کو نوٹس

دونوں وزراء کو 21 نومبر کو وضاحت پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، ترجمان الیکشن کمشنر

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری پر الیکشن قوانین کی خلاف ورزی پر 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کردیا گیا جبکہ وفاقی وزیر توانائی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

سہیل آفریدی کا بانی سے ملاقات نہ ہونے پر مریم نواز کو خط

عمران خان کی بہنوں کے ساتھ ناروا سلوک پر شدید تحفظات کا اظہار

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی سے اڈیالہ جیل میں ملاقات نہ کروانے پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو باضابطہ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

آئین پر حملہ آوروں کو آئی ایم ایف نے بھی چور کہہ دیا، محمود خان اچکزئی

عوامی مینڈیٹ پر ڈاکہ، اقلیتی نشستوں کو چھین کر حکومت پر قابض ہونے والوں نے پارلیمنٹ کو بھی اپاہج بنادیا

ہم کسی سے بھی لڑنا نہیں چاہتے، یہ ہمارا ملک ہے ہم ظالموں، چوروں، غاصبوں کو پاکستان میں نہیں چھوڑینگے

عوام بھوکے مر رہے ہیں، یہاں ایک ایک ووٹ 90 کروڑ میں خریدا گیا، اسلام آباد میں میڈیا سے بات چیت

اسلام آباد/کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ محمود خان اچکزئی نے گزشتہ روز 21 نومبر کو یوم سیاہ کے موقع پر شاہ فیصل مسجد کے باہر علامہ راجہ ناصر عباس، سلمان اکرم راجہ، مصطفیٰ نواز کھوکھر، اخونزادہ حسین و دیگر کے ہمراہ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ آئین پر حملہ آوروں کو آئی ایم ایف نے بھی چوروں کی حکومت کہہ دیا۔ کل تک ہم پر الزامات لگائے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

فیصل آباد، کیمیکل فیکٹری میں دھماکے کے بعد تباہی کا منظر

بنگلہ دیش میں 5.7 شدت کا زلزلہ، 5 افراد ہلاک، 100 زخمی

ڈھاکا (م ڈ) بنگلادیش میں 5.7 شدت کے خوفناک زلزلے کے نتیجے میں 5 افراد ہلاک، 100 زخمی ہوگئے جبکہ کئی عمارتوں کو بھی نقصان پہنچا ہے۔ بنگلادیشی محکمہ موسمیات کے مطابق جمعہ کی صبح 5.7 شدت۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے ڈاکٹر سعید نعمان اور محمد اسماعیل ملاقات کررہے ہیں

بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے پیشکش ہوئی ہے، شیر افضل مروت

علی امین گنڈاپور بااختیار وزیراعلیٰ رہے جس کی انہوں نے قیمت ادا کی

پی ٹی آئی کو بے اختیار وزیراعلیٰ بزدار جیسے لوگ سوٹ کرتے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ میری اطلاعات ہیں کہ بشریٰ بی بی کی رہائی کیلئے پیشکش ہوئی ہے۔ انٹرویو۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

بھارتی فضائیہ کے منع کرنے کے باوجود تیجس طیارہ دبئی ایئر شو میں لایا گیا

ریچ اور مینٹی ننس پر مستقل عدم اطمینان ظاہر کیا مگر مودی سرکار نے بات نہیں مانی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دبئی ایئر شو میں تباہ جنگی طیارے تیجس کو بھارتی فضائیہ نے نقائص کے سبب شو میں لانے سے منع کیا تھا مگر سیاسی دباؤ کے باعث بات نہیں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

چاند نظر نہیں آیا، یکم جمادی الثانی اتوار کو ہوگی

لاہور (بیورو رپورٹ) ملک میں جمادی الثانی 1447ھ کا چاند نظر نہیں آیا، یکم جمادی الثانی اتوار 23 نومبر کو ہوگی۔ مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت لاہور میں ہوا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پی آئی اے کا ایک اور فضائی میزبان کینیڈا میں مبینہ طور پر غائب

آصف نجم نے ٹورنٹو سے لاہور آنے والی پرواز پر رپورٹ نہیں کیا، حکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی آئی اے ملازمین کا بیرون ملک فلائٹس پر سلپ ہونے کا سلسلہ جاری، لاہور سے کینیڈا کی فلائٹ کے فضائی میزبان آصف نجم مبینہ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

لیکشن کمیشن میں وزیراعلیٰ کے پی کیخلاف سماعت، سہیل آفریدی پیش نہ ہوئے

کمیشن ایک شخص کو ذاتی حیثیت میں بلاسکتا ہے، وزیراعلیٰ نے وضاحت دینی ہے، ڈی جی لاء

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی این اے 96 ہری پور میں ضمنی الیکشن میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر الیکشن کمیشن کے سامنے پیش نہیں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ملکی معاشی ترقی، آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں، شہباز شریف

پاکستانی کاروباری برادری نے مشکل وقت میں حکومتی پالیسیوں کا ساتھ دیا اور ملک کو معاشی بحرانوں سے نکالنے میں معاونت کی

وزیراعظم کی زیر صدارت ملکی صنعتی ترقی پر قائم نجی شعبے کی کمیٹی کا پہلا جائزہ اجلاس، صنعتی ترقی بارے سفارشات پیش، وزیراعظم کا خیر مقدم

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی معاشی ترقی، روزگار کی فراہمی اور آمدن میں اضافہ صنعتی ترقی کے بغیر ممکن نہیں، کاروبار میں آسانی اور سرمایہ کاری میں اضافے کیلئے اقدامات حکومت کی اولین ترجیح ہیں۔ وزیراعظم۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: موبائل انٹرنیٹ سروس 1 روز کی بندش کے بعد بحال

سروس کو امن و امان کی صورتحال کے باعث معطل رہی، صارفین کو مشکلات

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں معطل کی گئی موبائل انٹرنیٹ سروس بحال کردی گئی سروس کو امن و امان کی صورتحال کے باعث ایک روز کے لیے معطل رہی۔ تفصیلات۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پنجاب شوگر ملز میں کرشنگ شروع، چینی کی قیمت میں کمی کا امکان

کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہو سکے گا

لاہور (بیورو رپورٹ) پنجاب کی تمام 41 شوگر ملز نے کرشنگ کا آغاز کردیا۔ ذرائع کین کمشنر کے مطابق شوگر ملوں کی جانب سے کرشنگ کے آغاز کے بعد چینی۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

آئینی عدالت کا قیام سنگ میل، بنیادی حقوق کا تحفظ ترجیح، جسٹس امین الدین

آئین کی تشریح شفافیت، آزادی اور دیانت سے کی جائے گی، عدالت کو نہایت اہم اور نازک فریضہ سونپا گیا ہے

ہمارے سامنے آنے والا ہر معاملہ انصاف کے اصولوں اور عدالتی وقار کے ساتھ نمٹایا جائے گا، پیغام

اسلام آباد (شاکر رحمان) وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان نے کہا ہے کہ بنیادی حقوق کا تحفظ آئینی عدالت کی ترجیح ہے، آئین کی تشریح شفافیت، آزادی اور دیانت سے کی جائے گی۔ چیف جسٹس امین الدین خان نے آئینی عدالت کے قیام۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

ججز کا سپریم کورٹ میں درخواست دائر کرنا سمجھ سے بالاتر، بیرسٹر عقیل

آئینی عدالت کے قیام کے بعد کیسز آئینی عدالت ہی سننے کی مجاز ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت برائے قانون بیرسٹر عقیل ملک کا کہنا ہے کہ 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف ججز نے سپریم کورٹ میں درخواست دائر۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

سپیکر عبدالخالق اچکزئی کی رولنگ کی روشنی میں کمشنر کوئٹہ اراکین اسمبلی کو تعمیراتی کاموں پر بریفنگ دے رہے ہیں

صوبوں میں وسائل کی تقسیم، قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس طلب

چیئرمین کمیشن وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی صدارت میں 3 نکاتی ایجنڈے پر غور ہوگا

اجلاس میں چاروں صوبوں کے وزرائے خزانہ سمیت دیگر ارکان شریک ہوں گے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی حکومت نے قومی وسائل کی صوبوں میں تقسیم کا نیا فارمولا طے کرنے کے لیے گیارہویں قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس طلب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں امن کمیٹی کے دفتر پر دہشتگردوں کا حملہ، 7 افراد جاں بحق

دہشتگردوں نے ہوید کے علاقے میں رات کے وقت امن کمیٹی کے دفتر پر حملہ کیا، صدر وزیراعظم کا اظہار افسوس

فتنہ الخوارج کی بزدلانہ کارروائیاں پاکستان میں بے امنی کے ناپاک عزائم بے نقاب کرتی ہیں، اعلامیہ

پشاور (بیورو رپورٹ) بنوں میں امن کمیٹی کے دفتر پر دہشتگردوں کے حملے میں 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق دہشتگردوں نے ہوید کے علاقے میں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

شدید سردی میں گیس کی عدم فراہمی عوام کیساتھ ظلم ہے، علی مدد جتک

سوئی سدرن گیس کمپنی کا بلوچستان خصوصاً کوئٹہ کے ساتھ رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، جو کسی صورت برداشت کے قابل نہیں

قلات اور زیارت میں قیمتی صنوبر کے جنگلات بے دردی سے کاٹے جارہے ہیں، گیس کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی، خطاب

کوئٹہ (خ ن) گیس پریشر میں کمی اور لوڈشیڈنگ پر علی مدد جتک کا اظہار تشویش، گیس کمپنی سے فوری اصلاح احوال کا مطالبہ کردیا، بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی حاجی علی مدد جتک نے اپنے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

تجاوزات بن رہی تھیں، قبضہ ہو رہا تھا اور ریلوے غافل تھا، جسٹس حسن

اراضی پر تجاوزات و قبضہ کے ذمہ داران آفیشل کیخلاف ریلوے نے کیا کارروائی کی؟

تجاوزات کیس میں وفاقی آئینی عدالت کے معزز جسٹس کے ریمارکس و استفسار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ریلوے اراضی پر تجاوزات کیس میں وفاقی آئینی عدالت کے جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیے کہ تجاوزات بن رہی تھیں،۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے الیکشن کمیشن کی طلبی کیخلاف پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کرلیا

پشاور (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے الیکشن کمیشن کی جانب سے طلب کیے جانے کے خلاف پشاور ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔ پشاور ہائی کورٹ میں دائر کی جانے والی درخواست میں موقف اختیار۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

27 ویں آئینی ترمیم کیخلاف درخواستوں کی سماعت فل بینچ کریگا

لاہور ہائیکورٹ نے درخواستوں کی سماعت کے لیے بینچ تشکیل دے دیا

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور ہائیکورٹ نے 27 ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں کی سماعت کے لیے فل بینچ تشکیل دے دیا ہے۔ جسٹس چوہدری محمد اقبال نے 27 ویں آئینی ترمیم 2025 کے خلاف دائر درخواستوں پر سماعت کی۔ عدالت نے۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر پورٹ اتھارٹی اور چینی کمپنی کے مابین 40 سالہ معاہدہ

گوادر بندرگاہ و فری زون کی ترقی، آمدن کی تقسیم اور مقامی روزگار کے اصول طے

گوادر (یو این اے) گوادر پورٹ اتھارٹی اور چائنا اوورسیز پورٹس۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے مولانا فضل الرحمان کو دھوکا دیا، فواد چوہدری

بانی پی ٹی آئی اور ان کی پارٹی تنہا ہوگئی، بیچ میں کوئی بات کرانے والا نہیں

مولانا، پیر پگارا اور حافظ نعیم جیسے لوگوں کا فرض ہے، ملک کو بحران سے نکالیں، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی لیڈر شپ نے مولانا فضل الرحمان کو دھوکا دیا اور بانی پی ٹی آئی تک مولانا فضل الرحمان سے متعلق غلط معلومات پہنچائی گئیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

اوورسیز پاکستانی گاڑی کی خرید و فروخت پر بائیومیٹرک گھر بیٹھے کروا سکیں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اوورسیز پاکستانیوں کے لئے گاڑی کی خریداری اور ٹرانسفر پر بڑی سہولت متعارف کروادی گئی، اب گاڑی کی خرید و فروخت پر بائیو میٹرک گھر بیٹھے پاک آئی ڈی ایپ کے ذریعے کرواسکیں گے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایکسائز حکام نے بتایا ہے کہ نادرا کی پاک آئی ڈی ایپ میں۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

امریکا نے ایران پر مزید پابندیاں عائد کردیں

ایرانی حکومت کی آمدنی کو روکنا انتہائی ضروری ہے، امریکی وزیر خزانہ

واشنگٹن (م ڈ) امریکی وزارت خزانہ کے ذیلی ادارے آفس آف فارن ایسٹس کنٹرول (او ایف اے سی) نے خام تیل کی فروخت کے ذریعے ایرانی مسلح افواج کی مالی معاونت کرنے والی کمپنیوں کے ایک نیٹ ورک اور شپنگ کے بروکروں پر پابندیاں عائد۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ہفتہ وار مہنگائی میں اضافہ، بیف، گوشت، گھی، آٹا، ایل پی جی، دال، سوکھی لکڑی کی قیمتیں بڑھ گئیں

گزشتہ ہفتے 16 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، لہسن اور چینی کی قیمتوں میں بالترتیب 2.6 اور 2.23 فیصد اضافہ ریکارڈ

13 اشیاء کی قیمتیں کم 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں، پیاز کی قیمت میں 12.38 فیصد اور چکن کی قیمت میں 8.08 فیصد کمی دیکھنے میں آئی

اسلام آباد (شاکر رحمان) ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں 0.07 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد مجموعی سالانہ مہنگائی کی شرح 3.53 فیصد ہوگئی ہے۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق گزشتہ ہفتے 16 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا، جن میں سب۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ریٹرننگ آفیسر محمد انور کاکڑ بلدیاتی انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں میر دانس بڑیچ، فہد عزیز مری و دیگر کے کاغذات کی جانچ پڑتال کر رہے ہیں

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

جامعہ کی ترقی مؤثر گورننس معیاری تدریسی عمل سے مشروط ہے، ڈاکٹر ظہور احمد بازئی

اکیڈمک کونسل کے 96 ویں اجلاس کے شرکا سے وائس چانسلر جامعہ بلوچستان کا خطاب

غلام رزاق شاہوانی، ایڈیشنل سیکریٹری کالجز جہانزیب مندوخیل، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج کی اجلاس میں شرکت

کوئٹہ (خ ن) جامعہ بلوچستان کا 96 واں اکیڈمک کونسل اجلاس جامعہ کے سینڈیکیٹ ہال میں منعقد ہوا، جس کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے کی۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، ایڈیشنل سیکریٹری کالجز و ہائر اینڈ ٹیکنیکل ایجوکیشن حکومت بلوچستان جناب جہانزیب مندوخیل، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، کنٹرولر امتحانات، پرنسپل یونیورسٹی لا کالج، ڈینز، ڈائریکٹرز، سربراہان شعبہ جات اور دیگر ممبران نے شرکت کی۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جامعہ بلوچستان کی ترقی اور ادارہ جاتی بہتری مؤثر گورننس، شفاف فیصلوں اور معیاری تدریسی عمل سے مشروط ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعہ میں تعلیمی و انتظامی عمل کو بین الاقوامی معیار سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے، اور اس سلسلے میں تمام شعبہ جات اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کی سہولت، ان کی علمی ترقی اور بروقت ڈگریوں کا اجرا جامعہ کی بنیادی ترجیحات میں شامل ہے۔ فیکلٹی اور انتظامی عملہ باہمی تعاون کو مضبوط بناتے ہوئے ایک مثبت اور تحقیقی ماحول قائم کریں تاکہ جامعہ کا تعلیمی معیار مزید بہتر ہو۔ اجلاس کے دوران جامعہ کے تعلیمی و انتظامی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ادارے کی بہتری، طلبہ کی فلاح اور شفافیت کے فروغ کے لیے اہم فیصلے کیے گئے۔

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سریاب گرڈ اسٹیشن پاور ٹرانسفارمر کی مرمت کیلئے آج بجلی بند رہے گی، کیسکو

ریلوے کے محنت کش شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں

ترقی، محفوظ سفر اور مستحکم نظام براہ راست مزدور کی فلاح و بہبود سے جڑا ہوا ہے، اس لیے ان کے بنیادی اور آئینی حقوق کی بحالی ناگزیر ہے۔

عصری، دینی علوم متوازن اور باکردار انسان تیار کرتے ہیں، حکمت اللہ کاکڑ

میر حمزہ محمد حسنی اور ان کی کابینہ کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، خان زمان

ہزار گنجی میں گیس پریشر کی بحالی پر گیس کمپنی کے حکام کے مشکور ہیں، تاج محمد بڑیچ

سادہ غذا، ورزش، بلڈ پریشر، بلڈ شوگر کا خیال رکھ کر امراض قلب سے بچا جا سکتا ہے، ڈاکٹر جلال الدین

کوئٹہ، پاکستان کارڈیک سوسائٹی کے کنوینر پروفیسر ڈاکٹر جلال الدین اچکزئی، پروفیسر عابد امین، پروفیسر نصرت آرا، پروفیسر ڈاکٹر شہباز قریشی ودیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مرد و خواتین اور نوجوان شریک ہیں ذمہ داران نے کہا کہ عوام دشمن قوتوں کی زیادتیوں ناانصافیوں و سازشوں کے خلاف قوم منظم و متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ اجتماع میں دنیا بھر کے اسلامی تحریکوں کے قائدین شرکت کریں گے اجتماع میں آج پاکستان کے لاکھوں نوجوانوں کیلئے یوتھ سیشن، خواتین کیلئے الگ خواتین کانفرنس، عالمی سیشن کا انعقاد کیا جائیگا

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا حکم، گرلز ہائی اسکول لورالائی کینٹ کو بس فراہم کر دی گئی

چار گھنٹے قبل پرنسپل نے طالبات کی مشکلات کا ذکر کیا تھا، کمشنر ولی محمد بڑیچ نے بس پرنسپل کے حوالے کردی

اس موقع پر ڈویژنل ڈائریکٹر محمد سلیم زرکون، اسسٹنٹ ڈائریکٹر خدا بخش بزدار، اساتذہ اور طالبات بڑی تعداد میں موجود تھیں

کوئٹہ (پ ر) گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول کینٹ لورالائی کو فراہم کردہ اسکول بس کی حوالگی کی تقریب کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے انجام دی۔ تقریب میں ڈویژنل ڈائریکٹر ایجوکیشن محمد سلیم زرکون، اسسٹنٹ ڈائریکٹر خدا بخش بزدار، اسکول کی پرنسپل، اساتذہ اور طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بس کی فراہمی کا فیصلہ گرینڈ جرگہ کے دوران اس وقت کیا گیا جب اسکول پرنسپل نے طالبات کو درپیش سفری مشکلات کا ذکر کیا۔ وزیر اعلیٰ نے فوری نوٹس لیتے ہوئے صرف چار گھنٹوں میں بس کی منظوری دے کر محکمہ تعلیم کے حوالے کر دی۔ تقریب سے خطاب میں کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ نے وزیر اعلیٰ کے اس بروقت اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ سہولت نہ صرف طالبات کی حاضری بہتر بنائے گی بلکہ تعلیمی سفر کو بھی آسان اور محفوظ بنائے گی۔ والدین، اساتذہ اور مقامی افراد نے بھی اس فیصلے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے عملی اقدامات سے بلوچستان میں تعلیم کو فروغ ملے گا اور عوام کا اعتماد بحال ہوگا۔

سریاب گیس پریشر میں کمی سے انسانی زندگیوں کو خطرات لاحق ہیں، علاقہ مکین

سریاب کوئٹہ مستونگ دشت میں کم گیس پریشر، اور رات کی لوڈ شیڈنگ اور بیلنگ ختم کی جائے

سیاسی پارٹیوں اور عوام کیساتھ مل کر کوئٹہ سریاب دشت مستونگ روڈ پر پہیہ جام ہڑتال کی جائے گی، عالم جان ہنگورزئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) سریاب کے سیاسی و سماجی رہنماؤں علاقہ مکینوں عالم جان ہنگورزئی، اسرار رئیسانی، یوسف وقار شاہوانی ودیگر نے سوئی سدرن گیس کمپنی کیخلاف شکایت درج کرتے ہوئے بتایا ہے کہ سریاب کوئٹہ مستونگ دشت میں گیس کی عدم پریشر، اور رات 10 بجے کی لوڈ شیڈنگ اور زبلز سے عوام کو درپیش مشکلات کو سامنا ہے گیس پریشر نہ ہونے کیوجہ سے شدید سردی میں گھریلو صارفین کو امور خانہ داری میں کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے عالم جان ہنگورزئی نے کہا کہ سردیوں کی آمد پر گیس پریشر میں نمایاں کمی سے عوامی زندگیاں شدید اجیرن ہوئی ہے شدید سردی کی موسم میں رات 10 بجے گھروں میں گیس کی عدم دستیابی اور شدید ٹھنڈ سے بچے بوڑھے مختلف قسم کے بیماریوں میں تیزی سے مبتلا ہوتے جارہے ہیں گیس کی عدم سہولیات سے عوام نقل مکانی کرنے پر مجبور ہوچکے گیس انتظامیہ اور موجودہ حکومت سے اپیل کی ہے کہ رات 10 بجے کی لوڈ شیڈنگ ختم کرکے صارفین کو پریشر کیساتھ گیس مہیا کریں تاکہ وہ کسی پریشانی کے بغیر امور خانہ داری سرانجام دے سکیں بلوچستان کے عوام گیس سے محروم ہیں حق تو بنتا ہے کہ بلوچستان کے عوام گیس سے مستفید ہوسکیں لیکن بلوچستان کے عوام کو گیس جیسی ضرورت سے محروم کیا جارہا ہے اور پنجاب کے فیکٹریوں کو بلوچستان کی گیس نکالا جارہا ہے بلوچستان کے عوام کیساتھ ظلم کی انتہا ہے اگر گیس انتظامیہ اور موجودہ حکومت گیس لوڈ شیڈنگ پریشر اور بلز پر توجہ نہیں دی اور سردی میں گیس کا مسئلہ حل نہیں کیا تو عوام سیاسی قوم پرست پارٹیوں اور سریاب کوئٹہ دشت مستونگ کے عوام کیساتھ مل کر کوئٹہ سریاب دشت مستونگ پہیہ جام ہڑتال کریں گے جس کی تمام تر ذمہ داری گیس انتظامیہ اور حکومت پر عائد ہوگی۔

تین سالہ مدت مکمل، انجمن تاجران بلوچستان (ر) کی کابینہ تحلیل کر دی گئی

جمعیت (س) کے مرکزی امیر مولانا عبدالحق ثانی کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت (س) کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا محمد شفیق دولتزئی نے کہا ہے کہ جمعیت (س) کے مرکزی امیر مولانا عبدالحق ثانی حقانی وفد کے ہمراہ بلوچستان کے تفصیلی دورہ کر

بلدیاتی انتخابات عوامی مسائل کے حل کی طرف اہم پیش رفت ہوں گے

سید نجیب الدین آغا سابق ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ انتقال کر گئے

عبدالاحد، سید نجیب الدین کے چچا اور پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی سندھ کے صوبائی صدر صدیق آغا اور سید عبدالواحد کے چچازاد بھائی تھے مرحوم کا جنازہ کل رات 7:30 بجے کلی ملیزی سیدان تو حصار کے قبرستان میں ادا کی گئی، اور فاتحہ خوانی آج سے کلی ملیزی سیدان کے جامع مسجد میں ہوگا۔

مشرق سروے کی رپورٹ پر ہزار گنجی میں گیس پریشر بحال

محمود زہری حافظ ابراہیم محمد حسنی تکری حمزہ محمد حسنی حاجی عبدالستار نورزئی اور دیگر بروز سوموار کو 10 بجے آفیسروں کے شکریہ ادا کرنے دفتر جائینگے، انہوں نے بتایا کہ جب افسران ہماری آواز بروقت سنتے ہیں اور مسائل حل کریں تو احتجاج کی نوبت بھی نہیں آتی پڑ یگی۔

انھایا اس کے علاوہ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام سے ملاقات کی جس کے نتیجے میں ہزار گنجی کا گیس پریشر فی الوقت مکمل طور پر بحال کر دیا گیا ہے۔ تاجر اتحاد بلوچستان نے روزنامہ مشرق اخبار سروے ٹیم کا شکریہ ادا کیا ہے جبکہ انہوں نے بتایا کہ گیس پریشر برابر ہونے پر حاجی تاج، عبدالخالق ذاکر میر محمود اللہ سمالانی کمانڈر

محمد سہیل اشرف کی والدہ انتقال کر گئیں

D15 یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ میں لی جائے گی دریں اثناء شجاعت حسین، وجاہت حسین، شاہدان حسین، پرویز اور احسان اللہ نے مشترکہ بیان میں محمد سہیل اشرف سے ان کی والدہ کی وفات پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں جگہ اور پسماندگان کو صبر و جمیل عطا کریں۔

کی خدمت، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور نوجوانوں کیلئے بہتر مواقع پیدا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وارڈ 03 کے عوام برسوں سے پانی، نکاس آب، خستہ حال سڑکوں، صفائی کے ناقص نظام اور صحت و تعلیم کی سہولیات کے فقدان جیسے مسائل سے دوچار ہیں۔ اگر عوام نے اعتماد کیا تو میں پہلی ترجیح کے طور پر ان مسائل کے حل کے لیے مربوط اور شفاف حکمت عملی دیں۔ انہوں نے کہا کہ میرا وعدہ سیاست نہیں، خدمت ہے۔ میری ترجیح نعرہ بازی نہیں بلکہ عملی اقدامات ہیں۔ عوام کے مسائل میرے مسائل ہیں اور ان کے حقوق کی جدوجہد میری ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام سے پرزور اپیل کی کہ آنے والے انتخابات میں انہیں ووٹ دے کر علاقے کی ترقی، شفافیت، انصاف اور حقیقی عوامی نمائندگی کے سفر کو مضبوط بنائیں۔

نیو ہزارہ ٹاؤن مری کالونی میں ڈکیتی کی مذمت کرتے ہیں، عوض علی

6006 دنوں سے جبری گمشدگیوں کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں، نصراللہ بلوچ

قانونی کارروائی کے لیے اہل خانہ مکمل ثبوت لیکر کیمپ آئیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان میں جبری گمشدگیوں کے خلاف وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے قائم احتجاجی کیمپ تنظیم کے چیئرمین نصراللہ بلوچ کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے 6006 ویں روز جاری رہا۔ مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے احتجاجی کیمپ کا دورہ کیا اور اظہار یکجہتی کی۔ وائس فار بلوچ مسنگ پرسنز کے چیئرمین نصراللہ بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ لاپتہ افراد کے اہل خانہ اپنے لاپتہ پیاروں کی تفصیلات تنظیم کو فراہم کریں۔

TENDER NOTICE

TSE-252611913113 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER (Building), City QUETTA CWPP&H invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000 PKR and Bid Security 4%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	RENOVATION OF GIRLS' GUIDE AND CONSTRUCTION/REVAMPING OF PARDAH CLUB AT ANSCOMB ROAD, QUETTA	19,800,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 13,860,000 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 4 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 2,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 09 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 09 December, 2025till 09:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 10:00 AM Address: whyte Road Quetta Phone no: 0819203188
Email: executiveengineerquettacity@gmail.com

PRQ No.2487/21-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER (Building), City QUETTA CWPP&H Department

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252611912823 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Buildings B&R District Chaman invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	Construction of labor Rooms inside building along with attached bath, electricity backup of Solar System	4,213,556

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 2,949,489 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE11(i) (General engineering Works only). Bidder should pay 2 % Bid Security Bidder should pay tender fee on Green Challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,500 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 08 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 08 December, 2025till 11:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Executive Engineer Building CW PP & H department District Chaman Phone no: 3328821611
Email: chakarkhankjk@gamil.com

PRQ No.2497/21-11-2025

EXECUTIVE ENGINEER (Building), CWPP&H Department District Chaman

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252611912843 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer Industries & Commerce invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender 1000 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF DIVISIONAL OFFICE BUILDING AT TURBAT DISTRICT KECH	24,706,221

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 17,294,354 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is Ce21. Procedure Of Procurement:Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 05 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 05 December, 2025till 11:00 AM. **Tender opening: All** tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 12:00 PM Address: Sirki Road Quetta Phone no: 0819203772
Email: sheikhsamimandokhail2024@gmail.com

PRQ No.2482/21-11-2025

Executive Engineer Directorate of Industries & Commerce Quetta

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611913081 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee 1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Animal Food & Medicine (Total Item(s) Count: 26)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 400,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 400,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 08 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 08 December, 2025till 10:00 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:00 AM Address: Brewery Road Near CASVAB quetta Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147
Email: dgflddd@gmail.com

PRQ No.2513/21-11-2025

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کو آسانیاں فراہم کر رہا ہے، وائس چیئرمین

ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کے ماہی پروری کے شعبے میں پرکشش مواقع فراہم کیے جائیں، بلال خان کاکڑ

بلوچستان کا طویل ساحلی خطہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، ڈام میں جاری جھینگا فارمنگ منصوبے سے سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھلیں گے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ڈائریکٹر جنرل فشریز، ڈاکٹر عتیق اللہ نے ان کے دفتر میں ملاقات کی، جس میں صوبے میں ماہی پروری اور آبی وسائل کی ترقی سے متعلق جاری اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات کے دوران خاص طور پر ڈام میں جاری جھینگا فارمنگ (Shrimp Farming) منصوبے کی پیش رفت پر گفتگو ہوئی، جو بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں معاشی ترقی اور روزگار کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کا ساحلی خطہ قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ ڈام میں ارب روپے کے جھینگا فارمنگ منصوبے سے نہ صرف سرمایہ کاری کے نئے دروازے کھلیں گے بلکہ روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے، ایکوا کلچر کو فروغ ملے گا اور برآمدات میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا، ہماری کوشش ہے کہ جدید ٹیکنالوجی اور مضبوط پالیسیوں کے ذریعے ماہی پروری کو صنعت کے طور پر فروغ دیا جائے تاکہ مقامی لوگوں کے لیے زیادہ معاشی مواقع پیدا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ سرمایہ کاروں کے لیے آسانیاں فراہم کر رہا ہے اور ہماری بھرپور کوشش ہے کہ ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں کو بلوچستان کے ماہی پروری کے شعبے میں پرکشش مواقع فراہم کیے جائیں۔ ڈائریکٹر جنرل فشریز ڈاکٹر عتیق اللہ نے بتایا کہ محکمہ فشریز سائنسی بنیادوں پر آبی وسائل کی ترقی کے لیے کام کر رہا ہے اور ماہی پروری کے جدید طریقوں کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ماہی گیروں کی تربیت پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔

اسپیکر صوبائی اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی سے پارلیمانی سیکرٹریز حاجی محمد خان لہڑی، میر اصغر رند و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ: سوئی گیس کمپنی کے زیر اہتمام موسم سرما میں حفاظتی مہم کے سلسلے میں علماء، صدر پریس کلب عرفان و دیگر کا گروپ فوٹو

اسلام آباد میں ڈیجیٹل سرویلنس کو مزید موثر بنایا جائے، آئی جی پولیس

اسپیشل ایلیٹ فورس کی تربیت جدید تقاضوں کے عین مطابق کی جائے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) آئی جی اسلام آباد کی زیر صدارت کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد، تمام افسران وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام کیلئے تمام تر وسائل بروئے کار لائیں، ڈیجیٹل سرویلنس کو مزید موثر بنایا جائے، جبکہ اسپیشل ایلیٹ فورس کی تربیت جدید تقاضوں کے عین مطابق کی جائے، ٹریفک کی آمد و رفت کو موثر بنانے سمیت شہر بھر میں سرچ آپریشنز جاری رکھے جائیں، چیکنگ اور پٹرولنگ کے نظام کو بہتر کیا جائے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی زیر صدارت کمانڈرز کانفرنس کا انعقاد ہوا، کانفرنس میں اسلام آباد پولیس کے تمام ڈی آئی جیز، اے آئی جیز، ایس ایس پیز، ایس پیز اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے تمام افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کے قیام کیلئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے، مشکوک عناصر اور کی نگرانی کیلئے سیف سٹی اسلام آباد کی ڈیجیٹل سرویلنس کو مزید بہتر بنایا جائے

عوامی مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، کمانڈنٹ پنجگور رائفلز

پنجگور رائفلز ہیڈکوارٹر میں کھلی کچہری، عوامی مسائل کے حل پر غور و خوض، تجاویز پیش

پنجگور (یو این اے) پنجگور رائفلز ہیڈ کوارٹر میں کمانڈنٹ پنجگور رائفلز بریگیڈیئر ظفر اقبال کی زیر صدارت عوامی مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر دوست محمد بگٹی، میئر میونسپل کارپوریشن شکیل احمد کمرانی، آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی، سیاسی جماعتوں کے نمائندے، معتبرین، علمائے کرام اور بارڈر سے وابستہ کاروباری افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کچہری میں امن و امان، منشیات، تعلیم، صحت، بجلی، زراعت، بارڈر مسائل، ترقیاتی عمل اور سرکاری اداروں کی کارکردگی سمیت متعدد امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ مختلف جماعتوں اور تنظیموں کے رہنماؤں نے اپنے خیالات اور تجاویز پیش کیے، جنہیں ذمہ دار حکام نے سنجیدگی سے سنا اور موقع پر کئی مسائل کے حل کی کوشش بھی کی۔ کمانڈنٹ بریگیڈیئر ظفر اقبال، ڈپٹی کمشنر عبدالکبیر زرکون اور ڈی پی او دوست محمد بگٹی نے عوام کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا جبکہ بالائی سطح کے معاملات حکام بالا تک پہنچائے جائیں گے۔ شرکاء نے ٹوبت لسٹ کی جانچ پڑتال کے جاری عمل کو شفافیت کیلئے اہم قدم قرار دیتے ہوئے اسے سراہا۔ کمانڈنٹ پنجگور رائفلز نے کہا کہ قانون کی رٹ ہر حال میں برقرار رکھی جائے گی

ایڈیشنل سیکرٹری صحت نے بلوچستان اکیڈمی تربت کا دورہ کیا

تربت (خ ن) ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ صحت بلوچستان شیہک شہداد بلوچ نے تربت میں بلوچستان اکیڈمی تربت کا دورہ کیا، جہاں انہیں اس علمی و ثقافتی ورثے سے بھرپور ادارے کی معنوی فضا نے خوش آمدید کہا۔ اکیڈمی کے چیئرمین ڈاکٹر غفور شاد نے انہیں اکیڈمی کی لسانی، ادبی اور تحقیقی خدمات پر تفصیلی بریفنگ دی، اور بتایا کہ کس طرح یہ ادارہ بلوچ تاریخ، زبان اور ثقافت کے فروغ میں مرکزی حیثیت رکھتا ہے۔ جاری منصوبوں اور تحقیقی سرگرمیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے

اسلام آباد: 09 مختلف ڈکیتی گینگز کے 20 ملزمان گرفتار

02 کروڑ روپے سے زائد کے طلائی زیورات، نقدی اور مال مسروقہ برآمد

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈکیتی یونٹ پولیس ٹیمز کی گزشتہ 15 دنوں کے دوران بڑی کارروائیاں۔ بلاتفریق کارروائیوں کے دوران 09 گینگز کے 20 ملزمان گرفتار، گرفتار ملزمان کے قبضے سے 02 کروڑ روپے سے زائد کے طلائی زیورات، نقدی اور مال مسروقہ برآمد، جبکہ کل 36 مقدمات کو میرٹ پر ٹریس کیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات کی روشنی میں ڈی آئی جی اسلام آباد محمد جواد طارق نے رابری ڈکیتی یونٹ کی سنگین جرائم میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی کے حوالے سے ریسکیو 15 فیلڈ آفس میں اہم پریس کانفرنس کی، دوران پریس کانفرنس انہوں نے بتایا کہ رابری ڈکیتی یونٹ (RDU) پولیس ٹیموں نے گزشتہ 15 دنوں کے دوران قتل، ڈکیتی، راہزنی، نقب زنی و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 09 گینگز کے 20 ملزمان کو گرفتار کر کے ان قبضہ سے 02 کروڑ

عوام اپنے ووٹ کی طاقت کا درست استعمال کریں، یوسف وقار شاہوانی

عوام کو چاہیے کہ وہ اپنے علاقوں کے حقیقی خادموں کو پرکھ کر منتخب کریں، بیان

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ، حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ عوام کو چاہیے کہ وہ اپنے علاقوں کے حقیقی خادموں کو پرکھ کر منتخب کریں، کیونکہ اگر نمائندہ صرف انتخابی دنوں کا مہمان ہو تو پھر ایک دستخط جیسے معمولی کام کے لیے بھی عوام کو ہفتوں کے چکر لگانا پڑتے ہیں۔ یہی وہ محرومیاں ہیں جنہوں نے ہمارے علاقوں کو پسماندگی کی طرف دھکیل دیا۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے کارکن اور نمائندے وہ واحد لوگ ہیں جنہیں عوام نہ صرف پہچانتی ہے بلکہ ان کی موجودگی ہر وقت اپنے درمیان محسوس کرتی ہے۔ مشکل وقت ہو، رات کی کوئی ہنگامی صورتحال ہو، یا عوامی مسائل کا فوری حل درکار ہو جمعیت کے کارکن صف اول میں کھڑے نظر آتے ہیں۔ یہی ان کی سیاسی تربیت، دینی خدمت، قبائلی یکجہتی اور عوام دوستی کا حقیقی مظہر ہے۔ یوسف وقار شاہوانی نے مزید کہا کہ سیاسی نمائندگی کا اصل مقصد عوام کی خدمت، مسائل کا حل اور سہولیات کی فراہمی ہے۔ بدقسمتی سے ایسے لوگ بھی سامنے آجاتے ہیں

نصیر آباد میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں اضافہ

ایک ہی روز میں موٹر سائیکل چھیننے کی دو وارداتیں، ایک موٹر سائیکل چوری

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد میں امن و امان کی صورتحال انتہائی خراب ہو چکی ہے ایک ہی روز میں موٹر سائیکل چھیننے کی دو وارداتیں پیش آئیں جبکہ موٹر سائیکل چوری کی ایک واردات ہوئی جبکہ چوروں نے ٹرانسفارمر کے کوئل بھی چوری کر کے رفو چکر ہو گئے پولیس کو اطلاع دی گئی ہے مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ سٹی کی حدود ماڈل ہائی اسکول چوک پر عبدالقدیر لہڑی سے نامعلوم مسلح افراد نے سی ڈی موٹر سائیکل 2026 ایڈوانس ماڈل چھین کر فرار ہو گئے ہیں جبکہ دوسرے واقعہ کے مطابق پولیس تھانہ صدر ڈیرہ مراد جمالی ایریا چھتر روڈ پر 3 نامعلوم مسلح افراد ملزمان نے اسلحہ کے زور پر شہری عبدالوحید ولد محمد

غیر معیاری خوردنی مواد کی روک تھام کیلئے بی ایف اے کی صوبے بھر میں کارروائیاں

کارروائیاں کوئٹہ، خاران، لورالائی، قلعہ سیف اللہ، تربت اور سوراب سمیت مختلف شہروں میں فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر کی گئیں

کریک ڈاؤن کے دوران غیر معیاری، مضر صحت اور ایکسپائرڈ اشیاء خورد و نوش فروخت کرنیوالے 36 فوڈ بزنس مراکز مالکان پر جرمانے عائد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے صوبے کے مختلف اضلاع میں کریک ڈاؤن کے دوران غیر معیاری، مضر صحت اور ایکسپائرڈ اشیاء خورد و نوش کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے مجموعی طور پر 36 فوڈ بزنس مراکز اور یونٹس پر جرمانے عائد کر دیے گئے۔ کارروائیاں کوئٹہ، خاران، لورالائی، قلعہ سیف اللہ، تربت اور سوراب سمیت مختلف شہروں میں فوڈ سیفٹی قوانین کی خلاف ورزیوں پر کی گئیں۔ ترجمان بی ایف اے کے مطابق نواں کلی کوئٹہ میں 4 مراکز کے خلاف قوانین کی خلاف ورزی پر ایکشن لیا گیا جبکہ ایک جنرل اسٹور سے زائد المعیاد کولڈ ڈرنکس، جوس، بسکٹ، مصالحے اور ممنوعہ پان پراگ، گٹکا و ماوا ضبط کیے گئے۔ کاسی روڈ اور پشتون آباد میں 3 مصالحہ شاپس اور ایک جنرل اسٹور کو ایکسپائرڈ مصالحوں، ناقص رنگ اور پابندی شدہ چائنیز نمک رکھنے پر جرمانے عائد کیے گئے۔ تربت میں چیکنگ کے دوران زائد المعیاد کولڈ ڈرنکس، کیک و بسکٹ برآمد ہوئے جبکہ پکوڑا شاپ میں خراب آئل اور ممنوعہ رنگ استعمال کرنے پر جرمانہ کیا گیا۔ ارباب کرم خان روڈ پر دودھ کے 14 نمونوں کی ٹیسٹنگ میں تین دکانوں کا دودھ ملاوٹ شدہ ثابت ہوا جس پر ایکشن لیا گیا۔ اسی روڈ پر صفائی کی خرابی اور کم وزن پیڑے تیار کرنے پر نان شاپ کے خلاف کارروائی جبکہ فاسٹ فوڈ کارنرز اور جنرل اسٹورز سے مضر صحت اشیاء پکڑ کر جرمانے کیے گئے۔ لورالائی میں بیکری میں زائد المیعاد مصنوعات اور صفائی کی خرابی پر سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔ سوراب میں 6 مراکز سے ایکسپائرڈ کیک، بسکٹ، کولڈ ڈرنکس اور ناقص کلرز برآمد کر کے کارروائی کی گئی۔ خاران میں 6 مراکز کے خلاف کم وزن پیڑے، ناقص صفائی اور غیر معیاری اشیاء رکھنے پر جرمانے کیے گئے۔ قلعہ سیف اللہ میں دو بیکنگ یونٹس میں انتہائی خراب صفائی، غیر محفوظ اسٹوریج اور زنگ آلود مشینری پائے جانے پر ایکشن لیا گیا جبکہ ایک جنرل اسٹور پر ایکسپائرڈ مصالحے رکھنے اور بغیر لائسنس کاروبار کرنے پر جرمانہ عائد کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق بی ایف اے محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے صوبے بھر میں کارروائیاں بلاتعطل جاری رکھے گی، کیونکہ عوام کی صحت پر سمجھوتہ کسی صورت قابل قبول نہیں۔

فیصل آباد فیکٹری حادثہ المناک ہے متاثرین کیساتھ ہیں، سیدال خان ناصر

مرحومین کی مغفرت اور زخمیوں کی صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں، قائم مقام چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے فیصل آباد میں کیمیکل فیکٹری کے بوائلر دھماکے کے المناک واقعے پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتی فیکٹری میں پیش آنے والا یہ حادثہ انتہائی ... خان نے جاں بحق افراد کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مشکل کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے ساتھ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ...

کوئٹہ کو منشیات سے پاک شہر بنانے کی مہم جاری ہے، علی احمد ابا بکی

... معاشرے کا چیلنج ہے ... انہیں نفسیاتی و سماجی مدد بھی دی جاتی ہے تاکہ وہ دوبارہ معاشرے میں فعال کردار ادا کر سکیں۔ فوکل پرسن نے کہا کہ یہ پروگرام خصوصاً ان افراد کے لیے فائدہ مند ہے جو مالی مسائل یا بے گھری کی وجہ سے علاج نہیں کروا پاتے۔ منشیات کا مسئلہ صرف ایک فرد یا خاندان کا نہیں بلکہ پورے معاشرے کا چیلنج ہے ... سنگین متاثرہ افراد کو دوبارہ زندگیوں میں بحالی لانے کی بلکہ معاشرتی بگاڑ کو بھی کم کرنے میں مددگار ثابت ہوگی۔ میر علی احمد ابا بکی نے بتایا کہ اس مہم میں صوبائی مشیر ولی محمد نورزئی، سیکرٹری سوشل ویلفیئر عصمت اللہ قریشی اور ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر حنیف رند کی ذاتی دلچسپی اور کوششیں قابل تعریف ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ متعلقہ حکام کی یہ کاوشیں شہریوں ...

عوام حادثات سے حفاظت کیلئے گیس کے استعمال میں احتیاط برتیں

قدرتی گیس ایک بڑی نعمت ہے اس کا استعمال درست طریقے سے کرنا چاہیے اور بے دریغ استعمال سے گریز کرنا چاہیے

عوام الناس حدیث مبارک پر عمل کرتے ہوئے رات کو سونے سے قبل گیس سے جلنے والے آلات بند کریں، مقررین تقریب

... اور رات کو سونے سے قبل عوام الناس گیس سے جلنے والے آلات، چولہے، ہیٹر بند کریں کیونکہ یہ حدیث مبارک ہے کہ آگ کو رات کو سونے سے قبل بجھا دینا چاہیے انہوں نے کہا کہ عوام اپنی زندگیوں کو محفوظ بنانے کے لئے معیاری گیس کے ہیٹر اور چولہے استعمال کریں۔ گیس کی بچت کے لئے ... سلمان احمد صدیقی، سید صدف عباس، ریجنل منیجر بلوچستان محمد راحیل ملک، کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید، بلوچستان یونین آف جرنلسٹ کے سینئر نائب صدر منظور احمد رند سمیت دیگر نے سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے موسم سرما میں قدرتی گیس کے استعمال اور اس کے متعلق احتیاطی تدابیر ... 1200 مکعب میٹر سے امسال 700 ایم ایم مکعب فٹ کی فراہمی تک پہنچ گئی ہے اور تیزی سے اس کی سپلائی کم ہو رہی ہے جبکہ اس کی ڈیمانڈ بڑھ رہی ہے جس کی وجہ سے کمپنی حکام کو عوام کی ضروریات کے مطابق انہیں گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے لوڈشیڈنگ کا سہارا لینا پڑتا ہے

گوادر: بی ای ایس ایس ہسپتال کیلئے لیڈی ایم اوز کے انٹرویوز منعقد ہوئے

گوادر (خ ن) کمشنر بلوچستان ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی انسٹیٹیوشن (لیبر ڈیپارٹمنٹ) عمران بنگلزئی نے بلوچستان ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی گوادر ہسپتال کے لیے لیڈی میڈیکل آفیسرز کے انٹرویوز کیے۔ انٹرویو کے اس عمل میں ڈاکٹر محمد عارف، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ 50 بیڈڈ بلوچستان ایمپلائیز سوشل سیکیورٹی ہسپتال حب، بھی شریک تھے۔ اس اقدام کا مقصد گوادر کے لیبر طبقے کو لیبر ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے بہترین اور معیاری طبی سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ مزدوروں اور ان کے بچوں کو علاج معالجے کے حوالے سے کسی قسم کی دشواری یا پیچیدگی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

طلبہ ہمارے نظام کا حصہ ہیں، انکے مستقبل پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، پی ایم ڈی سی

پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل طلبہ، والدین اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات کو سمجھتی ہے اور ان کے حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے

کونسل تمام طلبہ کو منصفانہ مواقع فراہم کرنے کیلئے امتحانی معیار کو یکساں اور شفاف بنانے کیلئے مسلسل ڈیجیٹلائزیشن اور معیار بندی کر رہی ہے

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی صحت کے اجلاس میں اٹھائے گئے نکات کو سنجیدگی سے نوٹ کیا ہے۔ کونسل طلبہ، والدین اور تمام اسٹیک ہولڈرز کے تحفظات کو مکمل طور پر سمجھتی ہے اور ان کے حل کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ کونسل ہر سال کے امتحانات کے معیار کو یکساں اور شفاف بنانے کے لیے ڈیجیٹلائزیشن اور معیار بندی کے اقدامات کر رہی ہے تاکہ تمام طلبہ کو منصفانہ مواقع فراہم ہوں۔ پی ایم اینڈ ڈی سی یونیورسٹیوں اور وزارت قانون کے ساتھ مل کر خالی نشستوں کے مسئلے کے حل کے لیے قانونی طور پر جائز اور شفاف حل تیار کر رہی ہے تاکہ نشستوں کا ضیاع روکا جا سکے اور امیدواروں کو بروقت مواقع فراہم کیے جائیں۔ پی ایم اینڈ ڈی سی نے کیمبرج اور مقامی بورڈ کے طلبہ کے درمیان ہم آہنگی برقرار رکھنے کے لیے آئی بی بی سی کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھا ہے۔ کونسل اس بات کو یقینی بنائے گی کہ تمام فارن سسٹم طلبہ کو منصفانہ اور شفاف طریقے سے گریڈ اور آسانی فراہم کی جائے۔ پی ایم اینڈ ڈی سی ہر طالب علم کو اپنا حصہ سمجھتی ہے اور ان کے تعلیمی مفاد کے تحفظ کے لیے مکمل تعاون فراہم کر رہی ہے۔ پی ایم اینڈ ڈی سی کا ہر فیصلہ طلبہ کے مفاد، شفافیت اور قومی معیار کی پاسداری کے اصولوں کے تحت ہوگا۔ پی ایم اینڈ ڈی سی ایک پیشہ ورانہ، شفاف اور طلبہ مرکز ریگولیٹر کے طور پر اپنا کردار جاری رکھے گی اور ملکی میڈیکل اور ڈینٹل تعلیم کے نظام کو مضبوط، شفاف اور عالمی معیار کے مطابق بنائے گی۔ پی ایم ڈی سی نے یقین دہانی کرائی کہ ہر طالب علم کو مکمل حمایت فراہم کی جائے گی اور ان کے تعلیمی مستقبل کے تحفظ کے لیے ہر فورم پر تعاون جاری رہے گا۔ طلبہ کے مفاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے

مستونگ: دو ڈکیت گرفتار، مسروقہ گاڑی برآمد

مستونگ (این آئی) مستونگ میں سٹی پولیس کی کارروائی، شہر میں ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث ڈکیت گرفتار، تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مستونگ اللہ بخش بلوچ کی جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لئے سخت احکامات پر ایس ایچ او سٹی پولیس تھانہ عبدالفتاح کھیازئی کی سربراہی میں سٹی پولیس کے محافظ ابراہیم نے مستونگ کے ...

آر ٹی اے نکران کا اعلامیہ

مفتی محمود ہسپتال کچلاک کو بلاتعطل بجلی فراہم کی جائے، پشتونخوا میپ

سالانہ ادویات کے کوٹہ میں اضافہ اور ہسپتال کو بازار کے مین روڈ سے منسلک کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ تحصیل کچلاک کے جاری کردہ بیان میں صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ کچلاک مفتی محمود ہسپتال کو بلاتعطل 24 گھنٹے بجلی مہیا کیا جائے۔ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے مریضوں کو مشکلات کا سامنا ... جائے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ ہسپتال میں ادویات کا کوٹہ بڑھایا جائے۔ مریضوں کے زیادہ ہونے کی وجہ سے ادویات کم پڑ جاتی ہے۔ ہم ایم ایس ڈاکٹر وکیل شیرانی کی بہتر کارکردگی پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ موصوف نے جب ...

گوادر: سید ظہور شاہ ہاشمی کے مجسمے کی نقاب کشائی کر دی گئی

مجسمہ عالمی شہرت یافتہ مجسمہ ساز محسن یادگارزادے کی فنی مہارت کا بہترین مظہر قرار

... دولت خان، بلوچی ادیب اور کنٹرولر امتحانات گوادر ... جیسے علم و ادب کے ستون کو حاصل ہے ... کے گاڑی چلانا مکمل طور پر ممنوع ہوگا۔



کوئٹہ، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ سے ڈی جی فشریز ڈاکٹر عتیق اللہ ملاقات کر رہے ہیں

فلسطین میں اسرائیلی جارحیت کسی صورت قبول نہیں، علماء و خطباء

اسرائیل نے فلسطین پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ہیں اور فلسطینی بھائیوں کی نسل کشی کا مجرم ہے، عالمی برادری کی جانب سے مسلسل خاموشی المیہ ہے

اسرائیل نے فلسطین پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ہیں، بے گناہ فلسطینی عوام کا قتل عام روکنے کیلئے عالمی برادری اپنا کردار ادا کرے، مولانا انوار الحق حقانی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے جید علماء کرام نے کہا ہے کہ بلوچستان سمیت پاکستان کی سلامتی خوشحالی اور امن کے لئے محب وطن قبائل سمیت عوام اہل سنت ایک صفحہ پر متحد ہے غزہ میں اسرائیلی جارحیت کسی صورت قبول نہیں بے گناہ فلسطینی عوام کا قتل عام روکنے کے لئے عالمی برادری اپنا رول پلے کریں' یہ بات مرکزی جامع مسجد کے خطیب مولانا انوار الحق حقانی' مولانا محمد ایوب سربلندی' حافظ معین اللہ' مرکزی کونسل کے ممبر سلطان قادر اور دیگر نے جمعہ کے خطبات کے بیان کرتے ہوئے کیا علماء کرام کا کہنا تھا کہ اسرائیل نے فلسطین پر ظلم و ستم کے پہاڑ توڑے ہے اور فلسطینی بھائیوں کی نسل کشی کا مجرم ہے عالمی برادری کی جانب سے مسلسل خاموشی المیہ سے کم نہیں جس کی ہم ہر فورم پر مذمت کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں آباد ہر قوم قبیلے کا فرد وطن کی سلامتی خوشحالی کے لئے وجان نچھاور کرنے کو تیار ہے ملک و قوم کی حفاظت ترقی خوشحالی اور امن کے قیام کے لئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں قیام امن کے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پاک افواج ایف سی پولیس سمیت سیکورٹی فورسز کے آفیسران ہمارے ماتھے کے جھومر ہے جماعت اہل سنت پاکستان کے مرکزی ناظم اعلیٰ و جماعت الصالحین پاکستان انٹرنیشنل کے بانی و امیر الحاج صاحبزادہ پیر محمد خالد سلطان القادری نے کہا سرزمین وطن کی حفاظت امن کے قیام کے لئے شہیدوں کی قربانیوں کو بلوچستان کی عوام اہل سنت فراموش نہیں کر سکتے اس موقع پر ملک و قوم کی سلامتی خوشحالی افواج پاکستان کے لئے خصوصی دعا بھی کی۔

ogdc the energy

آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ

پہلے عبوری کیش ڈیویڈنڈ (D-96) کی ادائیگی

ہم بصد مسرت اپنے معزز شیئر ہولڈرز کو یہ اطلاع دیتے ہیں کہ کمپنی نے 30 جون 2026 کو اختتام پذیر ہونے والے مالی سال کے لیے فی حصص 3.50 روپے (یعنی 35%) پہلے عبوری کیش ڈیویڈنڈ، جو او جی ڈی سی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے 29 اکتوبر 2025 کو منعقدہ اجلاس میں منظور کیا گیا تھا، کو 21 نومبر 2025 کو الیکٹرانک طریقے سے متعلقہ شیئر ہولڈرز کے نامزد بینک اکاؤنٹس میں منتقل کر دیا گیا ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے مستند انٹرنیشنل بینکنگ اکاؤنٹ نمبر (IBAN) فراہم نہیں کیا، ان سے گزارش ہے کہ وہ اپنی بینک اکاؤنٹ کی تفصیلات ہمارے شیئر رجسٹرار آفس میسرز، سی ڈی سی، شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک "بی"، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس۔ مین شاہراہ فیصل، کراچی۔ 74400 پر فراہم کریں۔

اسلام آباد
21 نومبر 2025

وسیم احمد
(کمپنی سیکرٹری)

ogdc the energy
آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ
او جی ڈی سی ہیڈ کوارٹرز، جناح ایونیو، بلیو ایریا، اسلام آباد۔ پاکستان

No. 301/33

VACANCY

The Government of Balochistan, Planning and Development Department invites applications form the dynamic and result-oriented individual for a position of "Project Director" for PSDP funded scheme titled, **"TEN BILLION TREES TSUNAMI PROGRAMME PHASE-1 UPSCALING OF GREEN PAK PROGRAMME (FORESTRY COMPONENT)".** The position will be filled purely on contract basis in line with PD's appointment policy. Further details are given as follows:

Position	Project Director
Position	01
Location	Provincial
Province	Balochistan
Pay Scale	As per Project Director Policy
Job Type	The Project Director will be appointed on a **contract basis** for an initial period of **two (02) years**, extendable on a **yearly basis** subject to **satisfactory performance** and until completion of the project.
Qualification and Experience	**EDUCATION:** Minimum **16 years of education** with specialization in the relevant field from an HEC-recognized institution in one of the following disciplines: BS/BE in Engineering (having registration with PEC). Project Management. MBA / MPA. Master's or 4-year BS degree in Economics or other relevant fields. **EXPERIENCE:** Minimum Ten (10) years and above of professional experience in implementation of rural and urban planning, infrastructure development, project management and relevant experience in development projects across both public and private sector. Must have sound knowledge of project planning and implementation processes, particularly the **Government of Pakistan's** project planning and management procedures. Relevant experience as project director in public sector and working with Forest sector in Balochistan will be an added advantage. **AGE LIMIT:** Minimum: **35 years.** Maximum: **62 years** (as of the date of appointment).
Selection Criteria	The selection will be carried out in accordance with the Project Director Appointment Policy notified by the Planning & Development Department, Government of Balochistan.

Applications along with CV, attested and clear scanned copies of all educational and experience certificates, CNIC and recent photographs may be sent to email. Shuja.ro@gmail.com and hard copies of all documents may also be submitted to the Forst & Wildlife Section Room No. 27 (Basement) P&D Department by 8th December 2025.

Note: Government Employee must apply through proper channel and must obtain NOC from their concerned department by the due date otherwise their applications will not be entertained. Only short-listed candidates according to the qualification and experience shall be called for interview. The applicants providing unsubstantial or incorrect information shall be liable to disqualification. No TA/DA will be admissible.

PRQ No.2476/21-11-2025

**CHIEF OF SECTION (FOREST)
PLANNING & DEVELOPMENT
DEPARTMENT, QUETTA**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEER BUILDING DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 2000/- and Bid Security 2% for each work

S.#	NAME OF WORK.	E/COST
1	Rehabilitation /Major Repair of BHU Sangsilah Dera Bugti. **TSE-252611913643**	6,932,071/-
2.	Repair of BHU Building Yaroo Pat Dera Bugti. **TSE-252611913633**	2,920,949/-
3	Repair of Circuit House Dera Bugti. **TSE-252611913623.**	10,930,697/-
4	Construction of Additional Class Room and Repair of GBHS Yaroo Pat Tehsil Sui Dera Bugti. **TSE-252611913613**	14,851,972/-
5	Renovation of Children Park in Dera Bugti. **TSE-252611913593**	19,816,326

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 1 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 10,396,380/-, 7,651,487/-, 2,044,664/-, 4,852,449/-13,871,428 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-6 and above (Upto 25 million)In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Bid Security 2% of the Estimated Cost Tender Document Fee Rs.2000 in account of C-02716 The Bidder must not have any pending litigation or court cases related to contractual disputes, fraud, corruption, or other serious offenses. The Bidder must not have been involved in any contract breach or termination **Procedure Of Procurement:**Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **2,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08 December, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **08 December, 2025** till **12:00 PM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the undersigned at **01:00 PM Address:** Mian Road, Dera Bugti
Phone no: 0835410162 **Fax no:** 0835410562
Email: Aijazhussainxenbuilding@gmail.com

PRQ No.2512/21-11-2025

**Executive Engineer- (Building)
Cwpp& H Department
District Dera Bugti**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

TSE-252611912603 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The Executive Engineer (Buildings) C W P P & H Department, District Killa Abdullah invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates **Tender 2000 PKR and Bid Security 3%**

S.No	Name of Work's	E/Cost
1	Construction of Bachelor Flats for Doctor and Paramedic Staff at 50-Bedded Hospital District Killa Abdullah. PSDP # 2134 Z2025.0710	190,229,994

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 133,160,995 PKR Amount in1 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Registration with Pakistan Engineering council (PEC) C-4 and above (Upto 200 million) In Relevant Category And Specialized Code is CE10(i) (General Civil Engineering Works) . Bidder must provide affidavit confirming no conflict of interest not blacklisted no major litigation no nonperformance in last 5 years and no failure to sign contract Bidder must have completed at least 3 similar projects each with cost not less than 75 percent of the estimated cost undertaking and completed during the last 5 years (sublet/ Sub contracting is not acceptable) CDR and Green Challan **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee, Deposit at Call** of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by **08 December, 2025**till **09:00 AM** through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at **10:00 AM on EPPS System Address:** Jangal Pir Alizai Road Killa Abdullah same day at **11:00 AM on EPPS System Address:** Jangal piralizai Road killa abdullah. **Phone no:** 0826920040
Email: executiveengrbldgkillabdullah@gmail.com

PRQ No.2481/21-11-2025

**EXECUTIVE ENGINEER (BUILDINGS) C W P P & H
DEPARTMENT DISTRICT KILLA ABDULLAH**

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر:۔ پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔ 2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔ 2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 22 نومبر 2025ء

کوپ 30۔ اقوام متحدہ کے سربراہ کی اپیل اور موسمیاتی انصاف کے تقاضے

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے دنیا بھر کے ممالک پر زور دیا کہ وہ موسمیاتی بحران کی سنگینی سے نمٹنے کے لئے فوری، منصفانہ اور متوازن معاہدے تک پہنچیں۔ شہوا کے مطابق انہوں نے یہ اپیل برازیل کے امازون شہر بیلیم میں جاری 30ویں اقوام متحدہ کلائمیٹ چینج کانفرنس (کوپ 30) کے دوران پریس کانفرنس سے خطاب میں کی۔ انتونیو گوتریس نے کہا کہ کمزور اور متاثرہ برادریاں مزید انتظار کی متحمل نہیں ہو سکتیں اور تمام وفود کو اتفاق رائے تک پہنچنا ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ 2015 کے پیرس معاہدے کے بعد ایک دہائی میں ہونے والی پیش رفت ناکافی ہے۔ ادھر ا ہو فاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی ہم آہنگی سینیٹر ڈاکٹر مصدق ملک نے کوپ 30 کے موقع پر پاکستان پویلین میں منعقدہ اعلیٰ سطحی سائیڈ ایونٹ ''ایک پائیدار پاکستان کے لئے سبز مہارتوں کی تعمیر'' سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی معیشتیں تیزی سے صاف توانائی، کم کاربن ترقی اور پائیدار صنعتی تبدیلی کی طرف بڑھ رہی ہیں، ایسے میں ایک منصفانہ، آب وہوا سے محفوظ اور معاشی طور پر مسابقتی مستقبل کو یقینی بنانے کے لئے ملک میں اور عالمی سطح پر سبز مہارتوں میں سرمایہ کاری ناگزیر ہو چکی ہے۔ کوپ 30 کے موقع پر، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس اور ڈاکٹر مصدق ملک کے خطابات نے موسمیاتی بحران کی سنگینی، عالمی ردعمل کی ناکامی، اور منصفانہ حل کی فوری ضرورت کو اجاگر کیا ہے گوتریس کی پکار، جس میں انہوں نے فوری، منصفانہ، اور متوازن معاہدے تک پہنچنے پر زور دیا، اس عالمی حقیقت کا اعتراف ہے کہ کمزور اور متاثرہ برادریاں مزید انتظار کی متحمل نہیں ہو سکتیں۔ یہ بیان پاکستان جیسے موسمیاتی طور پر سب سے زیادہ کمزور اور متاثرہ ممالک کے موقف کی براہ راست تائید کرتا ہے، جو طویل عرصے سے موسمیاتی انصاف کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ پاکستان کا موقف ہمیشہ سے یہ رہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی کا بحران بنیادی طور پر صنعتی ترقی یافتہ ممالک کی تاریخی طور پر زیادہ گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج کا نتیجہ ہے۔ اس کے باوجود، پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک تباہ کن سیلابوں، شدید گرمی کی لہروں، اور خشک سالی کی صورت میں اس بحران کے بدترین اثرات جھیل رہے ہیں۔ گوتریس کا یہ کہنا کہ 2015 کے پیرس معاہدے کے بعد ہونے والی پیش رفت ناکافی ہے اور ہمیں کہیں زیادہ تیزی سے آگے بڑھنا ہوگا اور اخراجات میں بڑی کمی لانا ہوگی، دراصل عالمی برادری کی غیر فعال، سست، اور اخراج میں کمی کے حوالے سے غیر سنجیدہ کوششوں پر شدید تنقید ہے۔ یہ تنقید پاکستان کے اس مطالبے کی حمایت کرتی ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کو اپنے وعدوں سے کہیں زیادہ تیزی سے فوسل فیولز سے منصفانہ، منظم اور مساویانہ منتقلی کو یقینی بنانا ہوگا۔ ڈاکٹر مصدق ملک کا کلیدی خطاب، جو ایک پائیدار پاکستان کے لئے سبز مہارتوں کی تعمیر کے موضوع پر تھا، موسمیاتی عمل کے حوالے سے پاکستان کے متحرک، مستقبل پر مبنی، اور عملی موقف کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ محض متاثر ہونے والے ملک کی آواز نہیں، بلکہ ایک ایسا ملک ہے جو بحران کو مواقع میں بدلنے کا واضح روڈ میپ پیش کر رہا ہے۔ انہوں نے یہ حقیقت بیان کی کہ عالمی معیشتیں تیزی سے صاف توانائی، کم کاربن ترقی اور پائیدار صنعتی تبدیلی کی طرف بڑھ رہی ہیں۔ اس پس منظر میں، انہوں نے واضح کیا کہ ملک میں اور عالمی سطح پر سبز مہارتوں میں سرمایہ کاری ناگزیر ہو چکی ہے سبز مہارتوں کی ترقی اب محض ایک اختیار نہیں بلکہ لازمی ہو چکی ہے، خاص طور پر یورپی یونین کے کاربن بارڈر ایڈجسٹمنٹ میکنزم جیسے نئے تجارتی اقدامات کی روشنی میں ڈاکٹر مصدق ملک کا یہ انتباہ انتہائی بروقت اور درست ہے کہ اگر ترقی پذیر ممالک نے بروقت اپنی ورک فورس کو دوبارہ تربیت نہ دی تو عالمی منڈیاں سخت ماحولیاتی تقاضوں کے ساتھ پیچھے رہ جانے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ یہ حقیقت پاکستان کے اس موقف کو تقویت دیتی ہے کہ موسمیاتی مالی معاونت اور ٹیکنالوجی کی منتقلی صرف موافقت اور تخفیف کے لئے نہیں، بلکہ عالمی تجارت اور معاشی مسابقت میں زندہ رہنے کے لئے بھی ضروری ہے۔ ڈاکٹر مصدق ملک نے خبردار کیا کہ یورپی یونین کا کاربن بارڈر ایڈجسٹمنٹ میکنزم جیسے نئے تجارتی اقدامات ممالک پر زور ڈال رہے ہیں کہ وہ سپلائی چینز کو کاربن سے پاک کریں اور ایسی افرادی قوت تیار کریں جو نئے معیار پر پورا اتر سکے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ترقی پذیر ممالک نے بروقت اپنی ورک فورس کو دوبارہ تربیت نہ دی تو عالمی منڈیاں سخت ماحولیاتی تقاضوں کے ساتھ پیچھے رہ جانے کا خطرہ بڑھ جائے گا۔ وفاقی وزیر نے زور دیا کہ کم کاربن معیشت کی طرف منتقلی منصفانہ اور برابری پر مبنی ہونی چاہئے تاکہ روایتی، فوسل فیول پر مبنی روزگار پر انحصار کرنے والے افراد متاثر ہونے کے بجائے مضبوط ہوں پاکستان جیسے ممالک کے لئے سبز تبدیلی مزدوروں کے تحفظ کے ساتھ ساتھ معاشی ترقی کے نئے راستے کھولے۔ موسمیاتی عمل کو انسانی وسائل کی ترقی کے ساتھ جوڑنا ہوا گرچہ پاکستان نے موسمیاتی عمل کو قومی فریم ورک، پالیسیوں اور شعبہ جاتی منصوبوں میں شامل کیا ہے مگر صرف پالیسیاں کافی نہیں جب تک ان پر عمل درآمد کے لئے تربیت یافتہ افرادی قوت موجود نہ ہو دراصل انسانوں پر سرمایہ کاری طویل المدتی موسمیاتی اہداف اور معاشی جدت کے لئے بنیادی کلید ہے یہ نہ صرف پاکستان کے موسمیاتی اہداف کے لئے ضروری ہے بلکہ معیاری روزگار کے مواقع پیدا کرنے جدت کو فروغ دینے سرمایہ کاری کو راغب کرنے نئی نسل کو ایک منصفانہ، لچکدار اور پائیدار پاکستان کی تعمیر کے قابل بنانے کا راستہ بھی ہے۔ یہ نقطہ نظر ترقی پذیر ممالک کے لئے موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لئے ایک قابل تقلید اور جامع حکمت عملی فراہم کرتا ہے۔ انتونیو گوتریس اور ڈاکٹر مصدق ملک دونوں کے خطابات میں موسمیاتی فنانسنگ کے مسئلے کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ پاکستان کا موقف، جس کی تائید گوتریس کے بیان سے ہوتی ہے، یہ ہے کہ ترقی یافتہ ممالک کی جانب سے ناکافی مالی امداد، ٹیکنالوجی کی محدود رسائی، اور بڑھتے ہوئے قرضوں نے ترقی پذیر ممالک کے لئے موسمیاتی موافقت اور تخفیف کے منصوبوں پر عمل درآمد کو تقریباً ناممکن بنا دیا ہے کوپ 30 عالمی برادری کے ضمیر کو جھنجھوڑنے اور موسمیاتی انصاف کے اصولوں پر کاربند رہنے کی پکار تھی، جس نے بالواسطہ طور پر پاکستان کے موقف کو درست ثابت کیا موسمیاتی بحران سے نمٹنے کے لئے وقت کی ضرورتوں، حالات کے تقاضوں سے ہم آہنگ منصفانہ اقدامات عالمی برادری کو کرنے ہوں گے پاکستان اپنی نوجوان آبادی، بڑھتے ہوئے ٹیک ایکو سسٹم اور حکومتی عزم کے ساتھ اس عالمی چیلنج کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہے۔ اب گیند عالمی برادری کے کورٹ میں ہے کہ وہ موسمیاتی انصاف اور پائیدار ترقی کے اس وژن کی کس طرح مکمل طور پر تائید کرتی ہے۔

تحریک انصاف کی بے معنی لاتعلقی

برملا — نصرت جاوید

آئی ایم ایف وغیرہ بھی ہمارا کیا بگاڑ سکتے ہیں؟

بات سے بات — وسعت اللہ خان

ترمیم، وزیراعظم، جماعت اسلامی، رضی عابدی

پیش نظر — محمد مہدی

انڈیا کے 'وائٹ کالر دہشت گرد'

نوید فکر — نعیمہ احمد مہجور

گلابوں والی کاریز

آواز دوست



سلامتی کونسل غزہ میں امن قائم کر سکتی ہے؟

گردوپیش — ڈاکٹر رشید احمد خان

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے غزہ میں مستقل فائر بندی اور پائیدار امن کے قیام کیلئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے 20 نکاتی امن سمجھوتے پر مبنی ایک قرارداد منظور کی ہے جس کے تحت ٹرمپ امن منصوبے میں تجویز کردہ اہم اقدامات پر عملدرآمد کی راہ ہموار ہو گئی ہے۔ یہ قرارداد امریکہ کی طرف سے پیش کی گئی تھی اور کونسل کے تمام 10 غیر مستقل اراکین کے علاوہ پانچ میں سے تین مستقل اراکین

فرانس، جرمنی اور دیگر یورپی ممالک میں اسرائیل کی بربریت کے خلاف لاکھوں افراد کے مظاہروں نے

پہلے انسان، پھر کچھ اور

خیالات



اوتھل، اے سی آفتاب احمد لاسی مختلف اسکیموں کا معائنہ کررہے ہیں

لائیوسٹاک سیکٹر کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا، سردار زادہ فیصل جمالی

حلقے میں عوام کو صحت، تعلیم، پانی، بجلی اور گیس کی سہولیات فراہم کی جائیں گی

حلقہ انتخاب کی ترقی کے لیے ماسٹر پلان کے تحت کروڑوں روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں

اوستہ محمد (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ لائیوسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے گا عوامی حکومت عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہی ہے حلقہ انتخاب کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ماسٹر پلان کے تحت ٹھوس بنیادوں پر اقدامات کیے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا اس موقع پر اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر محمد حنیف بختیار زئی بلوچ پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اسلم مستوئی زراعت افیسر منظور احمد شیخ حسنی اور قبائلی عمائدین موجود تھے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حلقہ انتخاب اوستہ محمد کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ماسٹر پلان کے تحت بہت جلد کام کا آغاز کیا جائے گا انہوں نے مزید کہا کہ حلقہ انتخاب میں عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے کروڑوں روپے کے فنڈز جاری کیے گئے ہیں ان کا کہنا تھا کہ عوام کو صحت تعلیم پینے کا صاف پانی بجلی اور گیس کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا اور آمد و رفت کے تمام سڑکوں کی تعمیر کو یقینی بنایا گیا ہے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ عوام کی خدمت کے لیے اعلیٰ ایوان میں آئے ہیں اقتدار ہماری ہرگز منزل نہیں ہے حلقہ انتخاب سمیت بلوچستان کی عوام کی خدمت ہمارا ویژن ہے عوام کے لیے ہمارے دروازے ہروقت کھلے رہیں گے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے بلوچستان کی عوام پیپلز پارٹی کو امید کی کرن سمجھتے ہیں انہوں نے بلدیاتی انتخابات کے بارے میں کہا کہ کوئٹہ کے باشعور عوام پیپلز پارٹی کو بھاری اکثریت کے ساتھ کامیابی سے ہمکنار کریں گی

بی اے پی اپنے ادروں کے ساتھ کھڑی ہے، میر جان محمد جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی ضلع اوستہ محمد کا اجلاس مرکزی چیف آرگنائزر میر جان محمد خان جمالی اور صوبائی نائب صدر میر فاروق خان جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں ضلعی صدر اوستہ محمد میر ظفر خان چدراتی، اوستہ محمد کے صدر میر بگن خان جمالی، میر عبداللہ خان پلال، میر حسن جمالی شیراز خان جمالی، عید محمد بازہ، غلام قادر رند، عامر علی سیال شوکت علی ردمانی اور پارٹی کے دیگر اہم عہدیداران اور کارکنان نے شرکت کی، اجلاس میں پارٹی کی تنظیم سازی سمیت دیگر معاملات پر غور کیا گیا، اس موقع پر مرکزی چیف آرگنائزر بلوچستان عوامی پارٹی میر جان محمد خان جمالی و دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی پاکستان اور اپنے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے ہم نے ہمیشہ پاکستان کی بات کی ہے اور پاکستان ہم سب کے لئے اہم ہے۔ بلوچستان عوامی صوبے کی سب بڑی جماعت ہے عوام کی حقیقی جنگ بلوچستان عوامی پارٹی لڑ رہی ہے انشاءاللہ جلد ایک تاریخی جلسہ کریں گے۔

امیر حمزہ محمد شیخی کو کامیابی پر مبارکباد پیش کرتے ہیں، علی بخش جمالی

گنداخہ (آن لائن) پاکستان یونائیٹڈ ورکرز فیڈریشن و ایریگیشن یونین بلوچستان کے صوبائی صدر علی بخش خان جمالی نے کہا ہے کہ بلوچستان سیکریٹریٹ اسٹاف ایسوسی ایشن ویلفیئر ایسوسی ایشن کے انتخابات میں امیر حمزہ محمد شیخی اور ان کی پوری کابینہ کو جمہوری انداز میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ ساتھ ہی انتخابات میں بھرپور حصہ لینے اور مثبت جمہوری روایت برقرار رکھنے پر مد مقابل عبدالمالک کاکڑ کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہیں

اوتھل، اے سی آفتاب لاسی کا ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

جائزے کے دوران گوٹھ غلام محمد، گوٹھ جمن برہ اور دیگر بلیک ٹاپ سڑکوں کا معائنہ کیا گیا

اوتھل (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر اوتھل آفتاب احمد لاسی نے ضلع لسبیلہ میں سال 2024–2025 کے دوران مکمل اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی تحقیقات، فزیکل اسکروٹنی اور جائزے کے سلسلے میں مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد ترقیاتی اسکیمات کے معیار، رفتار اور فیلڈ میں جاری کام کا موقع پر معائنہ کرنا تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر آفتاب احمد لاسی نے بلیک ٹاپ روڈ گوٹھ غلام محمد، گوٹھ جمن برہ ہنڈوی، بلیک ٹاپ روڈ گوٹھ لکھو، عبدالستار عاربانی لنک روڈ اور گوٹھ ابراہیم فقیر سمیت متعدد رابطہ سڑکوں اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میونسپل کمیٹی اوتھل کے کونسلر نبی بخش خلیفہ اور آفس اسسٹنٹ امام دین شیخ بھی ان کے ہمراہ تھے۔

ایکسائز فورس جعفرآباد کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، حنیف بلوچ

اوستہ محمد (نامہ نگار) منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل کے لیے ای ٹی او ایکسائز فورس جعفرآباد کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں عوام دوست افیسر جاوید بلوچ کی مکمل حوصلہ افزائی کی جائے ان خیالات کا اظہار اوستہ محمد بچاؤ تحریک کے صدر معروف قوم پرست رہنما محمد حنیف بختیار زئی بلوچ نے مشرق سے بات چیت کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ ایکسائز فورس کے جواں مرد دیانت دار فرض شناس افیسر ای ٹی او جعفرآباد اوستہ محمد جاوید بلوچ کی کاوشوں کی وجہ سے منشیات سے پاک معاشرے کی تشکیل ممکن ہو رہی ہے ای ٹی او جعفرآباد جاوید بلوچ کی سربراہی میں ایکسائز اینٹی نارکوٹکس فورس منشیات فروش اور منشیات کی سمگلنگ کرنے والے مافیا کے خلاف مسلسل کامیاب کاروائیاں کرتے ہوئے پورے بلوچستان میں فورس کا نام سربلند رکھا ہے

حلقے کی ترقی کے لیے سنجیدہ اور بھرپور کردار ادا کررہے ہیں، بشیر مندرانی

گنداخہ (آن لائن) محبت شاخ کے علاقے گوٹھ بشیر احمد مندرانی جمالی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما، رکن قومی اسمبلی میر خان محمد خان جمالی کے خصوصی فنڈ سے بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر تیزی سے جاری ہے۔ یہ منصوبہ فعال اور نوجوان قیادت ہیرسٹر میر قیس خان جمالی کی ذاتی دلچسپی اور بہترین تجاویز کا نتیجہ ہے، جبکہ کام کی نگرانی معروف ٹھیکیدار امتیاز بہرانی کر رہے ہیں۔ مقامی معزز بشیر احمد جمالی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا اور انہوں نے بتایا کہ بارشوں کے موسم میں راستہ نہ ہونے کے باعث عوام شدید پریشانی کا شکار ہوتے تھے، مگر اب بلیک ٹاپ روڈ کی تعمیر سے سفر میں بے پناہ آسانی پیدا ہوگی۔ یہ منصوبہ نہ صرف ترقی کی راہیں کھولے گا بلکہ علاقے کے معیار زندگی کو بھی بلند کرے گا انشاء اللہ اور جمالی قیادت کی عوام دوست سوچ اور عملی خدمت کا یہ واضح ثبوت ہے کہ وہ اپنے حلقے کی ترقی کے لیے سنجیدہ اور بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

ایس پی استا محمد نے ضلع میں امن وامان مہم شروع کی

ضلعی پولیس نے منشیات، قمار بازی سمیت جرائم کے سدباب کیلئے خصوصی مہم چلائی

استامحمد (نامہ نگار) ایس پی استا محمد غلام حسین باجوئی نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں امن وامان کے قیام، منشیات عصمت فروشی اور قمار بازی (جوئے کے اڈوں) سماجی برائیوں سمیت جرائم کے سدباب کیلئے خصوصی مہم چلائی جائے گی پریس کلب میں صحافیوں کے ساتھ خصوصی نشست کے دوران انہوں نے کہا کہ پریس اور پولیس کا چولی دامن کا ساتھ ہے صحافی اور میڈیا ہماری آنکھیں اور کان ہیں آپ ہی کی نشاندہی پر جرائم کی بیخ کنی ہوتی ہے پریس کی جانب سے ہماری کمی اور کوتاہی کو درست کرنے کا موقع ملتا ہے انہوں نے کہا کہ معاشرتی جرائم میں سودی لعنت تمام جرائم کی جڑ ثابت ہوئی ہے سودی کاروبار ہی بہت بڑا فساد اور خون خرابے کا سبب بنتا ہے اس علاقے میں بڑے قبائلی تنازعات اور خون ریزی کے واقعات سودی کاروبار کی وجہ سے ہو رہے ہیں چنانچہ میری کوشش ہوگی کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کھلی جنگ میں ملوث عناصر کو بے نقاب کر کے لوگوں کو اس لعنت سے چھٹکارا دلایا جائے انہوں نے کہا کہ حال ہی میں پولیس کے اعلیٰ حکام کی ہدایت پر ہم نے ضلع بھر میں قانون شکن عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر لیا

مستونگ صحت مہم اور نیوٹریشن سینٹر میں پیش رفت

ڈبلیو ایچ او اور ڈی ایچ او نے مہم نگرانی ہسپتال انتظامیہ سے ملاقات کی

اداروں کے تعاون سے مہم میں کوریج ممکن ہوگی، سی ای او ڈاکٹر عامر اقبال

مستونگ (نامہ نگار) صحت کے شعبے میں اہم پیش رفت کے سلسلے میں، ڈبلیو ایچ او کے ٹیکنیکل آفیسر سرویلنس ڈاکٹر جواد احمد اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر مستونگ ڈاکٹر سلیم رہ؟ ساتی نے شہید نواب غوث بخش ر؟ ساتی میموریل ہسپتال مستونگ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر عامر اقبال رئیسانی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ یہ ملاقات ڈسٹرکٹ مستونگ میں جاری میزلس اور روبیلا ویکسینیشن مہم کی نگرانی اور مہم کی کامیابی کے لیے منعقد ہوئی۔ اس موقع پر پرائیویٹ ہیلتھ کیئر کے بارے میں گفتگو ہوئی، جس میں بیماریوں کی روک تھام اور عوامی صحت کی بہتری کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ڈبلیو ایچ او کی معاونت سے ہسپتال میں نیوٹریشن سٹیبلائزیشن سینٹر کا کام تیزی سے جاری ہے، جو بہت جلد انشاء اللہ فعال ہو جائے گا۔ یہ سینٹر غذائی مسائل کا شکار بچوں اور مریضوں کے لیے جدید سہولیات فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ ڈی ایچ او مستونگ ڈاکٹر سلیم ر؟ ساتی نے میزلس اور روبیلا مہم کے حوالے سے کہا کہ ہسپتال جیسے اداروں کے تعاون سے 100 فیصد کوریج کا ہدف حاصل کیا جا سکے گا۔ آخر میں شرکاء نے عوام کو یہ پیغام دیتے ہوئے کہا کہ اپنے بچوں کو میزلس اور روبیلا ویکسین ضرور لگوائیں، اور غذائی صحت پر توجہ دیں۔ یہ اقدامات علاقے میں وبائی امراض کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوں گے۔

مستونگ، سی او نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال ڈاکٹر عامر اقبال رئیسانی سے ڈبلیو ایچ او اور ڈی ایچ او کے ٹیکنیکل آفیسر ملاقات کررہے ہیں

گوادر یونیورسٹی کے طالبعلم مقصود اکرم کی شارٹ فلم مقابلے میں کامیابی

وی سی نے طالبعلم کی تخلیقی صلاحیت اور صوبائی سطح پر شاندار کارکردگی کو خصوصی طور پر سراہا

گوادر (ن ن) یونیورسٹی آف گوادر مسرت کے ساتھ اعلان کرتی ہے کہ یونیورسٹی کے شعبہ ایجوکیشن کے طالبعلم مقصود اکرم نے انٹر یونیورسٹی شارٹ فلم مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ یہ مقابلے NAB & Awareness) بلوچستان (Wing Prevention کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے انٹر یونیورسٹی ڈیکلیمیشن، مضمون نویسی، پوسٹر، کیلیگرافی اور شارٹ فلم مقابلے 2025 کا حصہ تھے اس موقع پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالرزاق صابر نے ہونہار طالبعلم مقصود اکرم کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے طالبعلم کی تخلیقی صلاحیت، محنت اور صوبائی سطح کے اس مقابلے میں ان کی بہترین کارکردگی کو سراہا۔ وائس چانسلر نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ گوادر یونیورسٹی ٹیلنٹ، تخلیقی صلاحیتوں اور مثبت علمی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ ایسی کامیابیاں ہمارے طلبہ کی ابھرتی ہوئی صلاحیتوں اور یونیورسٹی کے معیاری تعلیم و تربیت کے وژن کی عکاس ہیں۔ ہم مستقبل میں بھی ایسی صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی حوصلہ افزائی جاری رکھیں گے۔ گوادر یونیورسٹی مقابلوں میں شامل صوبے کی دیگر یونیورسٹیوں کے کامیاب شرکاء کو بھی مبارکباد پیش کرتی ہے اور طلبہ کو مختلف شعبوں میں صلاحیتوں کے اظہار کا موقع فراہم کرنے پر نیب بلوچستان کا شکریہ ادا کرتی ہے۔

تنظیم ادارہ بحالی مستحقین کے نئے بورڈ آف ایگزیکٹو باڈی کے اراکین نے حلف اٹھالیا

عبدالرحمن زئی (نامہ نگار) تنظیم ادارہ بحالی مستحقین کے اجلاس زیر صدارت ڈاکٹر صبیحہ قدیر وڑائچ چیئرپرسن منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں ادارے کے نئے بورڈ آف ایگزیکٹو باڈی کی منظوری دی گئی۔ مندرجہ ذیل ممبرز ایگزیکٹو باڈی نے اپنے اپنے عہدے کا حلف اٹھایا۔ ڈاکٹر صبیحہ قدیر وڑائچ (چیئرپرسن) چوہدری احمل خان (سینئر وائس پریذیڈنٹ) پروفیسر زہرہ دورانی (وائس پریذیڈنٹ) مسز صبا تو ازگھسی (ٹریژر) امجد علی صدیقی (ممبر ایگزیکٹو باڈی۔ طارق سیف اللہ پراچہ (ممبر ایگزیکٹو باڈی) میٹنگ میں نئی ایلیکٹڈ چیئرپرسن اور طارق پراچہ ممبر ایگزیکٹو باڈی کی خوش آمدید کہا گیا۔ میٹنگ میں مرحومہ سابقہ چیئرپرسن ثریا اللہ دین کی ادارے کے لئے خدمات کو سراہا گیا۔

الیکشن میں حصہ لینا میر عمرخان جمالی کا حق ہے، میر ہمایوں جمالی

اوستہ محمد (آن لائن) میر ہمایوں خان جمالی نے حال ہی میں میر عمر خان جمالی کے بیان پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا کہ میر عمر خان جمالی نے نصیرآباد کے مختلف علاقوں میں الیکشن میں حصہ لینے والی بات کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ الیکشن میں حصہ لینا میر عمر خان جمالی کا حق ہے اور میر عمر خان جمالی سابق وزیر اعظم سینئر سیاستدان مرحوم میر ظفر اللہ خان جمالی کے سیاسی جانشین ہیں انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد کی عوام کو میر ظفر اللہ خان جمالی کا شکرگزار ہونا چاہیے کہ جن کی کاوشوں سے اوستہ محمد کو (ضلع) کا درجہ ملا ہے جس طرح ڈیرہ اللہ یار کی عوام میر عمر خان جمالی کے شکرگزار ہیں جنہوں نے ڈیرہ اللہ یار کی عوام کے لیے پاور پلانٹ منظور کروایا اور خدمات کی اور ان کے والد نے بھی کی۔ سیاسی طور پر سب میر ظفر اللہ خان جمالی کے شاگرد ہیں ان کے سب پر احسان ہیں اب ان سب کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا ہونا ہوگا۔

خضدار، مستحقین میں امدادی چیکس تقسیم کیے گئے

خضدار (آن لائن) وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کے انچارج محمد کاشف بلوچ کی خصوصی دلچسپی اور توجہ کے نتیجے میں علاقے کے معذور افراد کو مالی امداد فراہم کرنے کا اہم اقدام مکمل ہوا۔ وفاقی محتسب کے انویسٹی گیشن آفیسر محمد اسحاق نے اس سلسلے میں بیت المال کی جانب سے جاری کردہ امدادی چیکس مستحقین میں تقسیم کیے۔ اس فلاحی اقدام کے تحت 9 معذور افراد کو 20,000 روپے فی کس کے حساب سے مالی امداد فراہم کی گئی۔ امداد کا مقصد معذور افراد کو درپیش معاشی مشکلات کم کرنا اور انہیں سہارا فراہم کرنا ہے۔ اس دوران محمد اسحاق نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ ہر ممکن کوشش کررہا ہے کہ عوامی شکایات کا بروقت ازالہ ہو اور مستحق افراد تک سرکاری سہولیات بلا تاخیر پہنچیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریجنل آفس خضدار کی ٹیم عوامی خدمت کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔

نصیرآباد حلقہ پی بی 14 کی سیاسی سرگرمیوں میں تیزی

نصیرآباد (نامہ نگار) حلقہ پی بی 14 میں سیاسی سرگرمیوں میں تیزی، تھیبو برادری کے معززین نے بڑی تعداد میں پیپلز پارٹی پینل چھوڑ کر میر بہرام خان پتافی کی قیادت میں سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کے پینل میں شمولیت کا اعلان حلقہ پی بی 14 میں سیاسی درجہ حرارت میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے جہاں تھیبو برادری کے متعدد علاقہ معتبرین اور معززین نے پیپلز پارٹی پینل سے مستعفی ہوتے ہوئے میر بہرام خان پتافی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے سابق صوبائی وزیر میر عبدالغفور لہڑی کے پینل میں شمولیت اختیار کرلی ہے شمولیت اختیار کرنے والوں میں استاد عبدالکریم تھیبو، ماسٹر عبدالرزاق تھیبو، رئیس مولا بخش تھیبو، استاد کریم بخش تھیبو، عبدالعزیز خان تھیبو، محمد عظیم تھیبو، وڈیرا شوکت علی تھیبو، محمد خان، محمد عمران، محمد علی، وڈیرا صداقت علی تھیبو، عبداللطیف تھیبو، کامریڈ سراج احمد، صادق علی، اذحا خان، خدا بخش، عبدالکریم تھیبو سمیت دیگر شخصیات شامل ہیں۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔
☆ اس اور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
☆ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔
☆ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔
☆ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

گمشدگی شناختی کارڈ

میرے والد مرحوم کا پرانا قومی شناختی کارڈ نمبر 60144151506 بنام امیر سلام ولد عبدالوہاب کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03218182649 پر مطلع کریں المشتہر نور محمد ولد امیر سلام
R.No...........62399

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5430397970336 بنام بی بی افسانہ زوجہ عبدالمالک کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون 0311128647 پر مطلع کریں
نمائندہ وقلعہ عبداللہ..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420322455263 بنام عبدالخالق ولد علاؤ الدین کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون 03227040235 پر مطلع کریں
نمائندہ وقلعہ عبداللہ..........

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5420356574819 بنام محمد قاسم ولد جمعہ خان کہیں گم ہوگیا ہے ملنے پر فون نمبر 03142094798 پر مطلع کریں
نمائندہ وقلعہ عبداللہ..........

درستگی نام

خت بی بی بیوہ مظفر علی قومی شناختی کارڈ نمبر 5320218250972 ہے میرے شوہر کی سروس بک اور پنشن میں میرا نام KHATooBiBi لکھا گیا ہے وہ غلط ہے میرا درست نام خت بی بی ہے لہذا میرے شوہر کے سروس بک اور پنشن میں میرا نام درست کیا جائے المشتہر خت بی بی
نمائندہ نصیرآباد..........

اشتہار بابت غیر حاضری

اشتہار بنام:۔ جمیل احمد ولد حاجی دولت خان چوکیدار، عدالت جوڈیشل مجسٹریٹ تفتان حال اٹیچ بطور نائب قاصد عدالت ڈسٹرکٹ وسیشن جج چاغی بمقام دالبندین

ہرگاہ کہ تم ملازم عدالت ہذا کو بذریعہ اخباری اشتہار ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ تم مورخہ 09-10-2024 سے بلا کسی پیشگی اطلاع اور چھٹی کی منظوری کے مسلسل اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہو اس بابت تمہیں بذریعہ شوکاز نوٹس حکم دیگر ہدایت دی گئی کہ تم حاضر عدالت ہو کر غیر حاضری کی وجہ بیان کریں لیکن تم دیدہ و دانستہ نوٹس کی تعمیل سے گریزاں رہے لہذا اشتہار ہذا خلاف بلوچستان ڈسٹرکٹ جوڈیشری اسٹاف سروس رولز 2021 سیکشن 29 کے تحت تمہیں بذریعہ اخباری اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ سات (7) ایام کے اندر اندر اپنے ڈیوٹی پر حاضر ہو کر غیر حاضری کی وجوہات بیان کریں بصورت دیگر مروجہ قوانین وضوابط کے تحت تم کو سرکاری نوکری سے برخاست کیا جائیگا اس بابت حتمی تاکید جانیں۔

ڈسٹرکٹ وسیشن جج
چاغی بمقام دالبندین

PRQ No 2504/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611912561 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB.**

Tender Fee1,000 PKR

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Furniture & Fixtures (Total Item(s) Count: 5)	2 %

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 2 Assignments of Similar Nature and Complexity 1,000,000 in Previous 2 Years Turn over of at least 500,000 PKR in 2 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non-responsive Submission of the required Bidding document Fee **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Deposit at Call of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 04 December, 2025during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 04 December, 2025till 10:45 AM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 11:45 AM Address: Brewery Road Near CASVAB quetta Phone no: 0819213147Fax no: 0819213147
Email: dgflddd@gmail.com

DIRECTOR GENERAL FARMS & FEED RESOURCES QUETTA

PRQ No.2485/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

درخواستیں مطلوب ہیں

لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر واٹر و میرین سائنسز اوتھل میں تعلیمی سال 2025 بی ایس (B.S) ایگریکلچر محکمہ زراعت بلوچستان کے ملازمین کے بچوں کیلئے مختص کوٹہ کی نشستوں کیلئے لوکل رڈومیسائل امیدواروں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔ امیدواروں کی تعلیمی قابلیت انٹرمیڈیٹ سائنس (پری میڈیکل / پری انجینئرنگ) میں 45% مارکس ہونے چاہیے۔ تھرڈ ڈویژن اور پہلے سے کسی بھی یونیورسٹی میں منتخب امیدوار درخواست دینے کے اہل نہیں ہونگے۔ امیدواروں کا انتخاب میرٹ پر ہوگا۔ درخواست کے ہمراہ مندرجہ ذیل اسناد / سرٹیفکیٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہیے۔

1	4۔عدد میٹرک سرٹیفکیٹ بمعہ ڈی۔ایم۔سی	2	4۔عدد F.Sc سرٹیفکیٹ بمعہ ڈی۔ایم۔سی
3	4۔عدد لوکل رڈومیسائل	4	4۔عدد کالج چال چلن سرٹیفکیٹ
5	4۔عدد قومی شناختی کارڈ اپنا/ والد سرپرست	7	4۔عدد میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ
7	4۔عدد پاسپورٹ سائز تصاویر	8	4 والد کے تنخواہ کا سلپ

درخواست فارم ہر طرح سے مکمل ہو جو مورخہ 25-11-2025 تک ذاتی طور پر زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہیے، انٹرویو دفتر ہذا میں مورخہ 26-11-2025 کو صبح 10:00 بجے منعقد ہونگے۔ اور اصل کاغذات و اصل اسناد انٹرویو کے وقت امیدوار اپنے ہمراہ ضرور لائیں امیدوار درخواست کے ہمراہ مبلغ 50 روپے کے اسٹامپ پیپر پہ حلف نامہ جمع کریگا کہ وہ مذکورہ مخصوص نشست پر نامزدگی کی صورت میں داخلہ لینے کا پابند ہوگا اور یہ کہ اس ضمن میں اس کا کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔ داخلہ نہ لینے کی صورت میں آئندہ وہ کسی بھی پروفیشنل زرعی یونیورسٹی میں داخلے کے لیے محکمہ کی طرف سے نامزدگی کے لیے اہل نہیں ہوگا۔ انٹرویو کے لئے کسی قسم کے سفری اخراجات محکمہ کی طرف سے نہیں دیا جائے گا۔ تمام امیدواران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مزید معلومات کیلئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.luawms.edu.pk ملاحظہ کریں اور یونیورسٹی ویب سائٹ پر آن لائن رجسٹریشن و اپلائی کریں اور داخلہ کیلئے یونیورسٹی ہذا کے دیگر تمام شرائط کو مکمل کریں۔ **نوٹ:۔** نامکمل درخواست فارم لسٹ میں انٹرویو کے لیے شامل نہیں کیے جائیں گے۔

ناظم اعلیٰ زراعت
توسیع بلوچستان کوئٹہ

PRQ No 2503/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

It is hereby informed to all contractors that the scheme titled "CONSTRUCTION OF ASSISTANT COMMISSIONER OFFICE AND RESIDANCE AT MEKHTAR LORALAI" was published in the Daily newspaper, Vide PRQ No 2309 dated 08.11.2025 and also uploaded on the BPPRA website under TSE-252611907133. The bid opening date is scheduled for 24 th November 2025. Please note that only electronic bids will be accepted; physical submission of bids is not required. The Evaluation Criteria and value of liquidated damage & defect liability have been amended and can be reviewed in the updated Bidding Documents. The deadline for bid submission is changed from 24th November 2025 to 26 th November 2025. All procurements shall be carried out in accordance with the Balochistan Public Procurement Rules, 2014.

EXECUTIVE ENGINEER(Buildings), CW,PP& H Department District Loralai

PRQ No.2492/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کچھی بمقام ڈھاڈر

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ (10) 19 انسداد دہشت گردی ایکٹ
ATC نمبر 31/2025 FIR نمبر 08/2025 سرکار بنام:۔ فدا حسین وغیرہ
جرم زیر دفعہ PPC, 07 ATA ,302,324,353,186,147,148,149
لیوزی تھانہ تھکن

ہرگاہ ہمارے روبرو نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) شفیق محمد عرف شفو ولد دین محمد قوم ابڑو سکنہ ولدار (2) میر حسن ولد عبدالمجید قوم چالہ (3) منور علی ولد اطف علی قوم ابڑو سکنہ تھکن (4) مشعل ولد عبدالغفور قوم ابڑو سکنہ جنگو (5) بابل ولد بختیار قوم ابڑو سکنہ گوٹھ میر خان بھاگ (6) شاہ جہان عرف شاہجو ولد سلطان محمد قوم گویا (7) محمد صلاح ولد احمد خان قوم ابڑو سکنہ تھکن (8) محمد نواز ولد علی محمد قوم ڈشتی سکنہ ڈشتی بھاگ (9) مختیار احمد عرف مور ولد محمد پناہ قوم چالہ سکنہ باغائی جرم بالا جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یاان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے ریٹرن یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بمطابق اس نالش کے جاری ہوا تھا معلوم ہوا ہے کہ مسمیان مذکوران بالا دستیاب نہیں ہوسکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکوران بالا فرار ہوگئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کیا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان مذکوران کو لازم ہے کہ وہ تاریخ 03-12-2025 کو عدالت ہذا بمقام ڈھاڈر نالش مذکورہ کی قلمبندی کیلئے حاضر ہو مفرور ملزمان کی جانب سے مسٹر خیر محمد مری (ایڈوکیٹ) کو کونسل مقرر کیا جاتا ہے۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی
کورٹ کچھی بمقام ڈھاڈر

PRQ No 2510/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

The office of the Executive Engineer Irrigation Division Chaman called Tenders on 13 November 2025 in daily Newspaper vide PRQ No. 2408/13-11-2025. The Eligibility Criteria and Evaluation Criteria of the Works under TSE-252611906543 has been amended in eligibility and evolution criteria and Also Date and Time has been Extended other Terms and Conditions are remain same Which can be seen and Download from BPPRA Website.

Executive Engineer, Irrigation Division, Chaman

PRQ No.2496/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت سول جج مسلم باغ

جانشینی نمبر 34/2025 منجانب 19/11/2025 تاریخ 3/12/2025

1۔ بی بی حنیفہ 2۔ بخت زینہ 3۔ جوہریہ 4۔ روبالیہ 5۔ بی بی آریہ 6۔ بلال احمد 7۔ نثار احمد 8۔ افتخار احمد 9۔ گلزار احمد 10۔ حارث احمد پسران ودختران عبدالروف مرحوم اقوام محراب زئی ساکنان کم کاریز تحصیل مسلم باغ قلعہ سیف اللہ بنام عوام الناس

درخواست برائے حصول جانشینی سرٹیفکیٹ زیر دفعہ 372 سکسیشن ایکٹ 1952

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ بمقام مندرجہ درخواست جانشینی سائل نے بذریعہ کونسل عدالت ہذا میں گزاری ہے جس کی تاریخ پیشی مورخہ 3/12/2025 کو مقرر ہو چکی ہے لہذا عوام الناس بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو درخواست جانشینی سرٹیفکیٹ عنوان بالا کی بابت کوئی اعتراض ہو تو مقررہ بالا تاریخ پیشی پر عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہو کر پیروی دعوی اور درخواست کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی آج بمورخہ 19/11/025 کو میرے دستخط اور مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ مسلم باغ

TENDER NOTICE

The Balochistan Education Endowment Fund invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-252611913841 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. Tender Fee Not Required**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Books, Magzines, electronic & Printed Publications **(Total Item(s) Count: 5)**	2%

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 03 Assignments of Similar Nature and Complexity 5,000,000 in Previous 03 Years Turn over of at least 4,500,000 PKR in 01 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List Sales Tax Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan JV is not permissible Submission of the required Bid Security In case Bid Security is not found as required during financial evaluation the bidding firm shall be declared as in-eligible and non- responsive The Firm Must own the Printing Press or have authorization Letter from Printing Press.Sample of all items must be Submitted with technical Bid **Procedure Of Procurement:**Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Gurantee** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **08 December,2025**during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **08 December, 2025 till 11:00 AM Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at **12:00 PM Address:** House # 116/40-A Near Main Jama Masjid Jinnah Town Quetta
Phone no: 0812870015 Email:zkn6334@gmail.com

Chief Executive officer Balochistan Education Endowment Fund

AB No.490/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

EXTENSION IN DATE OF TENDER SUBMISSION

Reference to PRQ No. 2159/28.10.2025 and PRQ No. 2436/17.11.2025 published in various newspapers dated 29.10.2025 and 18.11.2025 under TSE # 252610903433. The last date of bid submission may be read as 24 th November, 2025 at 10:30 A.M. The bids will be opened electronically on the same day at 11:30 A.M. All other terms and condition shall remain same.

Director Electricity (North) Energy Department Government of Balochistan

PRQ No.2478/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

Note:In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission,It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRAGOB. The Executive Engineer (Building) CWPP&H Department District Washuk invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 500 PKR and Bid Security 2%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	RENOVATION OF GOVERNMENT BOYS HIGHER SECONDARY SCHOOL LADGASHT DISTRICT WASHUK **TSE-252611912553**	9,999,998

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turnover of at least 6,999,998 PKR Amounting 3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2% specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **500 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to **10 December, 2025** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by **10December, 2025 till 10:00 AM. Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **11:00 AM Address:** Executive Engineer Building District Washuk

Executive Engineer Buildings CWPP&H Department District Washuk

PRQ No.2484/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت تحصیلدار اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول کاریزات بمقام خانوزئی

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ معزز عدالت کی طرف سے ایک مراسلہ بغرض 25 عدد سولر نیلامی کی حکم صادر فرمایا ہے لہذا عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ نوٹس ہذا کے مشتہر ہونے کے 3 تین دن کے اندر نیلامی 25 عدد سولر شیٹ زیر دستخطی کے دفتر میں نام و ولدیت درج کر کے شامل نیلامی میں حصہ پائے تاکہ معزز عدالت کی حکم کی تعمیل ہو کر جلد از جلد رپورٹ معزز عدالت میں پیش ہو سکے آج مورخہ 20/11/2025 کو میرے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا

نمائندہ خانوزئی

LOST AND FOUND

It is notified for the information of the general public that Call Deposit No. 757659 dated 25.09.2025, issued in favor of M/S Khabir Ahmed by National Bank of Pakistan, Musakhail Branch, has been misplaced. If found, please return it to the office of the Executive Engineer Public Health Engineering Division Musakhail

Executive Engineer Public Health Engineering Division Musakhail

PRQ No.2514/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت فیملی جج (2) کوئٹہ

مثل نمبر 116/25 درخواست گارڈین شپ

سرور خان ولد حبیب خان (مرحوم) سکنہ گلی شاکر خان سنو جان روڈ کوئٹہ بنام عوام الناس

اشتہار بنام عوام الناس:۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا عدالت ہذا میں زیر سماعت ہے جس کی آئندہ تاریخ سماعت 8/12/2025 مقرر ہو چکی ہے بذریعہ اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درخواست ہذا کی بابت کسی کو کسی قسم کی کوئی اعتراض ہو تو مقررہ تاریخ سماعت پر حاضر عدالت ہذا ہو کر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اشتہار ہذا آج بمورخہ 27/10/2025 کو بدستخط میرے و مہر عدالت سے جاری ہوا

62401

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (7 الف ف)(10)19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997
مقدمہ نمبر 15/23 سرکار بنام: افضل عرف فضل (1) مسمی افضل عرف فضل ولد بخش ترتیج آوران (2) عطا محمد عرف صومین ولد جاڑو سکنہ ماہباج (3) اختر ندیم عرف گیرام ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ مشکے (4) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم محمد حسنی سکنہ آواران (5) اختر عرف علی شیر ولد داؤد سکنہ زیلگ پر اندر (6) یاسین عرف کپا (7) احسان عرف عاجز ولد دلبو سکنہ آواران (8) لیاقت عرف سنگر (9) عبدالواحید عرف کیا (10) حاجی عرف درمان ولد بیبر جان (11) افضل شبیر (12) شوکت عرف تیمور ولد حمید اد سکنہ آواران (13) منصور بخش عرف ذوبو ولد ابراہیم سکنہ بیچ اندرور میانی ہٹ (14) بشیر عرف ندیم ولد کریم بخش ترتیج (15) اختر عرف الطاف ولد عباس (16) حمید اد عرف شاکر ولد نورانی جرم زیر دفعہ 07 ATA -7- h (1) (i) 7 کے مرتکب ہوئے ہیں یاان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بمطابق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان بالا کو لازم ہے کہ بتاریخ 27 نومبر 2025، کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد
دہشت گردی کورٹ خضدار

PRQ No 2508/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

CORRIGENDUM

Tender were called vide PRQ No .2283/05/11/2025 TSE No. 252611906443 in daily leading News paper was published on: 06-11-2025. The condition is mention in Notice Inviting Tender i.e CDR, Green Challan Original Affidavit must be reached to office of the Executive Engineer, the Condition is mentioned by mistake. Now the condition is as above mention is hereby removed. other terms and conditions will remain same.

Executive Engineer(Buildings) CWPP&H Department District Surab

PRQ No.2479/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی خضدار

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (7 الف ف)(10)19 انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997
مقدمہ نمبر 54/25 سرکار بنام: اختر ندیم وغیرہ CTD خضدار (1) مسمی اختر ندیم عرف میجر گیرام ولد لعل بخش قوم بلوچ سکنہ مشکے (2) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش قوم بلوچ سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ 07 ATA -7ih (A) 7i کے مرتکب ہوئے ہیں یاان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بمطابق نالش متعلق جاری ہوا ہے کہ مسمیان مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ ملزمان مذکورہ بالا فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے تئیں روپوش کئے ہیں۔ لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمیان اختر ندیم عرف میجر گیرام ولد لعل بخش (2) ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش کو لازم ہے کہ بتاریخ 27 نومبر 2025، کو عدالت انسداد دہشت گردی بمقام خضدار میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائے۔

اسپیشل جج انسداد
دہشت گردی کورٹ خضدار

PRQ No 2505/21-11-2025

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

اشتہار برائے عوام الناس

یہ کہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل اشخاص 1۔ حمداللہ 2۔ محمد خان 3۔ محمد جمعہ وغیرہ کہ ان افراد نے مورخہ 29/10/2025 کو روزنامہ مشرق کوئٹہ کو اشتہار برائے منسوخی الاٹ NOC دیا تھا جو کہ درج بالا افراد صرف اور صرف فریزئی قبیلہ کی مشترکہ زمین میں شامل ہوتے ہیں اور ان افراد کو دیگر کسی جگہ پر دعویٰ کرنے کے مجاز نہیں بنتے ہیں اور نہ یہ درج بالا چار افراد دعویٰ کرنے کے مجاز ہو سکتے ہیں اس کے علاوہ بذریعہ اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ ان کے جاری کردہ بیانات بے مقصد و بے بنیاد ہیں جبکہ میری NOC.No.647 کی حدود میں میرا کام جاری ہے نہ کہ بند ہے اور میری مائننگ بھی شروع ہے میری آلاٹ شدہ ایریا فریزئی کے مشترکہ ایریا سے ایک الگ ایریا ہے جب کہ فریزئی کے مشترکہ ایریا کے حدود یوں ہے اور شمال کی جانب میں فریزئی قبیلہ (تیر) اوبن اغبرگی اور تیر آخنگئی نرئی ہے اور مشرق کی جانب میں لوتزئی ہے اور مغرب کی جانب کنگئے زئی قبیلہ کی حدود ہے اور جنوب کی جانب میں لوتزئی قبیلہ کی مشترکہ اراضی ہے جو کہ بیان کردہ محدود اربعہ سے ماوراء میرے اپنی پدری وجدی موروثی پہاڑ واقع ہے جب کہ میری زمین اور پہاڑ اوبن اغبرگی سے یاد کیا جاتا ہے جو کہ یہ اوبن اغبرگی پہاڑ میرے موروثی و پدری ملکیت ہے یہ کہ میرے حوالے سے بمورخہ 22 جون 2024 کو جو بھی بیان دیا گیا ہے وہ غلط ہے جو سازشی افراد نے میرے لاعلمی میں خلاف پر دیا ہے جو میں نے نہیں دیا ہے اور بالا موضع کی میں حقیقی وارث ہوں لہذا بذریعہ اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا افراد افراد کی بنیاد پر قبضہ و بلیک میلنگ کرنا چاہتے ہیں

62398

المشتہر:۔ عبدالمنان اخندزادہ ولد ملا عبدالقادر اخندزادہ
شناختی کارڈ نمبر 5620189793717 فون نمبر 03218071592

روزنامہ مشرق کوئٹہ MASHRIQ

کوہلو: لوکل سرٹیفکیٹ کے نئے کمپیوٹرائزڈ سسٹم کا افتتاح کر دیا گیا

سسٹم کا آغاز ہوم ورک اور شفافیت کو یقینی بنانے کی ایک اہم کوشش ہے، ڈی سی

کوہلو (ن ر) ڈپٹی کمشنر کوہلو طیبہ منیر چنا نے لوکل سرٹیفکیٹ کے نئے کمپیوٹرائزڈ سسٹم کا باضابطہ افتتاح کر دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر کے ہمراہ اسسٹنٹ کمشنر عزیر شاہ، رسالدار میجر شریف مری، ڈپٹی ریجنل ڈائریکٹ محکمہ مال ریونیو ڈویژن ڈیرہ غازی خان فرحان وٹو، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محکمہ سکولز ایجوکیشن کوہلو ڈاکٹر ثمینہ شریف سمیت دیگر افسران اور مقامی معززین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کمپیوٹرائزڈ لوکل سرٹیفکیٹ سسٹم کا آغاز عوام کی سہولت اور شفافیت کو یقینی بنانے کی ایک بڑی کوشش ہے جس سے عملی انتظامیہ کے امور میں مزید بہتری آئے گی اور شہریوں کو ان کے بنیادی وشناختی حقوق بہتر انداز میں میسر آئیں گے۔ انہوں نے اپنی گفتگو میں مزید کہا کہ اب لوکل سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لئے مکمل ہوم ورک کے بعد متعلقہ افسران کی جانب سے ایف آئی آر کی شفافیت، درست معلومات اور وضاحتوں کے بعد ہی لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا جس سے عملی انتظامیہ کے امور میں مزید بہتری آئے گی اور شہریوں کو ان کے بنیادی وشناختی حقوق بہتر انداز میں میسر آئیں گے اپنی گفتگو میں مزید کہا کہ اب لوکل سرٹیفکیٹ کے اجراء کے لئے مکمل ہوم ورک کے بعد متعلقہ افسران کی جانب سے ایف آئی آر کی شفافیت، درست معلومات اور وضاحتوں کے بعد ہی لوکل سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا جس سے عملی انتظامیہ کے امور میں مزید بہتری آئے گی اور شہریوں کو ان کے بنیادی وشناختی حقوق بہتر انداز میں میسر آئیں گے۔

گنداواہ اور جھل مگسی کی سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار

بارشوں کے بعد سڑکوں کی حالت مزید خراب ہوگئی ہے، عوامی مسائل میں اضافہ

گنداواہ اور جھل مگسی (نامہ نگار) گنداواہ کی تمام مرکزی، ذیلی اور اندرون شہر گلیاں مکمل طور عرصے کی عدم توجہی کے باعث بری طرح ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہوچکی ہیں۔ روزانہ کی آمدورفت کے لئے استعمال ہونے والے یہ راستے اب گہرے گڑھوں اور اکھڑے ہوئے ٹیلوں کی وجہ سے شہریوں کے لئے شدید مشکلات پیدا کررہے ہیں۔ مریضوں کی ایمبولینس بھی بروقت نہیں پہنچ پاتیں اور عوام کو معمولی کاموں کے سفر کو قدم پر پریشانی اور خطرے سے خالی نہیں رہا۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بارشوں کے بعد سڑکوں کی حالت مزید خراب ہوچکی ہے اور کئی مقامات پر تو صورتحال ایسی ہے کہ پیدل چلنا بھی دشوار ہوگیا ہے۔ شہری مطالبہ کرتے ہیں کہ ان سڑکوں کی بحالی اور مرمت کے لئے بھی جنگی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں تاکہ عوام کو مشکلات سے نجات مل سکے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ ہر الیکشن میں ووٹ لینے کے لئے تو سیاسی جماعتوں کے نمائندے بڑے بڑے وعدے کرتے ہیں لیکن الیکشن کے بعد کوئی بھی ان کی خبر نہیں لیتا۔ انہوں نے کہا کہ اب عوام ان وعدوں پر یقین نہیں کرتے اور ان کا مطالبہ ہے کہ ان سڑکوں کی بحالی کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں۔

کلی گورگیج کے ٹرانسفارمرز خراب، عوام بجلی سے محروم

تین ہفتوں سے متعلقہ محکمے کی عوام کو روزمرہ کے کام میں شدید مشکلات کا سامنا

مل (نامہ نگار) کلی گورگیج کے تین ٹرانسفارمر خراب ہونے پر بجلی کی سہولت سے محروم سردی کی آمد کے ساتھ ہی ٹرانسفارمروں کی خرابی شروع ہوگئی تھی کہ گورگیج کے تین ٹرانسفارمر اور ایک واپڈا سپیڈ سے خراب ہوگئے جس کی وجہ سے تین ہزار افراد پر مشتمل کلی بستی کی یہ آبادی دو ہفتوں سے بجلی کی بندش کی وجہ سے عوام کو مشکلات کا سامنا ہے کلی گورگیج کے ٹرانسفارمروں کو تین سال پہلے نصب کیا گیا تھا اس کی عمر بھی پوری ہوچکی ہے اور ٹرانسفارمر اوورلوڈ ہونے کی وجہ سے بار بار خراب ہوتے ہیں جس کی وجہ سے عوام بجلی کی سہولت سے محروم ہیں ایک طرف مارکیٹ میں بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ جاری ہے تو دوسری طرف ٹرانسفارمر خراب ہونے کی وجہ سے عوام کو دوہرے عذاب کا سامنا ہے متعلقہ محکمے کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ خراب ٹرانسفارمروں کو تبدیل کرکے نئے ٹرانسفارمر نصب کئے جائیں تاکہ عوام کو بجلی کی سہولت میسر آسکے۔

درخواستیں مطلوب ہیں

ڈائریکٹوریٹ جنرل ایکسائز انٹیلیجنس اینڈ انویسٹی گیشن کوئٹہ کو بلوچستان کے لوکل آرڈیننس کے درج ذیل آسامیوں پر کرنے کیلئے درخواستیں مطلوب ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی	اسکیل	تعلیمی قابلیت	تعداد	علاقائی کوٹہ	عمر کی حد
1	اسسٹنٹ کمپیوٹر پریٹر	B-12	ایف ایس سی، ڈپلومہ ایسوسی ایٹ انجینئرنگ (کمپیوٹر سائنس/IT) یا متعلقہ شعبہ میں 2 سال کا تجربہ	39	میرٹ 06۔ فاٹا 06۔ ڈوب 04 نصیر آباد 03۔ کوہلان 05۔ کوئٹہ 05 زوب 05۔ سبی 03۔ کوئٹہ 02 خواتین 02۔ اقلیت 02۔ مقدد 01	18 تا 30 سال
2	جونیئر کلرک	B-11	۱) کسی بھی منظور شدہ بورڈ سے بارہویں جماعت (انٹرمیڈیٹ) کا امتحان پاس ہو۔ ۲) 30 الفاظ فی منٹ انگلش اور اردو ٹائپ اسپیڈ ۳) کمپیوٹر آپریشن اور سافٹ ویئر میں مہارت رکھنے والے کو ترجیح دی جائیگی۔	12	میرٹ 02۔ فاٹا 01۔ ڈوب 02 نصیر آباد 01۔ کوہلان 02۔ کوئٹہ زون 02۔ سبی 01۔ کوئٹہ سٹی 01	18 تا 30 سال
3	کانسٹیبل	B-05	انٹرمیڈیٹ۔ جسمانی طور پر تندرست	137	میرٹ 25۔ فاٹا 22۔ ڈوب 15 نصیر آباد 15۔ کوہلان 15۔ کوئٹہ زون 15۔ سبی 08۔ کوئٹہ سٹی 08 اقلیت 07	18 تا 30 سال
4	کانسٹیبل (فی میل)	B-05	انٹرمیڈیٹ۔ جسمانی طور پر تندرست	07	پورے بلوچستان سے	18 تا 30 سال
5	ڈرائیور	B-04	مڈل سرٹیفکیٹ۔ HTV/LTV لائسنس کے حامل افراد اپلائی ہوں گے۔	28	آواران 01۔ خاران 01۔ کے ای زیارت 02۔ خضدار 02۔ نصیر آباد 01۔ سوراب 01۔ چاغی 01 سبی 01۔ صحبت پور 01۔ لسبیلہ 02 ژوب 01۔ کوہلو 01۔ ڈیرہ بگٹی 01۔ ڈی جی خان 01۔ کوہلو 01۔ کوئٹہ 02۔ ای ڈی او ہیلتھ کوئٹہ 06	18 تا 30 سال
6	نائب قاصد	B-01	خواندہ	20	آواران 01۔ خاران 01۔ کے ای زیارت 01۔ پشین 01۔ چاغی 01۔ چمن 01 قلعہ سیف اللہ 01۔ سوراب 01۔ سبی 01۔ صحبت پور 01۔ ژوب 01۔ لسبیلہ 01۔ کوہلو 01۔ کوئٹہ 02	18 تا 30 سال
7	چوکیدار	B-01	خواندہ	13	آواران 01۔ بارکھان 01۔ پشین 01 چاغی 01۔ چمن 01۔ سوراب 01 سبی 01۔ کوئٹہ آفیسر 01۔ نصیر آباد 01	18 تا 30 سال

اہلیت /ہدایات برائے ایکسائز کانسٹیبل

قد	چھاتی (صرف مرد امیدوار)		وزن
برائے مرد امیدواران	برائے خواتین امیدواران	برائے مرد امیدواران	برائے خواتین امیدواران
کم از کم 5 فٹ 6 انچ	کم از کم 32/3 انچ	1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔	1.6 کلومیٹر دوڑ 7 منٹ میں طے کرنا ہوگی۔

نوٹ۔ بھرتی ہونے کے بعد 7 ماہ کی لازمی بنیادی ٹریننگ کے PTC/LTC امیدوار کا فٹ، بھرتی کی پیمائش درست ہوگی۔ امیدوار کا فٹ، بھرتی کی پیمائش اور اسٹوڈنٹ ایجوکیشن امیدوار کا پورا کیا جائے گا۔ ☆ امیدوار کا پورا پیمان علمی حق (FIR) میں ہونا امیدوار کے صوبہ میں امیدوار کا پکا رہائشی ہونا ضروری ہے۔ ☆ محکمہ کی طرف سے کسی بھی ایف آئی آر (FIR) میں نامزد امیدوار کو بھرتی نہیں کیا جائے گا۔ ☆ بھرتی کے بعد امیدوار کو بلوچستان بھر میں کسی بھی جگہ ڈیوٹی پر تعینات کیا جائے گا۔ ☆ امیدوار کا تعلق کسی بھی ضلع سے ہو سکتا ہے جس کی درخواست منظور کی جائے گی

بقیہ 1 قرارداد یں منظور

سخت مشکلات کا سامنا ہے، لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے کہ بلوچستان کے وہ علاقے جن میں سخت سردی پڑتی ہے وہاں گیس لوڈشیڈنگ فوری طور پر ختم اور جن علاقوں میں سخت گرمی پڑتی ہے وہاں بجلی کی لوڈشیڈنگ ختم کرنے کو یقینی بنائے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے اصغر ترین نے کہا کہ ہم ہر سال سردی میں گیس اور گرمی میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا رونا روتے رہتے ہیں، زرعی فیڈروں کے سولر پر منتقل ہونے کے بعد بھی بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، پشین میں لکڑی دو ہزار روپے من فروخت ہورہی ہے، انہوں نے کہا کہ بجلی اور گیس کے بغیر ہمارے لوگ زندگی نہیں گزار سکتے اب تک سردی کی شدت میں اضافہ نہیں ہوا اس سے پہلے اس مسئلہ کو حل کیا جائے۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن سید ظفر علی آغا نے بھی اسپیکر سے کمیٹی بنانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک کمیٹی بنائی جائے جو بجلی اور گیس کے معاملے کو مسلسل دیکھے، انہوں نے کہا کہ منفی درجہ حرارت میں بھی بلوچستان کے لوگ بغیر گیس کے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن زابد علی ریکی نے کہا کہ بلوچستان میں گیس اور بجلی کی لوڈشیڈنگ کا مسئلہ سنگین ہوتا جارہا ہے، وفاق میں مسلم لیگ (ن) کی حکومت ہے (ن) لیگ کے اراکین اسمبلی یہاں ایوان میں باتیں کرنے کی بجائے اپنے وزیراعظم سے ملاقات کرکے یہ مسئلہ حل کرائیں۔ بعدازاں ایوان نے قرارداد کو ایوان کی مشترکہ قرارداد کے طور پر متفقہ منظور کرلیا۔ اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے سید ظفر علی آغا نے قرارداد پیش کرتے ہوئے کہا کہ کلی علیزئی ضلع پشین تقریباً 60 ہزار نفوس پر مشتمل علاقہ ہے اور اس کی آبادی دن بدن بڑھ رہی ہے واضح رہے کہ کلی علیزئی میں اس وقت آر ایچ سی، بجلی گرڈ اسٹیشن اور پولیس تھانہ بھی موجود ہے اس کے باوجود کلی علیزئی کو سب تحصیل کا درجہ نہیں دیا گیا ہے۔ لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ کلی علیزئی ضلع پشین کو سب تحصیل کا درجہ دینے کی بابت عملی اقدامات اٹھانے کو یقینی بنائے تاکہ وہاں کے عوام کا دیرینہ مطالبہ حل ہو اور انہیں زندگی کی تمام بنیادی سہولیات میسر آسکیں۔ جمعیت علماء اسلام کے رکن اسمبلی اصغر علی ترین نے کہا کہ پشین کی کلی علیزئی تین اضلاع سے منسلک ہے وہاں امن وامان سنگین مسئلہ ہے امن وامان کو بہتر بنانے کیلئے کلی علیزئی کو تحصیل کا درجہ دیا جائے۔ بعدازاں اسمبلی نے کلی علیزئی کو تحصیل کا درجہ دینے کی قرارداد منظور کرلی۔ عوامی نیشنل پارٹی کی رکن سلمیٰ بی بی نے اپنی، ڈپٹی اسپیکر غزالہ گولہ اور اراکین اسمبلی شاہدہ روف، فرح عظیم شاہ اور صفیہ بی بی کی مشترکہ قرارداد ایوان میں پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان اسمبلی میں اراکین کی جانب سے متعدد عوامی فلاح، بہبودی کی بابت قرارداد یں منظور کی جاتی ہیں اور باقاعدہ طور پر حکومت کو عملدرآمد کے لئے ارسال کی جاتی ہیں لیکن ان قراردادوں پر موثر عمل درآمد ہونے کے برابر ہے، لہٰذا یہ ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ حکومت بلوچستان اسمبلی سے منظور شدہ قراردادوں پر عملدرآمد کی بابت ایک مانیٹرنگ میکانزم قائم کرے جو تمام محکموں میں اسمبلی کی منظور شدہ قراردادوں پر پیش رفت کی نگرانی اور عملدرآمد میں درپیش رکاوٹوں کو دور کرے۔ قرارداد کی موزونیت پر بات کرتے ہوئے شاہدہ روف نے کہا کہ ہمیشہ یہ گلہ رہتا ہے کہ بلوچستان اسمبلی سے منظور ہونے والی قراردادوں پر عملدرآمد نہیں ہوتا، لہٰذا قراردادوں پر عملدرآمد کیلئے حکمت علی بنائی جائے تاکہ ان قراردادوں پر عملدرآمد ہو۔ اسپیکر نے کہا کہ قرارداد ایک سفارش ہوتی ہے اس پر عمل کرنا نہ کرنا حکومت کا کام ہوتا ہے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ قراردادوں پر عمل ہونا اچھی بات ہے، سیکرٹری اسمبلی اس حوالے سے لسٹ تیار کرکے دیں، ہم اس پر عمل درآمد کرنے کی کوشش کریں گے۔ رکن اسمبلی فرح عظیم شاہ نے کہا کہ اسمبلی میں اکثریت سے منظور ہونے کے بعد یہ قرارداد یں کہاں جاتی ہیں کچھ نہیں آتا، قراردادوں پر عملدرآمد نہ ہونا سنگین مسئلہ ہے۔ بعدازاں ایوان نے قرارداد متفقہ طور پر منظور کرلی۔

بقیہ 2 خواجہ آصف

تھا کہ پراکسی وار ابھی ختم نہیں ہوئی، دہائیوں سے چل رہی ہے، پراکسی وار ہاؤرن وارفیئر کا ایک ٹول ہے۔ انہوں نے کہا کہ پراکسی وار میں اب شدت آئی ہے، پراکسی وار 80 کی دہائی میں شروع ہوئی، لاہور اور راولپنڈی میں دھماکے ہوئے۔ وزیر دفاع کا کہنا تھا کہ بھارت کے ساتھ ایک اور جنگ کا خطرہ تھا، مئی کی جنگ کے فوری بعد امکان تھا، بھارت کے ساتھ اب بھی جنگ کا خطرہ ہے، بھارت کے ساتھ جنگ کا خطرہ ٹلا نہیں ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ بھارت کے خلاف ہماری فتح کو سرٹیفکیشن امریکا دے رہا ہے، امریکی صدر نے مداخلت کرکے جنگیں بند کروائیں۔ خیال رہے کہ مئی میں معرکۂ حق میں پاکستان کے ہاتھوں بھارت کو ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا، پاک فضائیہ نے رافیل سمیت 7 طیارے مارگرائے تھے اور ایس 400 دفاعی نظام بھی تباہ کیا تھا۔

بقیہ 3 وزیر دفاع

قمر جاوید باجوہ ہیں، میں تو کہتا ہوں ان کا کورٹ مارشل ہونا چاہیے، انہوں نے اس ملک کے ساتھ جو کچھ کیا انکا ٹرائل ہونا چاہیے۔ ایک نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 27 ویں ترمیم کے بعد ملک کے نظام میں کافی بہتری آئے گی، ترمیم کی منظوری سے پہلے کچھ چیزیں مشاورت کے بعد ڈراپ کی گئیں۔ ملک میں بلدیاتی نظام کی تجویز بھی ترمیمی ڈرافٹ میں شامل تھی، وفاق بیرونی قرضہ کا بہت سا بوجھ صوبوں کو بھی دینا ہے، بیرونی قرضوں کی واپسی اور دفاع کے بجٹ میں صوبوں کو بھی کچھ بوجھ اٹھانا چاہیے۔ تمام عالمی قرضوں کا بوجھ صرف وفاق اٹھاتا ہے، دفاع صرف اسلام آباد کا ہی نہیں پورے پاکستان کا ہورہا ہے، میرا ذاتی خیال ہیکہ ملک میں ایک مضبوط بلدیاتی نظام ہونا چاہیے، ملک میں بلدیاتی نظام موجود ہے مگر نچلی سطح تک مضبوطی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈکٹیٹر اور ادوار میں ملک کے اندر بلدیاتی نظام میں مضبوطی آئی، جو بھی پارٹی اقتدار میں آنے کے بعد بلدیاتی نظام بہتر نہیں کرتی تو وہ اپنا نقصان کرتی ہے، بلدیاتی نظام کی مضبوطی نہ ہونے میں تمام صوبائی حکومتوں کی رکاوٹیں شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم صدر وسائل کے باوجود تمام صوبوں کیلئے فنڈز کی فراہمی یقینی بنا رہے ہیں، ترمیم کے مطابق ججز کے ٹرانسفر کرنا ایگزیکٹو کا اختیار نہیں ہے، آئین میں کبھی بھی ترامیم کسی فرد واحد کیلئے نہیں کی جاتیں۔ وزیر دفاع نے کہا ساری دنیا مانتی ہے کہ پانامہ کے حوالے سے نوازشریف کے ساتھ غلط ہوا، نوازشریف کی نااہلی کا کیس نچلی عدالتوں میں نہیں سیدھا سپریم کورٹ میں چلایا گیا، جب نواز شریف کی نااہلی کا عمل چل رہا تھا تب ججز کے ضمیر سوئے ہوئے تھے؟ آج بہت تنقید ہورہی کہ عدلیہ پر ڈاکہ ڈالا گیا، ایک لفظ بتائیں جہاں ایسا کچھ ہوا ہو، ستائیسویں ترمیم کی منظوری سے پہلے تمام جماعتوں کو مشاورت کیلئے مدعو کیا گیا

بقیہ 4 کیمیکل فیکٹری

کی لاشیں نکالی جاچکی ہیں جب کہ 2 زخمی ہسپتال میں دم توڑ گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 6 افراد کو زخمی حالت میں نکال کر ہسپتال منتقل کردیا گیا جہاں انہیں طبی امداد دی جارہی ہے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جائے وقوعہ سے ملبہ ہٹایا جارہا ہے، فیکٹری اور گھروں کے ملبے تلے مزید افراد کے دبے ہونے کا خدشہ ہے۔ کمشنر فیصل آباد کا کہنا ہے کہ ابتدائی تفتیش میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ فیکٹری میں دھماکہ گیس پائپ لائن پھٹنے کے نتیجے میں ہوا، ملک پور میں 4 فیکٹریاں ایک ساتھ منسلک ہوکر کام کررہی تھیں، زیادہ جانی نقصان فیکٹری سے جڑے گھروں کے رہائشیوں کا ہوا، کمشنر کے مطابق واقعے کی تحقیقات کے لیے 5 رکنی کمیٹی قائم کی جارہی ہے۔

بقیہ 5 بھارتی طیارے

والے بھارتی طیارے میں فنی خرابی کی اطلاعات تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک اندازے کے مطابق ٹیکنیکل فالٹ بھی ہوسکتا ہے، ایسے حادثوں کے بعد بھارت اور بھارتی فضائیہ کی ساکھ کو نقصان پہنچتا ہے۔ ماہر قومی سلامتی امور سید محمد علی نے کہا کہ فضائی قوت کے طور پر بھارت کو شدید دھچکا لگا ہے، حادثے میں پائلٹ کی غلطی ہوسکتی ہے۔

بقیہ 6 پائلٹ ہلاک

کے پائلٹس کے بارے میں معلومات لی جارہی ہیں اور یہ پتا لگانے کی کوشش کی جارہی ہے کہ طیارہ تکنیکی خرابی کے باعث گرایا پھر پائلٹ کی ناتجربہ کاری کی وجہ سے گرا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہیکہ حادثے کا شکار ہونے والا طیارہ 2016 سے سروس میں موجود تھا، دبئی ایئر شو کے دوران لڑاکا طیاروں کے مظاہرے کا سیشن شائقین کا پسندیدہ ترین ایونٹ ہوتا ہے تاہم بھارتی لڑاکا طیارے کو پیش آنے والے حادثے کے بعد یہ ایونٹ روک دیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ چند روز قبل بھی دبئی ایئر شو کے دوران بھارتی لڑاکا طیارے کی ایک ویڈیو سامنے آئی تھی جس میں تیجس طیارے سے فیول لیک ہوتے دیکھا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق تیجس بھارت میں مقامی طور پر تیار کیا گیا لڑاکا طیارہ ہے، دو سال کے کم عرصے میں تیجس طیارے کا یہ دوسرا حادثہ ہے بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ مارچ 2024 میں تیجس لڑاکا طیارہ راجستھان کے شہر جیسلمیر میں گر کر تباہ ہوا تھا۔ 2001 میں تیجس طیارے کی پہلی آزمائشی پرواز ہوئی تھی۔ واضح رہے کہ دبئی ایئر شو کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کوئی جہاز گر کر تباہ ہوا ہو۔

بقیہ 7 پاکستان

تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتا۔ جمعہ کو دفتر خارجہ میں ہفتہ وار بریفنگ سے اظہار خیال کرتے ہوئے ترجمان طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان کے پاس افغانستان کے ساتھ تجارت بند کرنے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں، افغانستان نے پاکستان کے تاجروں اور تجارت پر حملے کیے، پاکستان اپنے شہریوں کی زندگی کی قیمت پر افغانستان کے ساتھ تجارت نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ سکیورٹی اور تجارت کو الگ رکھنے کی کوشش کی مگر افغانستان سے پاکستان پر مسلسل حملے ہورہے ہیں۔ افغانستان کے ساتھ مذاکرات کا حوالہ دیتے ہوئے طاہر اندرابی نے کہا کہ پاکستان ترکیہ کے صدر کے ثالثی وفد پر بیان کا خیر مقدم کرتا ہے، ترکیہ کے وفد کا دورہ پاکستان، نائب صدر کے غیر ملکی دوروں کی وجہ سے التوا کا شکار ہوا تھا۔ ترجمان نے کہا کہ دونوں ممالک نے پاک۔ افغان ثالثی کی بات کی ہے، افغانستان میں ہمارا سفارت خانہ اور افغانستان کا یہاں سفارت خانہ کھلا ہے، دونوں سفارت خانوں سے مواصلاتی چینلز کھلے ہوئے ہیں۔

بقیہ 8 دبئی ایئر شو

لوگوں کا تانتا بندھا رہا، ایئر شو کے اختتام پر بھی پاکستان فضائیہ کے طیاروں کے اطراف لوگوں کا رش رہا، پاکستانیوں نے بھارتی طیارے گرنے پر افسوس کا اظہار کیا، جبکہ پاک فضائیہ کی کارکردگی اور شرکت پر فخر کا اظہار کیا اور پاکستان زندہ باد کا نعرہ بھی لگایا۔ انتظامیہ کی جانب سے ایئرشو ختم ہونے کے اعلان کیا گیا مگر پاکستانیوں اور غیر ملکیوں کی پاکستان فضائیہ کے طیاروں سے محبت ماند نہ پڑ سکی۔ پاکستانی فضائیہ کا دستہ ایئرشو کے اختتام پر جے ایف 17 پر سرخ کپڑا ڈال کر چلا گیا مگر پاک فضائیہ کے فینز متواتر کئی گھنٹے تک پاکستان کی پہچان جے ایف 17 کے ارد گرد جمع رہے اور تصاویر بنواتے رہے اور فخر کا اظہار کرتے رہے۔

بقیہ 9 مریم نواز کو خط

خط لکھ دیا۔ سہیل آفریدی نے خط میں عدالتی احکامات کے باوجود ملاقات کی اجازت نہ دینے اور بانی پی ٹی آئی کی بہنوں کے ساتھ ناروا سلوک پر شدید تحفظات کا اظہار کیا ہے۔ خط کے متن کے مطابق بانی پی ٹی آئی کی بہنوں اور ان کے اہل خانہ کو عدالتی حکم کے باوجود ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جبکہ بزرگ خواتین کو ایک کلومیٹر دور سڑک پر بٹھایا گیا

بقیہ 10 گورنر بلوچستان

علاقوں کے درمیان فرق کو ختم کرنا ہے۔ ہم انتہائی پسماندہ لوگوں کو انکی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کرکے انہیں بااختیار بنائیں گے۔ ہم سمجھتے ہیں کہ پاکستان کے تمام شہری مساوی حقوق اور سہولیات کے مستحق ہیں اور ہم اس وژن کو حقیقت بنانے کیلئے میدان میں اتر رہے ہیں۔ اس سلسلے میں ہم تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کے مکمل تعاون اور رہنمائی کی توقع رکھتے ہیں جن کی مشترکہ کاوششیں ہمیں روشن مستقبل کی جانب لے جائیگی۔ یہ بات انہوں نے متحدہ عرب امارات دبئی کے انٹر ہرہ ہسپتال کی ڈاکٹر ثمینہ نعمان اور یوسف کے نمائندوں سے علیحدہ علیحدہ ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل نے کہا کہ یہ کہنا مبالغہ آرائی نہیں ہوگا کہ جن صوبے میں تمام انٹرنیشنل آرگنائزیشنز کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھنے، تعاون فراہم کرنے اور ان کے تمام چھوٹے بڑے پروگراموں میں شرکت کرنے کے حوالے سے سب سے زیادہ سرگرم ہوں۔ اقوام متحدہ اور دیگر ایجنسیز اور ادارے بلوچستان کے ہیلتھ اینڈ ایجوکیشن سیکٹرز کو تبدیل کرنے میں اہم کردار ادا کرسکتے ہیں

بقیہ 11 بنگلہ دیش

کا زلزلہ آیا تھا، زلزلے کے جھٹکے تقریباً 26 سیکنڈ تک رہے، لوگ خوف کے باعث گھروں سے باہر نکل آئے۔ جرمن ریسرچ سینٹر کے مطابق زلزلے کا مرکز ڈھاکا کے قریب نرسنگدی شہر تھا۔ زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر تھی جبکہ زلزلے کے جھٹکے بھارتی شہر کلکتہ اور شمال مشرقی بھارت کے کچھ حصوں میں بھی محسوس کیے گئے۔

بقیہ 12 کیم جمادی الثانی

۔ اجلاس کے بعد چیئرمین مولانا عبدالخبیر آزاد نے ’جیو نیوز‘ کو بتایا کہ ملک میں کہیں بھی جمادی الثانی کا چاند نظر آنے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، لہٰذا کیم جمادی الثانی اتوار 23 نومبر کو ہوگی۔ ادھر کراچی میں محکمہ موسمیات کے دفتر میں زونل رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔

بقیہ 13 پی آئی اے

طور پر غائب ہوگئے۔ ترجمان پی آئی اے کے مطابق آصف نجم نے رابطہ کرنے پر طبیعت کی ناسازی کا عذر پیش کیا۔ فضائی میزبان آصف نجم نے ٹورنٹو سے لاہور آنے والی پرواز پر رپورٹ نہیں کیا، معاملے کی جانچ کی جارہی ہے۔ ترجمان کے مطابق آصف نجم 16 نومبر کو لاہور سے ٹورنٹو کی پرواز سے کینیڈا پہنچا تھا، 19 نومبر کی فلائٹ سے ٹورنٹو سے کریو ممبر نے واپس لاہور پہنچنا تھا، آصف نجم 16 سے 19 نومبر کے دوران ہوٹل سے غائب ہوا۔

بقیہ 14 امریکی ہتھیار

ہے کہ وہ امریکی حکومت کی ملکیت ہیں۔ امریکی فوج اور نیٹو انخلا سے پہلے امریکی ہتھیار افغانستان چھوڑ کر گئے تھے، ان امریکی ہتھیاروں کو افغان طالبان نے پاکستان کیخلاف استعمال کرنے کیلئے فتنہ الخوارج کے حوالے کردیا ہے۔ چھوڑے گئے امریکی ہتھیاروں سے فتنہ الخوارج بہت فاصلے سے پاک افواج کو رات کے وقت بھی نشانہ بناسکتی ہے، ان امریکی ہتھیاروں میں اسٹیل ہیڈ گولیاں بھی شامل ہیں جو کہ بلٹ پروف جیکٹ کے اندر سے بھی گزر سکتی ہیں۔

بقیہ 15 جزوی طور پر معطل

جس سے مسافروں کو پریشانی کا سامنا ہے۔ ریلوے حکام کے مطابق پشاور سے آنے والی جعفر ایکسپریس کو سیکورٹی خدشات کے باعث جیکب آباد میں روک دیا گیا ہے۔ جبکہ کراچی سے کوئٹہ آنے والی بولان میل کو بھی جیکب آباد میں روک دیا گیا۔ دوسری جانب چمن پسنجر ٹرین کے روٹ پر کوئی پابندی نہیں لگائی گئی اور ٹرین اپنے مقررہ وقت پر کوئٹہ سے روانہ ہوگی۔

بقیہ 16 خوارج ہلاک

کو ہلاک کردیا ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیوں میں دہشت گردوں کے خلاف بڑے پیمانے پر کامیاب کارروائیاں کی گئیں ہیں۔ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر پہلا آپریشن لکی مروت کے علاقے بیہار خیل میں کیا گیا، جہاں سیکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس آپریشن کے دوران 10 خوارجی دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ ہلاک شدہ دہشت گردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا، جو دہشت گردوں کے مختلف حملوں میں استعمال ہونے والا تھا۔ دوسرا انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ڈی آئی خان کے علاقے میں کیا گیا، جس میں سکیورٹی فورسز اور دہشت گردوں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ اس کارروائی کے نتیجے میں مزید خوارجی دہشت گرد ہلاک ہوگئے۔ اس آپریشن کے دوران بھی دہشت گردوں سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد ہوا، جوان کے حملوں کی تیاری کا اشارہ تھا۔ آئی ایس پی آر نے مزید بتایا کہ ان کارروائیوں کے بعد ان علاقوں میں سینیٹائزیشن آپریشنز جاری ہیں تاکہ دہشت گردوں کے باقی ماندہ نیٹ ورکس کو بے نقاب اور ختم کیا جا سکے۔ پاکستانی سکیورٹی فورسز نے اپنی دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کرنے کے عزم کا اظہار کیا ہے۔ "عزم استحکام" کے تحت یہ کارروائیاں نہ صرف پاکستان کی سرزمین بلکہ خطے کے امن واستحکام کے لیے بھی اہم ہیں۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ سکیورٹی فورسز دہشت گردوں کی پناہ گاہوں کو ختم کرنے کے لیے بھرپور عزم کے ساتھ اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 17 جھلس کر جاں بحق

میں 4 افراد جھلس کر جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو کے ذرائع کے مطابق واقعہ ورکشاپ میں آئل ٹینکر کی مرمت کے دوران ویلڈنگ کے سبب پیش آیا، آئل ٹینکر میں آگ لگنے سے ویلڈر سمیت 4 افراد جھلس کر جاں بحق، ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق آئل ٹینکر کا مرمتی کام جاری تھا، ٹینکر کے اندر آئل موجود نہیں تھا۔ ریسکیو کے حکام کے مطابق آئل ٹینکر میں لگی آگ پر قابو پالیا گیا ہے۔

بقیہ 18 پاکستان

ہے، روس یوکرین تنازع کا کوئی فوجی حل نہیں، بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ اقوام متحدہ میں اپنے خطاب میں عاصم افتخار نے کہا کہ روس یوکرین جنگ کے خطے پر گہرے اثرات ہورہے ہیں، تنازعات کے حل کے لئے بات چیت کا راستہ اختیار کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ روس یوکرین جنگ کے حوالے سے پاکستان کو خدشات ہیں، اس جنگ کے نتیجے میں انسانوں کو مشکلات کا سامنا ہے، عالمی قوانین کے تحت شہریوں اور انفرااسٹرکچر کی حفاظت یقینی بنائی جائے۔

بقیہ 19 اوپس لغاری کو نوٹس

اویس لغاری کو نوٹس جاری کیا گیا ہے۔ ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ آفیسر فیصل آباد نے سیکرٹری الیکشن کمیشن کو مراسلہ ارسال کردیا جس میں کہا گیا کہ طلال چوہدری کی جانب سے ضابطہ اخلاق کی مسلسل خلاف ورزی کی جارہی ہے۔

بقیہ 20 محمود اچکزئی

جارہے تھے کہ ہم شریف لوگ اس حکومت کو چور کہتے ہیں لیکن گزشتہ روز آئی ایم ایف کی پاکستان میں بدعنوانی اور گورنس پر جاری ہونیوالی رپورٹ اور اخبارات میں خبریں شائع ہوئی ہیں کہ دو سال میں حکومت نے تقریباً پانچ ہزار ارب روپے کی کرپشن کی ہے۔ عوام کے مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈالنے والے، ججز کے ذریعے اقلیت کی نشستوں کو چھین کر حکومت پر قابض ہوئے اور پاکستان کے وفادار بن کر پارلیمنٹ کو اپاہج بنادیا۔ آئین کو پامال کرکے 26 ویں اور 27 ویں آئینی ترامیم کے ذریعے عدلیہ کے اختیارات چھین لیے گئے اور پیکا ایکٹ کے ذریعے آزادی صحافت پر بھی قدغن لگائی گئی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے جتنے بھی پیغمبر پیدا کئے انہیں یہ پیغام دیا تھا کہ آپ نے ظالم حکمران کے سامنے کھڑا ہونا ہے، اور شرط یہ ہے کہ ایک اپنے ساتھیوں کا ایک چھوٹا گروہ بنانا ہے پھر اللہ تعالیٰ کا حکم ہے کہ نصر من اللہ و فتح قریب۔ اللہ تعالیٰ کی دو شرائط ہم نے پوری کی ہیں ہر شہر میں ہمارا چھوٹا سا ٹولہ بن چکا ہے ہم نے آئین کی حفاظت، حق کی لڑائی میں ہمارے ساتھ ہیں اور ایسے میں اللہ تعالیٰ کی مدد ضرور ہمارے ساتھ ہوگی۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ ہم کسی سے لڑنا نہیں چاہتے یہ ہمارا ملک ہے لیکن ہم ظالموں، چوروں، غاصبوں کو پاکستان میں نہیں چھوڑیں گے، ہم سب نے بار بار آئین کی دفاع کا حلف لیا گیا ہے لیکن اس وقت آئین پامال کردیا گیا ہے، آئین جو اقوام کے درمیان ایک سماجی معاہدہ ہے اسے پھاڑ دیا گیا ہے۔

بقیہ 21 شیر افضل مروت

میں شیر افضل نے دعویٰ کیا کہ پہلے بھی رہائی کیلئے پیشکش ہوئی تھی بانی اور بشریٰ بی بی نے انکار کیا تھا۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ علی امین گنڈاپور بااختیار وزیراعلیٰ رہے، جس کی انہوں نے قیمت ادا کی، پی ٹی آئی کی قیادت کو بے اختیار وزیراعلیٰ عثمان بزدار جیسے لوگ سوٹ کرتے ہیں۔

بقیہ 22 الیکشن کمیشن

ہوئے، الیکشن کمیشن نے این اے 96 ہری پور میں ضمنی الیکشن میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر وزیراعلیٰ کے پی کو ذاتی حیثیت میں طلب کر رکھا تھا۔ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کی سربراہی میں 4 رکنی بینچ نے وزیراعلیٰ کے پی سہیل آفریدی کے خلاف کیس پر سماعت کی۔

بقیہ 23 موبائل انٹرنیٹ

کے مطابق کوئٹہ میں موبائل فون انٹرنیٹ ڈیٹا سروس بحال ہوگئی جسے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر گزشتہ روز معطل کیا گیا تھا۔ سروس بند ہونے کے باعث صارفین کو رابطوں میں دشواری اور آن لائن معمولات میں شدید رکاوٹ کا سامنا رہا۔ آن لائن کاروبار سے وابستہ افراد کو بھی ادائیگیوں، آرڈرز اور رابطوں میں مشکلات کا شکار رہے۔

بقیہ 24 بھارتی فضائیہ

مانی گئی۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی جنگی طیارے تیجس کی تباہی حقیقت میں بھارت کی ادارہ جاتی ناکامی ہے، بدلتی ہوئی ٹیکنالوجی، بیوروکریسی اور غیر واضح ڈیزائن نے تیجس کے ترقیاتی پروگرام کو روکے رکھا۔ تیجس طیارے کی تیاری کے دوران ہال کی پیداواری اور مینوفیکچرنگ کی اہلیت پر سوالات اٹھائے گئے۔

بقیہ 25 شوگر ملز

بازار میں آنے سے نرخ میں 10 روپے تک کمی کا امکان ہے۔ ذرائع کین کمشنر کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ کو مانیٹرنگ بہتر بنانا ہوگی کیونکہ مل مالکان تیکنی تاخیری حربے استعمال کر رہے ہیں۔ بالآخر کرشنگ کا آغاز کرنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق کرشنگ سے چینی کی بلیک میں فروخت اور مصنوعی قلت کا خاتمہ ہوسکے گا۔

بقیہ 26 شہباز شریف

محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ملکی صنعتی ترقی پر قائم نجی شعبے کی کمیٹی کا پہلا جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس کو صنعتی ترقی کے حوالے سے سفارشات پیش کی گئیں، وزیراعظم نے خیر مقدم کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملکی صنعتی ترقی کیلئے نجی شعبے کی تجاویز کلیدی اہمیت رکھتی ہیں، کاروباری حضرات کی جانب سے صنعتی ترقی کیلئے عرق ریزی سے تجاویز تیار کی گئیں، جو لائق تحسین ہیں۔

بقیہ 27 چیف جسٹس امین الدین

کے بعد اپنے پہلے پیغام میں کہا ہے کہ آئینی عدالت کا قیام شفافیت اور عوامی رسائی میں اہم سنگ میل ہے، اس عدالت کا قیام قومی ہماری آئینی جدوجہد میں ایک اہم سنگ میل ہے۔ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس نے کہا کہ اس عدالت کو ایک نہایت اہم اور نازک فریضہ سونپا گیا ہے، یہ ریاست پاکستان کے قانون کی حکمرانی اور آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے دیرپا وعدے سے ہماری اجتماعی وابستگی کی تجدید کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس عدالت کا کردار صرف قضائی نہیں بلکہ ایک مقدس امانت ہے جو قوم کے شہریوں کی زندگیوں، آزادیوں اور امنگوں پر براہ راست اثرانداز ہوتی ہے، اپنے ادارہ جاتی سفر کے آغاز پر ہمارا عزم ہے کہ ایک ایسا عدالتی فورم قائم کریں جو دیانت، غیر جانب داری اور علمی بصیرت کی اعلیٰ مثال ہو۔

بقیہ 28 بیرسٹر عقیل

کرنے کی کوشش کی ہے، سمجھ نہیں آیا کہ ججوں نے درخواست سپریم کورٹ میں کیوں دی؟ جیو نیوز کے پروگرام ’آج شاہزیب خانزادہ کے ساتھ‘ میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ ججز کی اس درخواست کے لیے سپریم کورٹ صحیح فورم نہیں، سپریم کورٹ کے دوازے بند ہوچکے ہیں۔

بقیہ 29 مالیاتی کمیشن

کرلیا۔ ذرائع کے مطابق قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس 4 دسمبر کو گیارہ بجے ہوگا، جس کی صدارت چیئرمین کمیشن وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کریں گے۔ اجلاس میں چاروں صوبوں کے وزرائے خزانہ سمیت قومی مالیاتی کمیشن کے دیگر ارکان شریک ہوں گے، جس میں 3 نکاتی ایجنڈے پر غور ہوگا۔ این ایف سی اجلاس میں وفاق سمیت چاروں صوبے مالیاتی پوزیشن کے بارے میں پریزنٹیشن دیں گے۔ اجلاس میں نئے این ایف سی ایوارڈ کے لیے قومی مالیاتی کمیشن کے آئندہ اجلاسوں کا شیڈول بھی طے کیا جائے گا۔

بقیہ 30 فل بینچ کریگا

درخواستوں کو سماعت کے لیے تین رکنی فل بینچ کو بھجوا دیا۔ عدالت نے ایڈوکیٹ محمد شاہد رانا اور حسن لطیف چودھری کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست میں وزیراعظم، اسپیکر قومی اسمبلی اور وفاقی وزارت قانون کو فریق بنایا گیا ہے۔

بقیہ 31 بنوں، امن کمیٹی

رات کے وقت امن کمیٹی کے دفتر پر حملہ کیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ میں ایک شخص زخمی بھی ہوا، تمام لاشوں اور زخمی شخص کو ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے، پولیس کے مطابق حملے کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر داخلہ محسن نقوی نے حملے میں جانی نقصان پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ فتنہ الخوارج کی بزدلانہ کارروائیاں پاکستان میں بدامنی کے ناپاک عزائم بے نقاب کرتی ہیں۔

بقیہ 32 الیکشن کمیشن

کیا گیا کہ بغیر کسی وجہ اور جواز سہیل آفریدی کو الیکشن کمیشن نے طلب کیا، الیکشن کمیشن کا وزیراعلیٰ کے پی کو طلب کرنا غیر قانونی ہے۔

بقیہ 33 جسٹس حسن

قبضہ ہورہا تھا اور ریلوے آنکھیں بند کرکے بیٹھا تھا، زمین کی واگزاری کے لیے کسی نے ریلوے کے ہاتھ نہیں باندھ رکھے۔

بقیہ 34 گوادر پورٹ

ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ کے درمیان 40 سالہ معاہدے کے تحت گوادر بندرگاہ اور فری زون کی ترقی، آمدن کی تقسیم اور مقامی روزگار کے اصول طے پاگئے ہیں۔ معاہدے کے مطابق بندرگاہ کی ملکیت پاکستان کے پاس برقرار رہے گی۔

بقیہ 35 ہفتہ وار مہنگائی

سے زیادہ اضافہ ٹماٹر میں دیکھا گیا جو 57.03 فیصد مہنگا ہوا۔ اسی طرح لہسن اور چینی کی قیمتوں میں بالترتیب 2.6 ایک اور 2.23 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا جب کہ کیلے اور چائے کی قیمتیں بھی بالترتیب 0.72 اور 0.59 فیصد بڑھیں۔ اسی دوران، بیف، کوکنگ آئل، ایل پی جی اور جلانے والی لکڑی کی قیمتیں بھی بڑھ گئی ہیں

بقیہ 36 علی مدد جتک

خطاب میں رکن اسمبلی اصغر ترین کی جانب سے پیش کی گئی قرارداد کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں گیس پریشر میں کمی اور طویل لوڈشیڈنگ نے عوام کی زندگی کو شدید متاثر کر رکھا ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کا رویہ خصوصاً کوئٹہ کے ساتھ رویہ سوتیلی ماں جیسا ہے، جو کسی صورت برداشت کے قابل نہیں۔ علی مدد جتک کا کہنا تھا کہ کوئٹہ، زیارت، قلات اور کان مہترزئی میں موسم سرما نہایت شدید ہوتا ہے، مگر بدقسمتی سے گیس موجود ہونے کے باوجود ان علاقوں میں گیس فراہم نہیں کی جاتی، جو سمجھ سے بالاتر اور عوامی حقوق کے منافی ہے۔ علی مدد جتک نے بھی واضح کیا کہ قلات اور زیارت میں گیس کی عدم فراہمی کے باعث قیمتی صنوبر کے جنگلات بے دردی سے کاٹے جارہے ہیں، جبکہ کوئٹہ میں لوگ ٹھنڈ سے بچنے کے لیے مہنگے داموں متبادل ایندھن خرید کر ضرورت پوری کر رہے ہیں، جو کہ نہایت تشویشناک صورتحال ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک جانب درختوں کی کٹائی سے ماحولیاتی آلودگی میں خطرناک حد تک اضافہ ہورہا ہے، جبکہ دوسری طرف صوبے میں بارشیں نہ ہونے کے برابر رہ گئی ہیں، جو کہ ماحولیاتی تباہی کی واضح علامت ہے۔

بقیہ 37 فواد چوہدری

کہا کہ بانی پی ٹی آئی اور ان کی پارٹی تنہا ہوگئی ہے، بیچ میں کوئی بات کرانے والا نہیں۔ سابق پی ٹی آئی رہنما کا کہنا تھا کہ اگر مولانا فضل الرحمان پی ٹی آئی کے ساتھ ہوتے تو پارٹی کی بات میں وزن بڑھتا اور متحدہ اپوزیشن کے ذریعے حکومت پر دباؤ ڈالا جاسکتا تھا۔ فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ محمود اچکزئی کان لیگ اور دیگر جماعتوں سے اتنا گہرا تعلق نہیں ہے، مولانا فضل الرحمان محمود اچکزئی سے زیادہ بہتر سیاسی معاملات سنبھال سکتے ہیں۔

بقیہ 38 اوورسیز پاکستانی

گاڑی کا نمبر، چیسز نمبر اور مالک کا نام ڈال کر بائیو میٹرک کروائی جا سکے گی۔ ایکسائز حکام کے مطابق بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو اتھارٹی لیٹر ایمبیسی سے تصدیق کروا کر بھجوانا پڑتا تھا۔

بقیہ 39 امریکی وزیر خزانہ

کریں۔ سرکاری خبررساں ادارے اے پی پی نے العربیہ کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بسنٹ نے بیان میں کہا کہ آج کا اقدام وزارت خزانہ کی اُس مہم کا حصہ ہے جس کا مقصد ایران کے جوہری ہتھیاروں کی تیاری کے لیے ہونے والی مالی معاونت اور اس کے دہشت گرد ایجنٹس کی سپورٹ کو روکنا ہے۔

بقیہ 40 بھرپور کردار ادا کریں

امید ظاہر کی کہ نومنتخب عہدیدار سول سیکرٹریٹ کے آفیسران اور ملازمین کے حقوق کے تحفظ اور مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومتی امور اور مشینری کو موثر انداز میں چلانے میں سرکاری آفیسران اور ملازمین کا بنیادی کردار ہوتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ منتخب ہونے والی قیادت جمہوری اصولوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومتی نظام کو موثر بنانے کے لئے اپنا اہم کردار ادا کرے گی۔ اور تمام ملازمین کے جملہ مسائل کے حل کرنے میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 41 فراہم کرنا ہماری

مواقع فراہم کئے گئے یہ بات انہوں نے جمعہ کے روز اپنی رہائش گاہ پر نوجوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا زرک خان مندوخیل نے کہا کہ بدقسمتی سے سیکورٹی خدشات کی بنا پر ہمسایہ ممالک کے بارڈرز بند ہوچکے ہیں جس سے لاکھوں خاندانوں کے نوجوان بے روزگار اور یہاں کاروباری مراکز پر بڑا اثر پڑ چکا ہے جس کا ہمیں احساس ہے صوبائی حکومت کی کوشش ہوگی کہ ان نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی کے ساتھ ساتھ ایسے شعبوں کا بھی آغاز کرینگے جس سے ایک عام آدمی کو فائدہ مل سکے انہوں نے کہا کہ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں اور انہیں روزگار اور تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے

بقیہ 42 جانچے پر کام

ن کیا صوبائی مشیر برائے محکمہ لیبر اینڈ مین پاور سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے وفود کی جانب سے پیش کیے گئے مسائل غور سے سنے اور ان کے حل کے لیے مکمل یقین دہانی کراتے ہوئے کہا کہ محکمہ لیبر اینڈ مین پاور عملی اقدامات کے ذریعے روزگار، فلاح و بہبود اور ورک پلیس ریفارمز کیلئے مسلسل سرگرم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں اور زراعت سے وابستہ افراد کو درپیش مشکلات دور کرنا موجودہ صوبائی حکومت کی پالیسی کا بنیادی حصہ ہے۔ زراعت بلوچستان کی ریڑھ کی ہڈی ہے۔ ہم زرعی نظام میں شفافیت، ریکارڈ کی بہتری اور محصولات کے جدید ڈھانچے پر کام کر رہے ہیں

بقیہ 43 خطرہ، اسحٰق ڈار

قوام متحدہ کے اصولوں کی پاسداری پاکستان کی ترجیح ہے۔ نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ سندھ طاس معاہدے (انڈس واٹر ٹریٹی) کو معطل کرنے کا غیر قانونی اور یکطرفہ اقدام خطے میں استحکام کے لیے حقیقی خطرہ ہے۔ بیجنگ کے دارالحکومت برسلز میں انڈو-پیسیفک منسٹریل فورم راؤنڈ ٹیبل سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے زور دیا کہ پانی کو تعاون کا ذریعہ ہونا چاہیے اور سیاست کے لیے ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن حاصل نہیں کیا جاسکتا جب تک کہ دہائیوں پرانے جموں و کشمیر تنازع کا پرامن حل متعلقہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق نہ کیا جائے۔ افغانستان کے بارے میں وزیر خارجہ نے کہا کہ یہ ملک پاکستان اور خطے کے استحکام کے لیے اہم تعلقات رکھتا ہے۔ پاکستان اور افغانستان کے دوطرفہ تعلقات بھی حالیہ دنوں میں کشیدہ ہوئے ہیں کیونکہ تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) دونوں ممالک کے درمیان بنیادی وجہ تنازع ہے۔

بقیہ 44 نوگوا ریا بن

کے ساتھ ساتھ تمام زندگی کے سہولیات فراہم کرنا حکومت وقت کا فرض بنتا ہے سالوں سال سے پسماندہ صوبہ کی پسماندگی ایک سال میں ختم نہیں ہوسکتی اس کیلئے وقت درکار ہے جو موجودہ حکومت اس وقت پسماندگی کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز سرینا ہوٹل میں عالمی کارڈیک ڈونر کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا بلوچستان میں صحت کی سہولیات کی فراہمی موجودہ حکومت کی ذمہ داری ہے ہماری کوشش ہوگی کہ صوبے میں صحت تعلیم اور پینے کی صاف پانی عام آدمی کو بروقت پہنچا سکے انہوں نے کہا کہ کچھ عناصر یہ تاثر دے رہے ہیں کہ بلوچستان ایک نوگوا ریا بن چکا ہے

بقیہ 45 قربان کرتے

کنوں اور پنجگور کے باشعور عوام سے اپیل کی کہ وہ تعزیتی ریفرنس میں بھرپور شرکت کرکے شہید کو خراج عقیدت پیش اور متحد ہوکر قاتلوں کو سخت پیغام دیں انہوں نے کہا کہ امن وامان کے حوالے سے بلوچستان اور بالخصوص پنجگور اس وقت سخت بحرانی صورتحال سے دوچار ہے کسی کی جان محفوظ ہے نہ مال، مارنے والے کو پتہ ہے نہ مرنے والے کو، پورے صوبے میں قاتل عام گھوم کرنے والوں نے سلیمانی ٹوپی اور دستانے پہن رکھے ہیں، کیونکہ آج تک کسی بھی قاتل کا پتہ نہیں چل سکا انہوں نے کہا کہ لوگ کس کے ہاتھ پر اپنا خون تلاش کریں کیونکہ حکومت اور قانون نافذ کرنے والے ادارے اپنی ذمہ داری پوری کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں، قتل عام کو روکا جا رہا ہے نہ ہی قاتلوں کو گرفتار، انہوں نے کہا کہ معلوم نہیں کہ ظالموں نے میرے معصوم بھائی کو کس بات کی سزا دی، یہ دکھ مجھے اور میرے خاندان والوں کھائے جارہا ہے کیونکہ جن ہاتھوں پر مہندی لگنی تھی ان کو خون سے رنگ دیا گیا انہوں نے کہا کہ آج بھی ہم نے اتحاد اور اتفاق کا مظاہرہ نہیں کیا تو یہ آگ سب کے گھروں کو لپیٹ میں لے گی نجانے ہم اور کتنے ولید جیسے نوجوان قربان کرتے رہیں گے۔

بقیہ 46 اصول پر کاربند رہی

انتخابات جمہوریت کی بنیاد اور عوامی مسائل کے دیرپا حل کا موثر ذریعہ ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ الیکشن کمیشن آئینی تقاضوں کے مطابق شفاف غیر جانبدار اور منصفانہ انتخابی عمل کے لئے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کرے گا نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے کہا کہ نیشنل پارٹی ہمیشہ اداروں کی مضبوطی، جمہوری عمل کے استحکام اور عوامی خدمت کے اصول پر کاربند رہی ہے

بقیہ 47 افراد کو جاری

جبکہ انکوائری کمیٹی کی رپورٹ میں یہ کہا گیا ہے کہ 422 لوکل سرٹیفکیٹس میں سے 113 جعلی / غیر قانونی پائے گئے جبکہ 409 ڈومیسائل سرٹیفکیٹس میں سے 309 غیر قانونی تھے زیادہ تر جعلی سرٹیفکیٹ پنجاب، خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے دیگر اضلاع کے افراد کو جاری کئے گئے۔

بقیہ 48 تلاش جاری

پر پہنچ کر تحقیقات شروع کردی ہیں اور حملہ آوروں کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ 49 سرپرستی اور تمام

آئے ہوئے وفد سے ملاقات کے دوران یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ کھیلوں کو ترجیحی بنیادوں پر فروغ دے کر نوجوانوں کو معاشرتی برائیوں سے دور رکھا جارہا ہے صوبائی مشیر نے مزید کہا کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ کھیلوں کی سرگرمیوں میں شامل کرنے کیلئے اسٹیڈیم کی تعمیر کو یقینی بنایا گیا ہے، جس سے پورے بلوچستان کے کھلاڑی مستفید ہورہے ہیں انہوں نے کھلاڑیوں کی مکمل سرپرستی اور تمام ضروری سہولیات کی فراہمی کی یقین دہانی کرائی جنا مجید نے کہا کہ کھلاڑی ملک و قوم کے سفیر ہوتے ہیں اور بلوچستان کے کھلاڑی بین الاقوامی سطح پر کھیل کر ملک اور صوبے کا نام روشن کر رہے ہیں۔

بقیہ 50 منصوبوں کیلئے

صوبے میں ریلوے کی زمینیں مختلف ترقیاتی اور ٹرانسپورٹ منصوبوں کیلئے انتہائی اہمیت رکھتی ہیں۔

بقیہ 51 کا کوئی انتظام

دوستوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مظلوم پریشان حال عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائیں گے جماعت اسلامی کے پاس بلوچستان کے مسائل کا حل موجود ہے بلوچستان میں تجارت، بارڈرز، بجلی، گیس، شاہراہیں بند کرکے مذموم سازش و منصوبہ بندی کے تحت عوام کی پریشانی میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ جماعت اسلامی بلوچستان کے پریشان حال عوام کے حقوق کیلئے حقوق بلوچستان مہم چلا رہی ہے۔ بلوچستان میں حکمران فارم 47 والے زبردستی مسلط شدہ ہیں جن کو عوام کے مسائل ومشکلات کا اندازہ نہیں۔ بلوچستان وسائل سے مالا مال مگر عوام مسائل و پریشانیوں کا شکار ان شینہ کے محتاج ہیں بلوچستان کے وسائل نااہل حکمرانوں اور اسٹیبلشمنٹ پر خرچ ہورہے ہیں سیکورٹی کا کوئی انتظام نہیں۔

بقیہ 52 وقت رپورٹنگ کو

بریفنگ دی۔ ایم ایس مفتی محمود ہسپتال نے ہسپتال میں سہولیات، بجلی، سڑک اور دیگر انتظامی مسائل سے متعلق رپورٹ پیش کی۔ ڈپٹی کمشنر نے صحت کے شعبے میں بہتری کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے تمام افسران کو ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ بی ایچ یوز میں میڈیسن کی فراہمی، ڈاکٹرز و اسٹاف کی حاضری اور سروس ڈیلیوری ہر صورت بہتر بنائی جائے۔ ڈپٹی کمشنر نے شہریوں کو معیاری علاج کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے مانیٹرنگ مزید سخت کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے تمام اداروں کے درمیان مربوط رابطہ اور بروقت رپورٹنگ کو ضروری قرار دیا۔

بقیہ 53 بڑے اعزاز کا مقام

مئی میں بھارت کو عبرت ناک شکست سے دوچار کرنے اور رافیل جیسے جدید طیاروں کو گرانے میں پاکستان کا نام روشن کرنے والے طیارے کو دیکھنے کیلئے دنیا بھر کے دفاعی و عسکری ماہرین نے پاکستان پویلین کا خصوصی دورہ کیا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار نے مزید کہا کہ حیران کن بات یہ ہے کہ بھارتی فضائیہ کے پائلٹس، انجینئرز اور اہلکار بھی جے ایف 17 تھنڈر کے زبردست مداح ثابت ہوئے اور انہوں نے اس شاہکار لڑاکا طیارے کو دیکھنے کیلئے پاکستان پویلین کا دورہ کیا۔ پاکستانی پائلٹس نے ہمیشہ کی طرح بڑے پن اور اعلیٰ ظرفی کا عملی نمونہ پیش کرتے ہوئے بھارتی افسران اور اہلکاروں کے پہنچنے پر انہیں چائے کی پیش کش کی بھارتی پائلٹس کا جے ایف 17 تھنڈر کی تفصیلات پوچھنا پاکستان کیلئے انتہائی خوشی اور فخر کی بات ہے بھارتی فضائیہ کے افسران اور اہلکار جے ایف 17 تھنڈر کے ساتھ تصویریں اتروا تے رہے جو کہ پاکستان کیلئے بڑے اعزاز کا مقام ہے۔

بقیہ 54 نوٹیفکیشن جاری

کیلئے پاکستان آرمی، سول آرمڈ فورسز اور مقامی پولیس کی تعیناتی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا اور نامزد عسکری و سول افسران کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات بھی تفویض کیے گئے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق 22 تا 24 نومبر کے دوران پاک فوج اور سول آرمڈ فورسز کو اسٹینڈ بائی / ریسپانس موڈ میں تعینات کیا جائے گا، رینجرز کو کوئیک رسپانس فورس کے طور پر تیسری دفاعی پرت میں خدمات فراہم کرنے کا اختیار دیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ 22 تا 24 نومبر کے دوران ضابطہ فوجداری کے مطابق کسی بھی خلاف ورزی، ہنگامی صورتحال یا جرم کے ارتکاب کی صورت میں خلاصہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تعینات فورسز کو انسداد دہشت گردی ایکٹ کے تحت مکمل اختیارات حاصل ہوں گے، انتخابی دنوں کے دوران کسی بھی قانون شکن سرگرمی، ہنگامہ آرائی یا رکاوٹ کو بروقت اور موثر انداز میں روکا جاسکے گا۔ فورسز کی تعیناتی PP-115 فیصل آباد، PP-116 فیصل آباد، PP-269 مظفر گڑھ، NA-185 ڈیرہ غازی خان، NA-18 ہری پور، PP-73 سرگودھا، NA-96 فیصل آباد، NA-104 فیصل آباد، این اے 143 ساہیوال، PP-98 فیصل آباد، PP-203 ساہیوال، NA-129 لاہور اور PP-87 میانوالی پر ہوگی۔

بقیہ 55 کا مثبت رویہ اپنانا

کی برسی کی مناسبت سے عزم کا اعادہ کیا جاسکے وہ پارٹی ضلع پشین کی ضلعی کمیٹی توسیع اجلاس سے خطاب کررہے تھے جس سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، صوبائی سینئر نائب صدر اور صدر اجلاس چیئرمین اللہ نور خان، صوبائی سیکرٹری اول خوشحال خان کاسی اور ضلع سینئر ڈپٹی آرگنائزر نصیب اللہ کلیوال نے بھی خطاب کیا جبکہ اجلاس میں مرکزی سیکرٹری مالیات یوسف خان کاکڑ، صوبائی ڈپٹی سیکرٹریز پروفیسر اسعد ترین، محمود ریاض، سید احسان آغا، فیاض صاحب، رحمت اللہ صابر اور سید اکبر کاکڑ نے شرکت کی اجلاس میں 2 دسمبر کی ضلعی کانفرنس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور مختلف فیصلے کیے گئے۔ پارٹی چیئرمین خوشحال خان کاکڑ نے کہا کہ ضلع پشین کی پشتونخوا وطن میں تاریخی اہمیت ہے اور جنوبی پشتونخوا میں اپنی آبادی کے باعث دوسرا بڑا ضلع ہے اور اس کے غیور عوام نے ہمیشہ پشتون قومی سیاسی تحریک میں فعال سرگرم اور تاریخی کردار ادا کیا ہے فروری 2024 کے دھاندلی زدہ انتخابات میں ضلع پشین کے غیور عوام نے پشتونخوا یپ کے امیدواروں کی بھرپور حمایت کرکے بالخصوص قومی اسمبلی کی نشست پر پشتونخوا نیپ کو کامیابی دلائی جو آمر قوتوں اور کاسہ لیسوں نے زور زبردستی، رشوت خوری اور دھاندلی کے ذریعے چھین لی لیکن ہم ضلع پشین کے غیور عوام کی اس تاریخی اور بھرپور حمایت پر انکے شکر گزار ہیں انہوں نے کہا کہ پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے اپنی سیاسی و تنظیمی، سماجی و اجتماعی فعالیت کو دوبالا کرتے ہوئے پارٹی اداروں کو مضبوط اور بروقت اجلاسوں اور انکے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنانا ہوگا اور مثبت تعمیری تنقید اور اپنے نظریاتی و علمی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہوگا اور ساتھ ہی منفی رویے اور منفی طرز عمل سے ہر حالت میں اجتناب کرتے ہوئے بردباری اور برداشت کا مادہ پیدا کرنا ہوگا اور بالخصوص سوشل میڈیا کے منفی طرز استعمال سے اپنے آپ کو دور رکھنا ہوگا بلکہ ہر عہدیدار اور کارکن نے سوشل میڈیا کے مثبت استعمال کو مزید آگے بڑھانے اور وسیع کرتے ہوئے ہر فرد، گروہ، تنظیموں اور سیاسی جمہوری پارٹیوں کی قیادت، کارکنوں اور تمام عوام کی عزت و احترام کو ہر صورت ملحوظ خاطر رکھنے کا مثبت رویہ اپنانا ہوگا

بقیہ 56 پی ایس ایل

3 لاکھ ڈالرز انعام دیا جائے گا۔ چیئرمین پی سی بی نے کہا کہ کرکٹ ڈویلپمنٹ کے لیے کام کرنے والی بہترین فرنچائز کو 2 لاکھ ڈالرز کا انعام ملے گا، آئیں سب مل کر کرکٹ کو نئی بلندیوں پر لے کر چلیں۔

بقیہ 57 وزیراعظم

کی نجکاری ہوگی، نجکاری کی شرط ہے کہ نجکاری کے بعد قومی ایئرلائن کا نام اور اس کی تقسیم نہیں بدلی جائے گی۔ اس پر وزیراعظم نے قومی ایئرلائن کی نجکاری کے تمام مراحل تیز اور شفاف طریقے سے مکمل کرنے کی ہدایت جاری کی۔ اس کے علاوہ وزیراعظم نے فضائی بیڑے میں پرواز کے قابل طیاروں کی تعداد بڑھانے کا لائحہ عمل تیار کرنے اور پروازوں کی بروقت روانگی یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 58 ضمنی انتخابات

مانیٹرنگ آفیسر نے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر سینیٹر رانا ثناء اللہ کو (آج) 22 نومبر کو وضاحت کیلئے طلب کیا گیا ہے۔

بقیہ 59 مکمل ہوجائے۔

ت جن میں عمارتوں کی مرمت، یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی، ملازمین کے معاملات، نئے پروجیکٹس کے اخراجات، آمدنی اور ترقیاتی سرگرمیوں کے بارے میں بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیئرمین سینیٹ اسٹینڈنگ کمیٹی برائے ہاؤسنگ اینڈ ورکس ناصر محمود نے کہا کہ فیڈرل لاجز کی صفائی ستھرائی کی حالت ناگفتہ بہ ہے اس پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے تاکہ رہائشی کوارٹرز کی حالت بہتر بنائی جاسکے۔ اس حوالے سے انہوں نے ڈی جی اور جوائنٹ سیکرٹری کو ہدایات جاری کی کہ وہ اس سلسلے میں فوری اقدامات کرے۔ تاکہ سرکاری آفیسران ہوٹلوں میں رہنے کے بجائے سرکاری کوارٹرز کا رخ کریں اور اس سے سرکاری محکموں کے اخراجات میں واضح کمی آئے گی۔ بعدازاں پی ایچ اے۔ ایف رہائشی پروجیکٹ کے منیجنگ ڈائریکٹر محمد شاہد نے پروجیکٹ کے معاملات جن میں پروجیکٹ کنسٹرکٹرز، الاٹیز، اور این او سی سے متعلق معاملات پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی نے کہا کہ پروجیکٹ ٹھیکیداروں کو اپنے شیڈولڈ ٹائم ٹیبل کے مطابق اپنے ٹھیکے مکمل کرنے ہوں گے اسی طرح ایم ڈی پی پروجیکٹ کو بھی چاہئے کہ وہ ٹھیکیداروں کو ادائیگی بروقت کیا کریں تاکہ پراجیکٹ کے کام مقررہ مدت میں مکمل ہوجائے۔

بقیہ 60 فرد واحد کو دیے

کے اراکین نے خطاب کرتے ہوئے کارکنوں پر زور دیا کہ وہ 2 دسمبر کے جلسہ عام کی بھرپور تیاری کرتے ہوئے گھر گھر عوامی رابطہ مہم کے ذریعے عوام کو جلسہ میں شرکت کی دعوت دیں اور اپنی تنظیمی سیاسی سرگرمیوں میں اضافہ کرتے ہوئے جلسے کی کامیابی کیلئے شب و روز محنت کریں مقررین نے کہا کہ 27 ویں آئینی ترمیم آئین پاکستان کے روح اور 23 مارچ 1940 کی قرارداد اور پاکستان کی دھجیاں اڑانے کے مترادف اور سریحاً پامالی ہے یہ ایک حقیقت ہے کہ پہلے دن سے آئین کے بنانے میں رکاوٹیں اور 23 سال تک ملک کو متفقہ آئین سے محروم رکھنے اور پھر 1973 کے متفقہ آئین کو قوتوں کے ہاتھوں مسلسل پامالی جاری رہی آج فارم 47 کے غیر منتخب مسلط پارلیمنٹ سے آئینی ترامیم جس میں ملک کے تمام آئینی اداروں کے اختیارات فرد واحد کو دیے گئے ہیں

بقیہ 61 افسوس کا اظہار

جلد صحت یابی کی تمنا کی۔ انہوں نے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں پاکستانی قوم بنگلہ دیش کے عوام کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ان کی ہر ممکن مدد کی جائے گی۔ صدر زرداری نے ڈھاکا میں عمارتوں کے جزوی انہدام، ملبہ گرنے اور بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصان پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ زلزلے کے نتیجے میں ہونے والی تباہی کا اندازہ کرتے ہوئے پاکستان بنگلہ دیش کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ کھڑا ہے

بقیہ 62 پر نظرثانی کا فیصلہ

میں اضافہ ہو اور چین کے ساتھ تجارتی تعلقات مضبوط ہوں۔ پاکستان اور چین کے درمیان اپریل 2019 میں آزاد تجارت کا معاہدہ طے پایا تھا، جس کے تحت پاکستان 313 مصنوعات کو چین میں ڈیوٹی فری برآمد کررہا ہے۔ اب نظرثانی کے بعد توقع ہے کہ یہ معاہدہ پاکستانی مصنوعات کے لیے مزید سازگار اور متوازن ہوجائے گا۔

بقیہ 63 تین ڈاکو ہلاک

لد شریف، اور منور ولد دائم، سب قوم اوڈھ، ساکنان ضلع فیصل آباد۔ ابتدائی تحقیقات کے مطابق، ہلاک ہونے والے ڈاکو چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں میں ملوث تھے۔ واضح رہے کہ چند عرصہ قبل اسی علاقے کے گاؤں چک نوانہ میں ن لیگ کے ممبر صوبائی اسمبلی چیف وہپ پنجاب اسمبلی الحاج رانا محمد ارشد کے گھر بھی مبینہ ڈکیتی کی بڑی واردات ہوئی تھی

بقیہ 64 پورتیاریاں

لادینی اور وفاق میں برابری کی جدوجہد کرتی آرہی ہے آج ملک مجموعی طور پر معاشی بدحالی سیاسی عدم استحکام دہشت گردی انتہا پسندی اور امن وامان کی بگڑتی صورتحال جیسے بڑے چیلنجز کا شکار ہے ایسے میں پارٹی کی مضبوط فلسفہ اور نظریاتی جدوجہد عوام کو نئی امید اور نئی سمت فراہم کرے گی اور حالات چاہے کتنے ہی گھمبیر یا مشکل کیوں نہ ہوں شہداء وطن اور پارٹی قائدین نے جو اصول مشن اور اہداف متعین کئے ان کے حصول کیلئے کسی قربانی سے پیچھے نہیں ہٹیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے عوامی نیشنل پارٹی تحصیل اغبرگ کابینہ کے اجلاس سے خطاب کے دوران کیا جس میں ضلعی صدر ثناء اللہ کاکڑ ملک احسان اللہ بازئی اور نقیب اللہ ماما نے بھی شرکاء سے گفتگو کی اجلاس میں 23 نومبر کے جلسہ عام کی تمام انتظامی و تنظیمی تیاریاں سیکورٹی کے امور یونٹس کی کارکردگی رپورٹس کارکنان کی ذمہ داریوں اور عوامی شرکت کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور بنیادی یونٹس کو متحرک کرنے پر زور دیا گیا اجلاس میں اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ جلسہ عام کو ہر لحاظ سے تاریخی اور کامیاب بنایا جائے گا لہٰذا اکارکن اور عہدیداران بھرپور تیاریاں جاری رکھیں۔

بقیہ 65 عطا تارڑ

ت نے آذربائیجان کی حکومت اور صدر الہام حیدر علیوف کی متحرک قیادت اور وژن کو سراہتے ہوئے کہا کہ آج ہم خطے کے تعاون اور اشتراک عمل کے اس اہم اجتماع میں شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آذربائیجان نے ڈی ایٹ میں شامل ہونے کے بعد بھرپور توانائی کے ساتھ اپنا کردار ادا کیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ یہ وقت کی اہم ضرورت ہے کہ ترقی پذیر ممالک کے مثبت بیانیہ کو دنیا کے سامنے پیش کیا جائے اور اپنی کامیاب کہانیاں درست انداز میں دنیا تک پہنچائی جائیں۔ انہوں نے زور دیا کہ عالمی میڈیا منظرنامہ بے مثال تبدیلی کے دور سے گزر رہا ہے اور سیاسی، معاشی، ماحولیاتی اور انسانی بحران اب جدید ٹیکنالوجی اور جدید مواصلاتی ذرائع کی وجہ سے پہلے سے کئی گنا تیزی سے پھیل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے روایتی پرنٹ میڈیا کو الیکٹرانک میڈیا میں تبدیل ہوتے ہوئے دیکھا، یہ تدریجی ارتقا تھا جو ایک منظم اور ساختیاتی عمل کے تحت وجود میں آیا۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرانک میڈیا سے ڈیجیٹل میڈیا تک آنے والا دوسرا ارتقا، اپنے ہی ماحول میں اپنی ہی رفتار کے خود بخود وقوع پذیر ہوا، دنیا اس وقت دو طرح کے لوگوں میں تقسیم ہوچکی ہے، ڈیجیٹل امیگرنٹس اور ڈیجیٹل نیٹوز اور یہ تقسیم ایک خوبصورت حقیقت ہے کیونکہ ڈیجیٹل میڈیا آج تیز ترین مواصلاتی ذریعہ بن چکا ہے

بقیہ 66 انتخابی عمل سے

حول پیدا کرنے کی بجائے شہر میں خوف وہراس اور غیر ضروری پابندیوں کی فضاء قائم کررہی ہے جو صاف اور شفاف الیکشن پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ دفعہ 144 کا نفاذ موبائل اور انٹرنیٹ سروس کی بندش اجتماعات پر پابندیاں اور سیکورٹی کے نام پر غیر معمولی اقدامات اس بات کا ثبوت ہیں کہ حکومت خود منصفانہ انتخابی عمل سے خوفزدہ ہے

بقیہ 67 باہر احتجاج ہوئے

نعرے لگانے کے اعلان کے سلسلے میں کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام اضلاع جنوبی پشتونخوا میں سیاہ جھنڈے لہرانے، بازوؤں پر پٹیاں باندھنے اور مساجد کے باہر پرامن احتجاج ریکارڈ کرایا گیا۔ جبکہ کوئٹہ میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کا انتظامیہ پولیس کی جانب سے گھیراؤ کیا گیا تھا۔ اس سلسلے میں کوئٹہ، پشین، قلعہ عبداللہ (گلستان عنایت اللہ کاریز)، لورالائی، ہرنائی، زیارت (سنجاوی) شیرانی، ژوب، سبی، قلعہ سیف اللہ میں مساجد کے باہر احتجاج ہوئے

بقیہ 68 انسداد منشیات

ن سمیت فرنٹیئر کور، اینٹی نارکوٹکس فورس (ANF) اور ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن و اینٹی نارکوٹکس کے افسران و اہلکاروں نے مشترکہ طور پر حصہ لیا۔ ٹیموں نے مختلف مقامات پر وسیع رقبے پر کاشت بھنگ کی فصل تلف کردی کارروائی کے دوران متعلقہ مواد بھی قبضے میں لیا گیا۔ محکمے کے مطابق یہ اقدام خطے میں جاری انسداد منشیات مہم کا حصہ ہے

بقیہ 69 حافظ نعیم الرحمان

، مزدوروں، کسانوں اور نوجوانوں کی آواز بنیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اجتماع کے تیسرے دن میں لائحہ عمل کا اعلان کروں گا، کشمیر پر ہم سودے بازی نہیں کرنے دیں گے، بھارت سے جب جنگ ہوئی تو سب ایک ہوگئے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ ہم سیاست کو عبادت سمجھ کر کرتے ہیں، ہم فرقہ واریت پر یقین نہیں رکھتے، مذہبی اور مسلکی گروہ نہیں، دینی تحریک ہیں، دین کا مطلب نظام ہوتا ہے۔

بقیہ 70 فعال اور منظم

کھیازئی، انجینئر میر احمد لانگو، طیب بلوچ سے بات چیت کرتے ہوئے کہی ملاقات کے دوران ملک اور صوبے کی سیاسی صورتحال، تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ سردار محمد عمر گورگیج اور ربانی خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان میں پاکستان پیپلز پارٹی کی مخلوط حکومت عوام کی خدمت کررہی ہے پیپلز پارٹی کے دور حکومت بلوچستان میں ریکارڈ ترقیاتی کام ہوئے ہیں جن کی ماضی میں کوئی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ عوام کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کی اور کبھی بھی اصولوں پر سودے بازی نہیں کی اور نہ آئندہ کریگی انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر آصف علی زرداری اور فریال تالپور کی قیادت میں پیپلز پارٹی چاروں صوبوں میں فعال اور منظم ہے

بقیہ 71 فروشان گرفتار

14 مقدمات میں مطلوب تھا تفصیلات کے مطابق ملزم ڈسٹرکٹ لورالائی میں 4، دکی میں 6 اور موسیٰ خیل میں 4 مقدمات میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کو مطلوب تھا۔ اس کے خلاف قتل (302) کے ایک سنگین مقدمے میں بھی لیویز اہلکار کو شہید کرنے کا الزام ہے۔ انتظامیہ نے اس کامیاب کارروائی پر لیویز فورس کو سراہا ہے، جبکہ مزید تفتیش جاری ہے تاکہ ملزم کے دیگر ساتھیوں تک بھی رسائی حاصل کی جاسکے۔ یہ گرفتاری قانون نافذ کرنے والے اداروں کی مستعدی اور مجرمانہ عناصر کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کا واضح ثبوت ہے دریں اثناء لورالائی پولیس اور سی آئی اے کا کریک ڈاؤن جاری ہے۔ اس دوران 5 منشیات فروش گرفتار، پسٹل برآمد ایک اور کارروائی میں ایک شخص گرفتار قبضے سے مشین گن برآمد، ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس لورالائی ریج جنید احمد شیخ کے احکامات پر ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر عثمان کی ہدایات پر زیر نگرانی ایس ڈی پی او کریم مندوخیل ایس ایچ او و تھانہ شہید محمد اشرف ترین سٹی لورالائی انسپکٹر ہمایوں ناصر، سی آئی اے انچارج سب انسپکٹر ممتاز احمد کی سربراہی میں ایڈیشنل ایس ایچ او محمد خان باتوزئی ہمراہ پولیس اور سی آئی اے لورالائی نے منشیات فروشوں کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 منشیات فروشان کو گرفتار کرلیا

بقیہ 72 26 فیصد اضافہ

گیں، جو گزشتہ سال اسی عرصے میں 4.79 ملین ڈالر تھیں۔ اس دوران مجموعی برآمدی حجم 3 کروڑ 99 لاکھ 30 ہزار کلوگرام تک پہنچ گیا۔ صنعتی ماہرین نے اس اضافے کو بہتر تجارتی سہولیات اور پاکستان کے ہمالیائی گلابی نمک کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے منسوب کیا ہے، جو اپنی معدنی خصوصیات اور موثر برانڈنگ کی وجہ سے چین میں تیزی سے پذیرائی حاصل کر رہا ہے۔ یہ اعداد و شمار اس وقت جاری کیے گئے ہیں جب کراچی میں اگلے ہفتے (25 تا 27 نومبر) فوڈ اینڈ ایگری ایکسپو کا انعقاد ہونے جارہا ہے۔

بقیہ 73 زبان استعمال

قوم اور اسمبلی پالیسی بیان میں اسے سچ ثابت کریں وہ ہمیشہ بے تکے بیانات کا سہارا لیتے ہیں ان میں نہ علامہ اقبال مولانا عبدالحکیم سیالکوٹی اور نہ ہی جدوجہد آزادی کے ہیرو مولانا عبیداللہ سندھی کا ہی اثر رہا انہوں نے کہا کہ خواجہ آصف صدر ٹرمپ کی زبان میں بات کرتے ہوئے اسے خوش کرتے ہیں موصوف سیالکوٹ سے ایک عورت ریحانہ ڈار سے الیکشن ہارے ہوئے ہیں اور قبضہ تو دراصل انہوں نے ہی کیا ہے شہباز شریف کا پرائم اور حکومت قبضہ گیر مافیا پر مشتمل ہے انہوں نے کہا کہ سابق صدر مشرف بھی امریکی صدر کو خوش کرنے کیلئے یہی زبان استعمال کرتے تھے لیکن آج وہ خود رو رہے

بقیہ 74 نہاد اداروں کی

من معاہدے کی کھلی خلاف ورزی ہے جس کا اظہار اقوام متحدہ نے بھی کیا اور معاہدے کی ضامن حکومتوں کی اسرائیلی خلاف ورزیوں پر خاموشی سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ کے دوغلہ پن و مسلم دشمن پالیسوں کی وجہ سے یہ سب کچھ ہورہا ہے جس پر مسلم حکمرانوں کی خاموشی قابل مذمت ہے انہوں نے کہا کہ اسرائیلی وزیراعظم عالمی عدالت کے فیصلہ کے تحت سزایافتہ مجرم ہیں عالمی عدالت انہیں گرفتار کرکے مقدمہ چلائے جمعیت نظریاتی کے رہنماؤں نے کہا کہ امریکہ اور امن معاہدے امن ممالک سے اسرائیلی غنڈہ گردیوں معاہدہ کی بار بار خلاف ورزیوں فلسطین میں بمباریوں اور قتل عام کانوٹس لیں انہوں نے کہا کہ اسلامی ممالک اسرائیل کی غزہ پر دہشتانہ بمباری سے امن معاہدے کی خلاف ورزی پر او آئی سی اجلاس بلائے عالم اسلام کے حکمران فلسطین میں اسرائیل بربریت روکنے کیلئے لائحہ عمل طے کریں اور اسرائیلی مظالم دیکھ دیکھ و خاموشی کو ترک کریں اسرائیل کی جنگی جرائم، نسل کشی اور انسانیت کے خلاف جرائم پر انسانی حقوق کے نام نہاد اداروں کی آنکھوں پر پٹی بندھی ہوئی ہے

آن لائن انتہا پسندی معاشرتی تباہی کیلئے بڑا خطرہ ہے، عطاء تارڑ

پاکستان کا میڈیا منظر نامہ مثبت سمت میں تیزی سے ترقی کر رہا، حکومت قومی نشریاتی اداروں کو مضبوط بنا رہی ہے

نئی نسل خصوصاً جنریشن زی کو میڈیا لٹریسی اور درست معلومات کی تعلیم دینا وقت کی ضرورت ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (زاہد خان) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کا میڈیا منظر نامہ مثبت سمت میں تیزی سے ترقی کر رہا ہے، حکومت پروقت اور موثر ابلاغ کے لئے قومی نشریاتی اداروں کو مضبوط بنا رہی ہے، اس کے خلاف شرانگیز پراپیگنڈا کرنے والوں کو بے نقاب کیا جائے گا، جنریشن زی کو میڈیا لٹریسی اور درست معلومات کی تعلیم دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جمعہ کو پیمرا میں میڈیا لٹریسی کی ضرورت ہے، آن لائن انتہا پسندی معاشرتی تباہی کیلئے بڑا خطرہ ہے، حکومت ہر وقت اور موثر ابلاغ کے لئے قومی

گورنر بلوچستان جسٹس (ر) امیر محمد خان کی قیادت میں مسلم لیگ (ن) کے وفد نے وزیر اعظم شہباز شریف سے ملاقات کی، وزیر اعظم کے ساتھ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال بھی موجود ہیں

حکومتی اقدامات شفاف الیکشن پر سوالیہ نشان ہیں، مولانا عبدالرحمان رفیق

حکومت خود منصفانہ انتخابی عمل سے خوفزدہ ہے، میں اللہ شمس، مولانا خورشید احمد

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عبدالصمد کاکڑ، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی شیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، حاجی عبدالواحد اچکزئی عمل سے خوفزدہ ہے، میں اللہ شمس